مذکورہ صدر کتب درحقیقت چھ کتابیں ہیں کیونکہ ہر کتاب کے ساتھ مبسوط اردو شرح ہے۔ اُردو شرح کی وجہ سے عربی متونِ ثلاثہ کا پڑھنا، پڑھانا اور مطالعہ آسان اور سہل تر ہوگیا ہے۔ ولِلّٰہ الحمد والمنۃ .

اللہ تعالیٰ مؤلف مولانا روحانی بازی صاحب کی یہ محنت شاقہ اور خدمتِ علمیہ قبول فرما کر علماء و طلبہ کے لئے مفید و نافع بنائے۔ آمین۔

امید ہے کہ اپنے وعدہ کے مطابق وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی نصابی کمیٹی اور مجلس شوریٰ کے معزز و محترم علماء کرام و مشائخ عظام، نیز تمام منتظمین مدارس عربیہ و جامعات عربیہ اور سرکاری کالج ان تینوں کتابوں کو شاملِ نصاب فرما کر ان کتابوں کی قدر دانی فرمائیں گے۔

والسلام

(محترم مولانا) محمد عبید اللہ (صاحب) مہتمم جامعہ اشرفیہ، لاہور

۱۰ ربیع الثانی ۱۴۱۱ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامداً و مصلیاً و مسلماً

تعارف

سینکڑوں سال سے کل ایشیا کی درسگاہوں میں عموماً اور برصغیر کی درس گاہوں اور مدارس اسلامیہ میں خصوصاً دیگر علوم اسلامیہ و فنون علمیہ کے ساتھ ساتھ علمِ ہیئتِ قدیمہ یونانیہ (ارسطویہ بطلیموسیہ) بھی پڑھایا جاتا رہا موجودہ زمانے میں ہیئت قدیمہ کے بہت سے اصول باطل اور غلط ثابت ہو چکے ہیں۔

اس لئے مدارس اسلامیہ کے نصاب کتب میں ہیئتِ جدیدہ کو برنیکسیہ داخل کرنا ناگزیر ہے۔

ہیئتِ جدیدہ کو مدارس اسلامیہ کے نصابِ کتب میں داخل کرنا اور اس کی تدریس کو باقاعدہ جاری کرنا انسب بلکہ لازم ہے۔

اوّلاً

تو اس لئے کہ ہیئت جدیدہ وقت کی اور زمانۂ حال کی اہم ضرورت ہے۔

ثانیاً

اس لئے کہ ہیئت جدیدہ کے بہت سے اصول و مسائل نہ صرف قرآن و حدیث کے موافق ہیں بلکہ ان میں قرآن وحدیث کے کئی مغلق مباحث کی مکمل توضیح و شرح اور حل موجود ہے۔

اس ضرورت کے پیش نظر وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس شوریٰ اور اس کی نصابی کمیٹی میں شریک معزز علماء کرام و مشائخ عظام نے بالاتفاق میری کتاب "فلکیات جدیدہ"، جو اردو میں ہے، کو تمام مدارسِ پاکستان میں پڑھنے پڑھانے کیلئے اور نصابی کتب میں شامل کرنے کیلئے منتخب فرمایا۔

شاید اس کی وجہ اوّلاً یہ ہے کہ کتاب "فلکیات جدیدہ" کے ابواب و مسائل کی ترتیب اور اس کا اسلوب بیان نہایت مناسب و اعلیٰ ہے۔

ثانیاً اصولِ فن و مسائلِ فن کے پیش نظر جامع و کامل ہونے کے علاوہ اس کا اسلوبِ بیان

نہایت سہل ہے۔ اگر اسے سہل ممتنع کہا جائے تو یہ دعویٰ بے جا نہ ہو گا۔

اس بندۂ فقیر تک غائبانہ طور پر معتبر راویوں کے ذریعہ یہ بات پہنچی ہے کہ فن ہذا کے کئی ماہرین پروفیسروں کا کہنا ہے کہ کتاب "فلکیات جدیدہ" کا اسلوبِ بیان اتنا آسان اور زبان اتنی دلچسپ اور عام فہم ہے کہ اب اس کتاب کے طفیل یہ فن عوامی فن بھی بن گیا اور خواص و ماہرین سے فن ہذا کا اختصاص باقی نہ رہا اور یہ بے مثال کمال ہے جو مصنفِ کتاب ہذا کو حاصل ہے۔

ثالثاً

فنِ ہذا میں کتاب "فلکیات جدیدہ" کے علاوہ برصغیر کے علماء اسلام میں سے کسی اور عالم دین نے کوئی کتاب تصنیف نہیں کی۔

چنانچہ اراکین وفاق المدارس العربیہ کے انتخاب کے بعد کتاب "فلکیات جدیدہ" بہت سے مدارس میں پڑھائی جانے لگی۔

یہ فن نیا ہے اور اکثر علماء مدارس اسلامیہ اس فن سے ناآشنا ہیں۔ اس واسطے بہت سے مدارس کے اساتذہ وقتاً فوقتاً کچھ وقت نکال کر میرے پاس سبقاً سبقاً کتاب "فلکیات جدیدہ" پڑھنے کیلئے آتے رہتے ہیں۔

چند سال قبل (شاید ۱۹۸۴ء میں) شہر ملتان میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی کمیٹی برائے نصابِ کتب (جس کا ایک رکن یہ عاجز فقیر بھی ہے) کے معزز ارکان کے کتبِ نصاب کے انتخاب پر غور و فکر کرنے کیلئے کئی اجتماعات اور نشستیں ہوئیں۔

کمیٹی کے معزز اراکین نے اس فقیر عاجز سے اس بات کی خواہش کا اظہار فرمایا کہ کتاب "فلکیات جدیدہ" اگرچہ نصابی کتب میں داخل کر دی گئی ہے لیکن وہ اردو میں ہے اور مدارسِ عربیہ کیلئے نصابی کتب کا لغت عربی میں ہونا زیادہ مفید اور زیادہ مناسب ہے۔

چنانچہ انہوں نے اس بندہ فقیر کو حکم دیا کہ میں مدارسِ عربیہ کیلئے علم ہیئت جدیدہ میں لغت عربی میں نصابی کتب کے طرز و منہاج پر کتاب تالیف کروں۔

ان علماء کرام و افاضل عظام نے یہ بھی فرمایا کہ کسی فن میں مہارت حاصل کرنے کیلئے ایک کتاب کافی نہیں بلکہ کم از کم دو کتب تو چاہئیں۔ ایک صغیر اور دوسری کبیر۔

نیز انہوں نے یہ بھی فرمایا کہ اُردو میں ان کی شرح بھی ضروری ہے کیونکہ علم ہیئت جدیدہ علماء کیلئے نیا فن ہے۔ لہٰذا اس فن کے پڑھنے پڑھانے اور مطالعہ کی تسہیل کیلئے اُردو شرح بہت ضروری ہے۔

فن ہذا میں اس سے قبل اس فقیر بندہ نے کئی کتب عربی میں تالیف کی تھیں لیکن نصابِ مدارس عربیہ کیلئے جیسا کہ علماء کرام جانتے ہیں خاص منہاج اور مخصوص طرز جو نصابی کتب کی خصوصیت ہے کی کتاب ہونی چاہئے۔ چنانچہ بزرگوں کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے **توکّلاً علی اللہ وعلی توفیقہ** اس عاجز فقیر نے ہیئت جدیدہ میں تین کتب مع مبسوط اردو شرح تالیف کیں۔

الحمد للہ ثم الحمد للہ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل خاص سے ان کی تکمیل کی توفیق بخشی۔

یہ تینوں کتب نصاب کتب کمیٹی کے معزز اراکین اور جملہ علماء و منتظمین مدارس عربیہ و جامعات اسلامیہ و اصحاب علم و دانش کی خدمت میں پیش ہیں۔

(۱) اوّل کا نام ہے ہیئتِ صغریٰ۔ اس کی شرح کا نام ہے **مدارُ البُشریٰ**۔

(۲) دوم کا نام ہے ہیئتِ وسطیٰ۔ اس کی شرح کا نام ہے **النجوم النشطی**۔

(۳) سوم کا نام ہے ہیئتِ کبریٰ۔ اس کی شرح کا نام ہے **سماءُ الفکریٰ**۔

ان کتابوں کی تالیف میں کئی مرتبہ نہایت عظیم وطویل الزمان موانع در پیش ہوئے جن کا ذکر یہاں مناسب نہیں۔ ان ناگزیر اعذار کی وجہ سے ان کتابوں کی طباعت میں کافی تاخیر ہوئی " دیر آید خوب آید و درست آید " کا محاورہ مشہور رہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ یہ تینوں کتابیں (بلکہ یہ چھ کتابیں) علماء وطلبہ و اہل فن میں مقبول ہو کر نافع بن جائیں۔ آمین ثم آمین۔

امید ہے کہ وفاق المدارس العربیہ کی مجلس شوریٰ اور نصابی کمیٹی کے ارکان علماء کرام و مشائخ عظام ان کتب ثلاثہ کو پسند فرمائیں گے اور حسبِ وعدہ نصابِ کتب مدارس عربیہ میں داخل کر کے مدارسِ عربیہ وجامعات اسلامیہ میں ان کتبِ ثلاثہ کی تقرری اور ان کے پڑھنے پڑھانے کی تاکید فرمائیں گے۔

والسلام

فقیر محمد موسیٰ روحانی بازی، عفا اللہ عنہ

استاذ جامعہ اشرفیہ، لاہور

شب جمعہ ۱۳ شعبان ۱۴۱۱ھ ہجری

۲۸ فروری ۱۹۹۱ء

كُلٌّ فِي فَلَكٍ يَسْبَحُونَ

الهَيئَةُ الصُّغْرٰى

مع شرحها

مَدَارُ البُشْرٰى

كلاهما لإمام المحدّثين نجم المفسّرين زبدة المحقّقين
العلّامة الشّيخ مولانا محمّد موسىٰ الرّوحانى البازى
رحِمهُ الله تعالىٰ وطيّب آثاره

إدارةُ التّصنيف والأدب

الحمد للہ وکفیٰ والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ المجتبیٰ وعلیٰ آلہ واصحابہ نجوم الھدیٰ امّا بعد فھٰذا کتاب صغیر فی علم الفلک الحدیث سمّیتہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی ونسلم علیٰ رسولہ الکریم۔ امّا بعد۔ اہلِ علم واصحابِ فنِ ہیئت کی خدمت میں عرض ہے کہ یہ کتاب موسوم بہ "مدار البشریٰ" میری کتاب ہیئتِ صغریٰ، کی اردو شرح ہے۔ لغتِ اردو میں اس کی شرح تالیف کرنے کا مقصد یہ ہے کہ طلبہ واہل علم کے لیے فنِ ھٰذا کا سمجھنا آسان ہوجائے۔ اللہ تعالیٰ اپنی وسیع رحمت سے متن وشرح دونوں کو طلبۂ علم کے لیے نافع ومفید اور علماء کے مابین مقبول ومحبوب بنادے۔ آمین

قولہ فی علم الفلک الحدیث الخ۔ حدیث کا معنی ہے جدید۔ نیا۔ علم الفلک نام ہے علمِ ہیئت کا۔ علم الفلک الحدیث سے علم ہیئتِ جدید مراد ہے۔ علم ہیئت دو قسم پر ہے

بالھیئۃ الصغریٰ جعلہ اللہ تعالیٰ مقبولاً فی المعلمین ونافعاً للمتعلمین انہ مجیب الدّاعین و راحم المسترحمین ۔

ایک علم ہیئتِ قدیم ہے۔ اور دوسرا علم ہیئتِ جدید ہے۔ ہیئتِ قدیم کو ہیئتِ یونانیہ کہتے ہیں۔ ارسطو وبطلیموس ہیئتِ یونانیہ کے بڑے امام سمجھے جاتے ہیں۔ اور ہیئتِ جدید کا مؤسس کوپرنیکس پولینڈی ہے۔ ہیئتِ جدید و ہیئتِ قدیم کے اصول وفروع میں کئی وجوہ اور کئی امور کے لحاظ سے تفاوت وفرق ہے۔ یہاں چند امورِ فرق وتفاوت کا ذکر مناسب معلوم ہوتا ہے۔

امرِ اول۔ جدید ہیئت کا بانی ومؤسس کوپرنیکس فلکی پولینڈی (۱۵۴۳ء) شمار کیا جاتا ہے اگرچہ یہ صحیح نہیں۔ حق یہ ہے کہ یہ نظریہ مسلمان علماء نے پیش کیا تھا۔ ابواسحاق ابراہیم بن یحییٰ زرقالی اندلسی قرطبیؒ (۱۰۲۹ء - ۱۰۸۷ء) نے ہی یہ نظریہ ۱۰۸۰ء میں پیش کیا تھا۔ باقی قدیم ہیئت ارسطو وبطلیموس وغیرہ فلاسفۂ یونان کے نظریات پر قائم ہے۔

امرِ دوم۔ قدیم ہیئت میں زمین کو سارے عالم کا مرکز مانتے ہیں۔ اور جدید ہیئت والے کہتے ہیں کہ عالمِ جسمانی کا کوئی مرکز نہیں۔ البتہ نظامِ شمسی کا مرکز آفتاب ہے نہ کہ زمین۔

امرِ سوم۔ قدیم ہیئت والوں کی رائے میں سارا عالمِ جسمانی (کواکب وافلاک) زمین کے گرد متحرک ہے۔ اور جدید ہیئت والے اس دعویٰ کے منکر ہیں۔

امرِ چہارم۔ قدیم والے زمین کو ساکن وغیر متحرک مانتے ہیں۔ اور جدید والے کہتے ہیں کہ زمین بیک وقت دو حرکتوں سے متحرک ہے۔ اول محوری حرکت۔ دوم آفتاب کے گرد حرکت۔

امرِ پنجم۔ قدیم والے کہتے ہیں کہ شب وروز کے وجود اور کواکب کی یومیہ حرکت از مشرق بطرف مغرب کا سبب اصلی فلکِ افلاک (نویں آسمان) کی حرکت ہے۔ فلکِ افلاک از مشرق بجانب مغرب گردش کرتے ہوئے ایک دورہ ۲۴ گھنٹے میں مکمل کرتا ہے۔ اس کی متابعت میں تمام آسمان مع جملہ کواکب ونجوم کے از مشرق ۲۴ گھنٹے میں دورہ

پورا کرتے ہیں۔ اور جدید ہیئت والے کہتے ہیں کہ کواکب کی یومیہ حرکت از مشرق بطرفِ مغرب کا سبب زمین کی محوری حرکت (از مغرب بطرفِ مشرق) ہے۔

امر ششم۔ قدیم والوں کے نزدیک سالانہ گردش یعنی سال کے ظہور کا سبب آفتاب کی و فلکِ آفتاب کی حرکت ہے۔ اور جدید والوں کی رائے میں اس کا سبب آفتاب کے گرد زمین کی گردش ہے۔

امر ہفتم۔ قدیم والوں کے نزدیک تمام سیّارے و ثوابت تارے ایک بڑے جسم (آسمان) جو زمین پر چاروں طرف سے محیط ہے میں ایسے مرتکز اور گاڑے ہوئے ہیں جس طرح نگینہ انگوٹھی میں ثبت ہوتا ہے۔ اور جدید والوں کے نزدیک تمام اجرام فلکیہ کھُلی فضا میں معلّق ہیں بغیر کسی ظاہری سہارے کے۔

صورة اصطرلاب من مجلة صومر (ج ١٣) سنة ١٩٥٧

فصل

فِی النِّظَامِ الشَّمْسِیِّ

○ الشمسُ نجمٌ مثل سائرِ النجومِ السماویۃِ مضیئۃٌ

فصل

قولہ فی النظام الشمسی الخ ۔ ہم اور ہماری زمین جس عالم کے تابع ہیں وہ عالمِ شمسی اور نظامِ شمسی کہلاتا ہے ۔ عالمِ شمسی آفتاب اور نو سیّاروں ۔ چالیس سے زیادہ اقمار (چاند) بے شمار شہبِ ثاقبہ اور سینکڑوں دُم دار تاروں پر مشتمل ہے ۔ یہ عالمِ شمسی اپنے ارکان سمیت کہکشاں کا جزء ہے ۔ رات کو اُفق کے ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک مَدّھم روشنی کی ایک پٹّی فضا میں نظر آتی ہے ۔ یہ مجرّہ اور کہکشاں کہلاتی ہے ۔ دوربین سے اس میں واضح طور پر لاکھوں اور اربوں ستارے نظر آتے ہیں ۔ زیادہ فاصلے پر واقع ہونے کی وجہ سے

بضیائِہا الذاتیّ کما انّ سائرَ النجوم مضیئۃٌ بضیائِہا الذاتیّ

اِلّا انّ للشمس نظاماً مستقلًّا من اَجرامٍ سماوِیّۃٍ تابعۃٍ للشمس حیث تدورحولَ الشمس فی طُرُقٍ فضائیّۃٍ اِہلیلجیّۃٍ تسعۃُ کواکبَ وہِیَ السیّاراتُ التسعُ

ویدورحولَ اکثرِ السیّارات فی طُرُقٍ فضائیّۃٍ

یہ ستارے گنجان نقطوں اور خطوط کی طرح نظر آتے ہیں۔

اس کہکشاں میں ہزاروں ستارے ہمارے سورج کی طرح سیاروں کا الگ نظام رکھتے ہیں۔ یعنی کئی کئی سیارے ان کے تابع ہوکر ان کے گرد گھومتے رہتے ہیں۔ ماہرین کہتے ہیں کہ ہماری اس کہکشاں سے آگے فضا بسیط میں ساڑھے تین کروڑ کہکشائیں موجود ہیں جن میں سے ہر ایک اربوں ستاروں پر مشتمل ہے۔ ہماری اس کہکشاں میں بقول جارج گیمو ایک کھرب ستارے موجود ہیں۔

قولہ کما انّ سائرَ النجوم الخ۔ فصل ہذا میں سورج اور نظامِ شمسی کی حقیقت بتلائی گئی ہے۔ سائر کا معنیٰ ہے کُل۔ باقی۔ لہذا سائر النجوم کا معنیٰ ہے کُل ستارے۔ یا سورج کے علاوہ بقیہ ستارے۔ ضیاء روشنی۔ اجرام کا معنیٰ ہے اجسام۔

حاصل کلام یہ ہے کہ رات کو بلند فضا میں جو بے شمار چمکتے ہوئے ستارے نظر آتے ہیں ہمارا سورج بھی ان ستاروں کے قبیل سے ہے۔ اور وہ بھی ان ستاروں کی طرح اپنی ذاتی روشنی سے روشن ہے۔ لہذا ذاتی روشنی پر مشتمل ہونے کے وصف میں سورج اور یہ تمام ستارے مشترک ہیں۔ البتہ ظاہری طور پر سورج اور ان ستاروں میں یہ فرق ہے کہ سورج کے علاوہ ستاروں کے بارے میں ہم قطعی طور پر یہ نہیں کہہ سکتے کہ ان میں سے کونسا ستارہ مستقل نظامِ سیارگان رکھتا ہے۔ لیکن ہمارا سورج بلا ریب ایک مستقل نظام رکھتا ہے۔ اس نظام کے تحت کئی اجرامِ سماویہ یعنی سیارات و اقمار سورج کے تابع ہیں۔

قولہ حیث تدور الخ۔ عبارت ھذا میں اجرامِ سماویہ کی تفصیل کے علاوہ یہ بتایا گیا

اقمارٌ ومن تلک الاقمار قمرُنا المعروف الذی یدور
حولَ الارض
وھذہ الطرق الفضائیّۃ تُسمّٰی مداراتٍ فلکلّ
سیّارٍ مدارٌ علیحدۃٍ کما انّ لکلّ قمرٍ مدارًا
برأسہ

السیّارات حول الشمس فی مداراتھا الاھلیلجیّۃ

ہے کہ وہ اجرامِ سماویہ کس طرح سورج کے تابع ہیں۔
خلاصۂ کلام یہ ہے کہ اجرامِ سماویہ جو سورج کے تابع ہیں سے مراد نو سیّارے اور متعدّد

فالكوكبُ الدائرُحولَ الشمس التابعُ لها يُسمّٰى عندهم سيّارًا والكُويكبُ الدائرُحولَ احدِالسّيّارات التسعِ التابعُ لبعضِها يُدعىٰ قمرًا

چاند ہیں۔ شہب اور دُم دار تارے بھی سورج کے تابع ہیں۔ لیکن اختصار کے پیشِ نظر فصلِ ھٰذا میں ان کا ذکر نہیں کیا گیا۔ پس سورج کے گرد بیضوی فضائی راستوں میں نو کواکب علی الدوام گھومتے رہتے ہیں۔ یہ نو کواکب نو سیّاروں کے نام سے مشہور ہیں۔ ان سیّاروں میں سے اکثر کے گرد فضائی راستوں میں ایک چاند یا ایک سے زیادہ چاند گردش کرتے ہیں۔ ان چاندوں میں یہ ہمارا معروف و مشہور چاند بھی داخل ہے۔ جسے ہم دیکھتے رہتے ہیں کہ وہ ایک مہینے میں زمین کے گرد گردش مکمل کرتا ہے۔

یہ فضائی راستے جن میں سیّارات و اَقمار گردش کرتے ہیں مدارات کہلاتے ہیں پس ہر سیّارے کی حرکت کا مدار الگ ہے جس میں وہ گردش کناں ہوتا ہے۔ اسی طرح ہر چاند الگ مدار رکھتا ہے۔

طُرُق جمع طریق ہے۔ راستہ۔ مدار۔ فضائیۃ نسبت ہے فضاء کی طرف۔ فضاء اوپر خلاء اور کھلی جگہ کو کہتے ہیں۔ اہلیلجیۃ سے مراد ہے بیضوی راستے۔ یہ نسبت ہے اہلیلج کی طرف۔ اہلیلج کا معنی ہے ہلیلہ۔ ہلیلہ معروف چیز ہے۔ مقصد یہ ہے کہ سیّارات کے مدار پوری طرح گول نہیں ہیں۔ بلکہ ان میں انڈے اور ہلیلے کی طرح کچھ طول ہے اسی وجہ سے یہ سیّارات گاہے سورج کے قریب ہوتے ہیں اور گاہے سورج سے دور تر۔

قولہ فالکوکب الدائرالخ۔ یاد رکھیے کہ لغتِ عربی میں کوکب و نجم دو مترادف لفظ ہیں۔ دونوں کا مصداق ایک ہی ہے۔ ہیئتِ قدیمہ کی کتابوں میں بھی یہ دونوں متحد المعنی ہیں۔ اسی طرح ہیئتِ جدیدہ کے بہت سے ماہرین بھی اپنی کتابوں میں یہ دونوں لفظ بطریقۂ ترادُف استعمال کرتے رہتے ہیں۔

لیکن زمانۂ حال کے کئی ماہرین ان دو لفظوں میں یہ فرق کرتے ہیں کہ ثوابت پر نجم و نجوم کا اطلاق ہوتا ہے نہ کہ کوکب و کواکب کا۔ اور سورج کے تابع سیّارے اور سیّارات پر

وَيُسَمّٰى مَجْمُوعُ الشَّمْسِ وَالسَّيَّارَاتِ التِّسْعِ وَالْاَقْمَارِ بِالنِّظَامِ الشَّمْسِيِّ وَبِالْعَالَمِ الشَّمْسِيِّ فَاِنَّ الشَّمْسَ مَرْكَزُ هٰذَا النِّظَامِ كُلِّهٖ

وَقَدْ اَثْبَتُوْا بَعْدَ الْبَحْثِ الدَّقِيْقِ اَنَّ كُلَّ جِرْمٍ مِنْ اَجْرَامِ النِّظَامِ الشَّمْسِيِّ كَانَ قِطْعَةً مِنَ الشَّمْسِ

کوکب وکواکب کا اطلاق کرتے ہیں نہ کہ نجم ونجوم کا۔

بعد ازیں تحقیق عبارتِ ھذا کا خلاصہ یہ ہے کہ جو کوکب سورج کے تابع ہو کر اس کے گرد گھومے اُسے وہ سیّار کہتے ہیں اور جو چھوٹا کوکب یعنی سیّارچہ کسی سیّارے کے گرد گھومے اس کے تابع ہو کر وہ قمر کہلاتا ہے۔ پس سیّارہ وہ ہے جو سورج کے گرد گھومتا ہے۔ اور قمر (چاند) وہ ہے جو سیّارے کے گرد حرکت کرے۔ اس طرح آفتاب۔ نو سیّاروں اور چاندوں کا مجموعہ نظامِ شمسی وعالمِ شمسی سے موسوم ہے۔

قولہ فانّ الشمس مرکز الخ۔ یہ تسمیہ بالنظام الشمسی کی دو وجوہ کا بیان ہی عبارتِ ھذا میں تفصیلِ کلام یہ ہے کہ اس عالم کا نظامِ شمسی سے موسوم ہونے کی دو وجوہ ہیں۔

۱۔ وجہ اوّل یہ ہے کہ آفتاب اس نظام کا مرکز ہے اور تمام سیّارے آفتاب کے گرد گھومتے ہیں۔ پس آفتاب کو اس نظام میں رئیسی حیثیت حاصل ہے۔ اس لیے یہ عالم نظامِ شمسی۔ سے موسوم ہوا۔ آگے عبارت میں دوسری وجہ کا بیان ہے۔

قولہ وقد اثبتوا بعد الخ۔ بحثِ دقیق سے مراد ہے گہری وتحقیقی بحث وتفتیش۔ قطعہ کا معنی ہے ٹکڑہ۔ زمانِ سحیق یعنی قدیم تر زمانہ۔ عبارتِ ھذا میں تسمیہ بالنظام الشمسی کی دوسری وجہ کا ذکر ہے۔

حاصلِ کلام یہ ہے کہ ماہرین سائنس میں سے ایک بڑے گروہ نے دقیق بحث وتفتیش کے بعد یہ نظریہ پیش کیا ہے کہ نظامِ شمسی کے تقریباً تمام اجسام یعنی کل سیّارات

فانفصلت هٰذہ القطعاتُ عنہا فی الزمن السحیق ثم صارت کلُّ قطعۃٍ من ھذہ القطعات کوکبًا تابعًا للشمس متحرّکًا فی النظام الشمسی
والسیّاراتُ بحذافیرھا والاقمارُ باسرھا خالیۃٌ

واقمار ماضی بعید میں یعنی اربہا سال قبل جسم شمس کے حصے واجزاء تھے۔ ہر سیارہ جسم شمس کا ایک ٹکڑا تھا۔ پھر کسی بڑے کائناتی حادثہ (ستاروں کے تصادم یا ان کے تجاذب) کی وجہ سے مادے کے بڑے بڑے ٹکڑے جسم شمس سے جدا ہوئے۔ پھر یہ آتشی ٹکڑے سورج کی قوتِ کشش سے سورج کے تابع ہو کر اس کے گرد خاص خاص مداروں میں گردش کرنے لگے اور پھر مدتِ طویلہ کے بعد ہر ایک قطعۂ مادہ نے سیارہ کا روپ دھار لیا۔ اس طرح نو سیاروں کی حرکت سے اور سیاروں کے گرد اپنے اپنے مداروں میں اقمار (چاند) کی گردش سے نظامِ شمسی کی تشکیل ہوئی پس نظامِ شمسی کے تمام اجرام چونکہ دراصل سورج کے اجزاء وقطعات ہیں اس لیے یہ نظام عالمِ شمسی ونظامِ شمسی سے موسوم ہوا۔

قولہ والسیّارات بحذافیرھا الخ۔ حذافیرھا ای کلھا۔ بأسرھا ای بجمیعھا۔ عبارتِ ھٰذا میں یہ بات بتلائی گئی ہے کہ تمام سیارے اور چاند اگرچہ بظاہر ہمیں سورج کی طرح چمکتے دکھائی دیتے ہیں۔ لیکن درحقیقت وہ ذاتی روشنی سے خالی ہیں۔ ان کی یہ نظر آنے والی روشنی عکس ہے سورج کی اُس روشنی کا جو اُن پر واقع ہوتی ہے۔

پس یہ تمام سیارے اور چاند روشنی بھی سورج سے حاصل کرتے ہیں، اور حرارت یعنی گرمی بھی سورج سے حاصل کرتے ہیں۔

ماہرین کہتے ہیں کہ اگر انسان کسی سیارے پر یا چاند پر پہنچ جائے، تو اسے زمین اسی طرح چمکتی ہوئی دکھائی دے گی سورج کی روشنی کے انعکاس سے جس طرح ہمیں زہرہ یا مشتری چمکتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ حالانکہ آپ دیکھتے ہیں کہ زمین مٹی سے بنی ہوئی ہے اور ذاتی روشنی سے خالی ہے۔

هذا الشكل يمثل نظرية لابلاس في تكوين العالم الشمسي

الشمس
عطارد
الزهرة
الأرض
المريخ
النجيمات
المشترى
زحل
اورانوس
نبتون
بلوتو

الشمس و السيارات مرسومة بمقياس واحد

السيارات مرتبة حسب بعدها عن الشمس و منها نرى كيف تتزايد أقدارها حتى المشترى ثم تتناقص . و المرسوم تبعا لمقياس واحد هو الأقدار فقط لا المسافات لأن هذه لو روعى فيها مقياس واحد لكانت الأرض على بعد ١١ ياردة و بلوتو على بعد $\frac{1}{2}$ ميل من الشمس .

عن النور الذاتيّ و انّما نورُها عكسُ الضّياءِ الشمسيّ الواقعِ عليها فهي تستفيدُ النورَ و الحرارةَ من الشمس ؂

قولہ واِنّما نورہا الخ ۔ سیّارات و اقمار کی طرف اضافتِ نور اور شمس کی طرف اضافتِ ضیار میں نور و ضیاء کے فرق کی طرف اشارہ ہے ۔ نور و ضیار کے فرق میں لغتِ عربیہ کے ماہرین کے اقوال مختلف ہیں :۔

قولِ اوّل ۔ بعض ماہرین فرق کے قائل نہیں ہیں ۔ وہ کہتے ہیں کہ دونوں مترادف ہیں ۔

قولِ دوم ۔ بعض کہتے ہیں کہ خانہ زاد یعنی اصلی روشنی ضیار ہے اور غیر سے مستفاد و ماخوذ روشنی کا نام نور ہے ۔ اس لیے قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَاءً وَّ الْقَمَرَ نُوْرًا سورج کی روشنی ذاتی ہے اور چاند کی روشنی آفتاب سے ماخوذ ہے ۔ اس لیے شمس پر ضیار کا اور چاند پر نور کا حمل کیا گیا۔ **قول سوم** ۔ بعض علمار کہتے ہیں کہ تیز اور شدید روشنی کا نام ضیار ہے کما یدلّ علیہ کلام القاضی البیضاوی رحمہ اللہ تعالیٰ ۔ اور کم روشنی کو نور کہتے ہیں ۔ اسی وجہ سے قرآن میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں جعل الشمس ضیاءً والقمر نورًا ۔ **فائدہ** ۔ قدیم فلاسفہ کی رائے یہ تھی کہ روشنی امر بسیط ہے ۔ یعنی وہ کسی سے مرکّب نہیں ہے ۔ مگر سر اسحاق نیوٹن برطانوی نے ثابت کیا کہ روشنی سات رنگوں کے امتزاج و اختلاط سے بنتی ہے ۔ وہ سات رنگ یہ ہیں ۔ بنفشی ۔ نیلا ۔ آسمانی ۔ سبز ۔ زرد ۔ نارنجی ۔ سُرخ ۔

حلّل نيوتن ضوء الشمس إلى ألوان الطيف ثم ضم ألوان الطيف بعضًا إلى بعض و ردّها جميعًا إلى اللون الأبيض

الألوان الثلاثة الأولية للاصباغ وهى الأصفر والأحمـر والأزرق ، يخلط اللونان منها فينتجان الأخضر أو البرتقالى أو الأرجوانى ، واذا خلطت الثلاثة خرج منها لون أسود ، الا اذا لم تتساو النسب المطلوبة لظهور السواد ، فيظهر مكانه اللون البنى عند زيادة الصفرة ، أو اللون الرمادى عند غلبة البياض .

المنشور الزجاجى ، و قد سقطت عليه أشعة الشمس البيضاء ، وهى مؤلفة من ألوان كثيرة انكسرت داخل الزجاج على درجات مختلفة ، و خرجت هكذا على زوايا مختلفة فتفرّقت و بسقوطها على ستار من ورق ظهر لونها . و هى لا ترى الا بسقوطها على مثل هذا الستار ، أما ما تراه بالصورة من ألوان ، فيدل ، لا على ما تتراءى به الأشعة ، و لكن على ما سوف تتراءى به اذا سقطت على الورقة البيضاء .

صورة الألوان الثلاثة الاولية للطيف الأخضر و الأحمر و الأزرق و ترى فيها تولد النيلى من مزج الأزرق و الأخضر و تولد الأصفر من مزج الأحمر و الأخضر و تولد الأرجوانى من مزج الأحمر و الأزرق و تولد الأبيض من مزج الثلاثة .

صورة ألوان قوس قزح

هٰذه صورة مجرّتنا والنظام الشمسی جزء منها

اعلم ان العالم الشمسی والنجوم المرئیۃ کلها اجزاء مجرّتنا التی هی فی صورۃ العجلۃ

وتلك المجرّۃ تدور حول مرکزها والشمس تبتعد عن مرکزها ۲۵۰۰۰ سنۃ ضوئیۃ وطول قطر هذہ المجرّۃ ۱۰۰۰۰۰ سنۃ ضوئیۃ وسمکها یبلغ ۲۰۰۰۰ سنۃ ضوئیۃ وقیل غیر ذلك

وقالوا فی الفضاء وراء مجرّتنا ۱۰۰۰ ملیون مجرّۃ تشتمل کل مجرّۃ منها علی نجوم لا تحصی

قولہ وتلك المجرۃ الخ۔ مجرّۃ بفتح میم وجیم وتشدید راء کا معنیٰ ہے کہکشاں۔ رات کو آسمان کی ایک جانب سے دوسری جانب تک پھیلی ہوئی سفید سڑک نما پٹی نظر آتی ہے یہ کہکشاں کہلاتی ہے۔ دوربین کے ذریعہ اس میں ایک کھرب تارے نظر آتے ہیں۔ عجلۃ بفتح عین وبفتح جیم (عند البعض جیم ساکن ہے) گاڑی کا پہیہ سمك موٹائی۔ عرض ضد طول۔ سنۃ ضوئیۃ وہ فاصلہ جسے روشنی ایک سال میں قطع کرتی ہے۔ روشنی کی رفتار فی سیکنڈ ہے ۱۸۶۰۰۰ میل۔ ملیون دس لاکھ۔

حاصل کلام یہ ہے۔ کہ عالم شمسی اور رات کو نظر آنے والے جملہ ستارے ہماری کہکشاں کے ارکان واجزاء ہیں۔ یہ کہکشاں بڑے پہیے یا بڑی روٹی کی شکل کی ہے۔ یہ کہکشاں سورج اور تمام ستاروں سمیت ایک مرکز کے گرد گھومتی ہے۔ جو تقریباً ۲۰ کروڑ سال میں ایک دورہ پورا کرتی ہے۔ سورج اس کے مرکز سے ۲۵ ہزار نوری سال کے فاصلہ پر واقع ہے۔ کہکشاں کا قطر ایک لاکھ نوری سال طویل ہے۔ اس کی موٹائی اور عرض ۲۰ ہزار نوری سال ہے۔ کہکشاں کے طول وعرض کی مقدار میں کچھ اختلاف ہے۔ دوربین میں ہماری کہکشاں سے وراء وراء بہت سی کہکشائیں نظر آتی ہیں۔

بقول ماہرین ان کہکشاؤں کی تعداد ہزار ملیون یعنی دس کروڑ ہے۔ ان میں سے ہر ایک کہکشاں ہماری کہکشاں کی طرح اربہا ستاروں پر مشتمل ہے۔ اسی طرح ہر ایک کہکشاں دوسری کہکشاں سے لاکھوں نوری سال کے فاصلے پر واقع ہے۔

اندازہ کریں کہ اللہ تعالیٰ کا یہ عالم کس قدر وسیع ہے۔ ان کے علاوہ مزید نئی کہکشائیں وقتاً فوقتاً دریافت ہوتی رہتی ہیں۔

چنانچہ روزنامہ جنگ ۱۱ دسمبر ۱۹۹۰ء کی اطلاع ہے۔ کہ "سائنسدانوں نے ایک اور کہکشاں دریافت کرلی ہے جو اب تک کی دریافت شدہ کہکشاؤں میں سب سے بڑی اور روشن ترین ہے۔ یہ کہکشاں بہت دور ایک ہزار کہکشاؤں کے جھرمٹ کے درمیان واقع ہے۔ اندازہ ہے۔ کہ نو دریافت کہکشاں میں (ہماری کہکشاں سے کہیں زیادہ) کھربوں ستارے ہیں۔"

فصل

فی بعض احوال السیّارات

○ ھٰذہٖ اسماء السیّارات التِسع وِفقًا لترتیب اَبعادھا عن الشمس عطارد۔ الزُّھرۃ۔ الارض۔ المرّیخ۔ المشتری۔ زحل۔ اورانوس۔ نبتون۔ بلُوتو

فصل

قولہ ھذہٖ اسماء السیّارات الخ۔ فصلِ ھذا میں نو سیّارات اور اقمار سے متعلق بعض اہم احوال کا بیان ہے۔ اِس میں اجمالاً سیّارات و اقمار کی حرکتِ محوری و حرکتِ حول المرکز کے بیان کے علاوہ ایک اہم تفصیلی نقشے و جدول کا بھی ذکر ہے۔ بالفاظِ دیگر فصلِ ھذا میں ارکان و افرادِ نظامِ شمسی کی تفصیل پیش کی گئی ہے۔

والثلاثۃ الاخیرۃُ اکتشفہا علماءُ ھذا الفنّ بعدَ صُنع التلسکوب سنۃ ١٦٠٩م فاورانوس اکتشفُوہ سنۃ ١٧٨١م ونبتون اکتشفُوہ سنۃ ١٨٤٦م وبلوتو اکتشفوہ سنۃ ١٩٣٠م

نظامِ شمسی کے اہم ارکان نو سیارے ہیں۔ جو آفتاب کے گرد اپنے اپنے مداروں میں گھومتے ہیں۔ آفتاب سے اُن سیّارات کے مدارات کی ترتیب کے موافق ان کے نام یہ ہیں (١) عطارد (٢) زہرہ (٣) زمین (٤) مرّیخ (٥) مشتری (٦) زحل (٧) یورینس (٨) نیپچون (٩) پلوٹو۔

قولہ والثلاثۃ الاخیرۃ الخ۔ حاصلِ کلام یہ ہے کہ ہیئتِ یونان کے ماہرین کے نزدیک سیّاروں کی تعداد سات ہے۔ وہ زمین کو سیّارہ نہیں مانتے تھے۔ البتہ قمر و شمس کو سیّاروں میں شمار کرتے تھے۔

زمین ان کی رائے میں مرکزِ عالم ہے۔ پس مرکز سے فاصلے کی ترتیب کے مطابق سات سیّارے یہ ہیں۔ قمر۔ عطارد۔ زہرہ۔ شمس۔ مرّیخ۔ مشتری۔ اور زحل۔ زحل فلاسفۂ یونان کے نزدیک آخری اور بعید تر سیّارہ ہے۔

ہیئتِ جدیدہ کے ماہرین اوّلین کے نزدیک سیّاروں کی تعداد ایک مدّت تک چھے تھی۔ یعنی عطارد۔ زہرہ۔ زمین۔ مرّیخ۔ مشتری۔ اور زحل۔ جدید ہیئت والوں کے نزدیک قمر سیّارہ نہیں ہے۔ اور شمس بھی سیّارہ نہیں ہے بلکہ وہ مرکز ہے نظامِ عالمِ شمسی کا۔

لہٰذا زحل سے آگے تین سیّاروں کا انکشاف علماء نے دوربین کی ایجاد کے بعد کیا۔ سب سے پہلے دوربین ١٦٠٩ء میں یا ١٦١٠ء میں بنائی گئی۔ اس کا موجد مشہور سائنسدان گلیلو ہے۔ گلیلو کا سن وفات ہے ١٦٤٢ء۔

چنانچہ یورینس کو مشہور فلکی سائنسدان ہرشل نے ١٣ مارچ ١٧٨١ء کو انگلینڈ میں دریافت کیا۔ نیپچون کی دریافت برلن (جرمنی) کی رصدگاہ کے منتظم گیلے نے ٢٣ ستمبر ١٨٤٦ء میں کی

هيل تلسكوب مرصد بالومار
كاليفورنيا قطر عدسته
٢٠٠ بوصة

شكل تلسكوبٍ انعطافيّ
قطره ٤٠ بوصةً

وأصغرُ السيّارات كلها عطارد ثم بلوتو ثم الزهرة ثم المرّيخ ثم الارض ثم اورانوس واكبرها المشتری ثم زحل ثم نبتون ثم اورانوس كما ترى فی هذا الشكل

وكلٌّ واحدٍ من السيّارات يتحرّك بحركتين احداهما حركةُ السيّار فی مدارٍ متعيّنٍ حول الشمس ومدّة دورته بهذه الحركة تُسمّٰى سنة هذا السيّار

اور پلوٹو کی دریافت امریکہ میں مارچ ۱۹۳۰ء میں ہوئی۔

قولہ واصغر السیارات الخ۔ یعنی تمام سیّاروں میں چھوٹا عطارد ہے۔ پھر پلوٹو دوسرے نمبر پر چھوٹا ہے۔ پھر زہرہ پھر مرّیخ پھر زمین پھر یورینس اور سب سے بڑا سیارہ مشتری ہے پھر زحل پھر نیپچون پھر یورینس۔ جیسا کہ آپ شکل مذکور میں دیکھ رہے ہیں۔

قولہ وکلّ واحد الخ۔ عبارتِ ھذا میں سیّاروں کی حرکات کا بیان ہے۔ حاصل یہ ہے کہ ہر ایک سیّارہ بیک وقت دو حرکتوں سے حرکت وگردش کر رہا ہے۔ پہلی سالانہ حرکت ہے اور دوسری محوری حرکت یعنی یومی حرکت ہے۔

پہلی حرکت کا مطلب یہ ہے کہ ہر سیّارہ ایک معیّن مدار میں آفتاب کے گرد گردش کرتے ہوئے ایک معیّن ومحدود مدّت میں اپنا دورہ مکمل کرتا ہے۔ سیّارے کے دورے کی یہ مدت اس سیّارے کا سال ہے۔ مثلاً ہماری زمین آفتاب کے گرد ۳۶۵ دنوں میں دورہ مکمل کرتی ہے۔ اور مرّیخ آفتاب کے گرد ۶۸۷ دن میں۔ مشتری تقریباً پونے بارہ سال میں۔ زحل ساڑھے انتیس (۲۹ ½) سال میں دورہ مکمل کرتے ہیں۔ اور یہی مدّت علی الترتیب ان کا ایک سال ہے۔ مثلاً مشتری کا ایک سال ہمارے تقریباً پونے ۱۲ سال کے، اور زحل کا ایک سال ہمارے ½ ۲۹ سال کے برابر ہے۔

يُمثِّل هذا الشكل نسبةَ أحجام السيّارات فيما بينهنّ
كما يمثل النسبة بين أحجامها و حجم الشمس

والثانية حركتُه حولَ نفسِه اى حولَ محورِه ومدّةُ دورتِه هٰذه تُسمّٰى يومَ هذا السيّار

وكذلك الاقمارُ تتحرّك بحركتين الاُولٰى حركةُ القمر حولَ سيّارٍ هو مركزُ هٰذا القمرِ وهى حركةُ القمر الشهريّة

والثانيةُ حركةُ القمر حولَ نفسِه اى حولَ محورِه وهى حركةُ القمر اليوميّة

قولہ والثانية حركته الخ۔ عبارتِ ہٰذا میں ہر سیّارے کی حرکتِ محوری کا بیان ہے۔ حاصلِ کلام یہ ہے کہ ہر سیّارے کی دوسری حرکت یہ ہے کہ وہ لٹّو کی طرح اپنی جگہ پر یعنی اپنے محور کے گرد گھومتے ہوئے ایک خاص مدّت میں اپنا دورۂ محوریّہ مکمل کرتا ہے۔ اس دورے کی مدّت سیارے کا یوم یعنی دن کہلاتا ہے۔

چونکہ ہر سیّارے کی مدّتِ دورہ الگ الگ ہے۔ اس لیے ہر سیّارے کے دن کا طول بھی مختلف ہے۔ مثلاً زمین کا دورۂ محوریّہ ۲۴ گھنٹے میں مکمل ہوتا ہے۔ پس زمین کا یوم (یعنی شب و روز) ۲۴ گھنٹہ کا ہے۔ اور عطارد کا ایک دورہ ۵۹ دن میں پورا ہوتا ہے۔ لہٰذا عطارد کا ایک یوم ۵۹ دن کا ہے۔ اسی طرح زہرہ کا دورہ ۲۴۵ دن میں تام ہوتا ہے۔ پس زہرہ کا ایک یوم ہمارے ۲۴۵ دن کے برابر ہے۔ یعنی اس کا ایک دن ہمارے ۱۲۲ دن کے مُساوی ہے۔ اسی طرح اس کی ایک رات ہماری ۱۲۲ یا ۱۲۳ راتوں کے برابر ہے۔

قولہ وكذلك الاقمار الخ۔ عبارتِ ھذا میں یہ بات بتلائی گئی ہے کہ ہمارا چاند اور اسی طرح ہر چاند سیّاروں کی طرح بیک وقت دو حرکتوں سے متحرک ہے۔

پہلی حرکت اپنے مرکز کے گرد یعنی اس سیّارے کے گرد ہے جو اُس چاند کے لیے

وعددُ الاقمار لایزال یزداد فی الازمنۃ المختلفۃ حسب الاکتشافات الجدیدۃ بواسطۃ التلسکوبات الکبیرۃ وبواسطۃ سُفُنٍ فضائیّۃٍ اُطلِقت الی الفضاء للکشف عن احوال السیّارات البعیدۃ والاقمار النائیۃ

مرکز ہے۔ اور ہر چاند کی دوسری حرکت یہ ہے کہ وہ لٹّو کی طرح اپنے مقام پر یعنی اپنے محور کے گرد حرکت کرتا ہے۔

حرکتِ ثانیہ سے ہر چاند کے شب و روز بنتے ہیں۔ اس لیے یہ چاند کی حرکتِ یومیّہ بھی کہلاتی ہے۔ اور پہلی حرکت چاند کی حرکتِ شہریّہ کہلاتی ہے۔ کیونکہ پہلی حرکت کے ایک دورے کی مُدّت چاند کا ایک شہر یعنی ایک ماہ ہے۔

قولہ وعددُ الاقمار الخ۔ سُفُن جمع ہے سفینۃ کی۔ سفینۃ فضائیۃ کا معنی ہے مصنوعی خلائی گاڑی۔ امریکہ اور روس مسلسل فضا میں خلائی گاڑیاں بھیجتے رہتے ہیں۔ فضائی احوال کا پتہ لگانے یا بعید سیّارات و اقمار کے احوال دریافت کرنے کے لیے۔ اِطلاق کا معنی ہے چھوڑنا فضا کی طرف راکٹ و خلائی گاڑی وغیرہ پھینکنا اور بھیجنا۔

عبارتِ ھٰذا میں یہ بات بتلائی گئی ہے کہ اقمار (چاند) کی تعداد جدید سائنس کے ابتدائی دور سے لے کر آج تک مختلف زمانوں میں بڑھتی رہی۔ عددِ اقمار کا یہ اضافہ مَبنی ہے نئے نئے انکشافات پر بسبب بڑی بڑی دوربینوں کے یا بواسطہ اُن خلائی گاڑیوں کے جو اَقمار و سیّاراتِ بعیدہ کے احوال و تفصیلات معلوم کرنے کے لیے امریکہ اور روس فضاء کی طرف بھیجتے رہتے ہیں۔

چنانچہ بڑی دوربینوں اور خلائی گاڑیوں کے ذریعہ ماہرین فضاء اور سیّارات و اقمار کے نئے نئے احوال پر وقتاً فوقتاً مطلع ہوتے رہتے ہیں۔ نئے چاندوں کے انکشافات کی

اعلم انّهم شاهدوا بالتلسكوبات فی الفَجْوة الوسیعة بین المرّیخ والمشتری حزامًا من کویکباتٍ واَجرامٍ صغیرةٍ لاتعدُّ ولاتحصٰی تسیر حولَ الشمس فی ھٰذہ الفجوۃ

تری فی ھذا الشکل الکُویکبات الکثیرۃ بین مداری المشتری و المریخ

نئے چاندوں کے انکشافات کی تفصیل میری دیگر تصنیفات میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

قولہ اِعلم انہم شاھدوا الخ۔ شاہدوا کا معنی ہے اَبصروا۔ تلسکوبات

كأنها حطام كوكب سيارٍ كان يسير حول الشمس في مدارٍ له بين مداري المريخ والمشتري ثم تحطم بسبب حادثةٍ كونيةٍ وتشقق في الزمان السحيق وهذه الأجرام بقايا ذلك الكوكب السيار المتشقق۔

جمع ہے تلسکوب کی۔ اس کا معنی ہے دُوربین۔ فجوۃ۔ دو چیزوں کے درمیان کشادہ میدان۔ کشادہ جگہ۔ حزام کا معنی پٹی ہے۔

عبارتِ ھذا میں یہ بات بتلائی گئی ہے کہ اقمار معروفہ اور مشہور نو سیاروں کے علاوہ کچھ اور بے شمار چھوٹے اجرام بھی نظامِ شمسی میں گردش کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

دوربینوں میں ماہرین دیکھتے رہتے ہیں کہ مدارِ مریخ و مدارِ مشتری کے مابین دیگر سیارات کے مداروں کے مقابلے میں حد سے زیادہ کھلی جگہ ہے۔ اس کھلے فضائی میدان میں کویکبات یعنی چھوٹے چھوٹے بے شمار اجسام پٹی کی شکل میں یا بڑی ڈل کی شکل میں آفتاب کے گرد حرکت کرتے ہیں۔ گویا کہ یہ بے شمار چھوٹے بڑے چاند ہیں جو اس مقام میں محوِ گردش ہیں۔

قولہ کأنها حطام کوکب الخ۔ حُطام کا معنی ہے ٹکڑے۔ کسی چیز کے ٹوٹ جانے کے بعد اس کے بقایا ٹکڑوں کو حُطام کہتے ہیں۔ تحطّم کا معنی ہے ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ تشقُّق کا معنی ہے پھٹ جانا۔ پارہ پارہ ہونا۔ حادثہ کونیۃ کا معنی ہے بڑا حادثہ۔ عالمی حادثہ۔ یہ نسبت ہے کوْن کی طرف۔ کوْن کا معنی ہے عالمِ کائنات۔ زمانِ سحیق ای زمان بعید۔

عبارتِ ھذا میں مشتری و مریخ کے مابین کویکبات کی پٹی کی حقیقت بتلائی گئی ہے اِن کویکبات یعنی اجرامِ صغیرہ کی حقیقت میں کہ وہ کس طرح پیدا ہوئے اور کیسے ظہور پذیر ہوئے ماہرین کے متعدد نظریات ہیں۔

بعض ماہرین کہتے ہیں کہ جس سدیم و کائناتی سحابیہ کے مادہ سے دیگر سیارات پیدا ہوتے اسی سحابیہ کے بچے کھچے مادہ سے یہ کویکبات بنے ہیں۔ مریخ و مشتری کی زبردست قوتِ کشش کی وجہ سے وہ مادہ جمع نہ ہو سکا کہ اس سے ایک بڑا سیارہ بن جاتا۔ اس لیے الگ

جدول النظام الشمسى باركانه مع الاشارات الى تفصيل بعض احوال مهمة للسيارات والاقمار والشمس ❊

اسم السيار	مدة الدورة حول الشمس	مدة الدورة حول المحور	القطر بالاميال	الوزن بالنسبة الى وزن الارض	الحجم باعتبار حجم الارض	متوسط البعد عن الشمس بالاميال	عدد الاقمار	متوسط السرعة حول الشمس بالاميال	سرعة الافلاك بالاميال فى الثانية
عطارد	٨٨ يوماً	٥٩ يوماً	٣١٠٠	جزء من ٢٥ جزءً من الارض	٦/١٠٠ من الارض اى جزء من ١٧ اجزءً منها	٣٦٬٠٠٠٬٠٠٠	٠	٣٠ فى الثانية	٢ ١/١٠
الزهرة	٢٢٥ يوماً	٢٤٥ يوماً	٧٧٠٠	٤١/٥٠ من الارض	٩٢/١٠٠ من الارض فهى اصغر منها قليلاً	٦٧٬٠٠٠٬٠٠٠	٠	٢٢ فى الثانية	٦ ٧/١٠
الارض	٣٦٥ يوماً ٦ ساعات	٢٤ ساعةً	٧٩٢٨	وزن الارض ٦٬٠٠٠٬٠٠٠٬٠٠٠٬٠٠٠٬٠٠٠٬٠٠٠٬٠٠٠ طن	═══	٩٣٬٠٠٠٬٠٠٠	١	١٨ ١/٢ فى الثانية	٧
المريخ	٦٨٧ يوماً	٢٤ ساعة ٤١ دقيقة ٢٥ ثانية	٤٢٠٠	٣/٢٨ من الارض	١/٧ من الارض	١٤١٥ ٠٠٬٠٠٠	٢	١٥ فى الثانية	٣ ١/١٠
المشترى	٤٣٣٢ يوماً اى ١١ ٨٢/١٠٠ سنة تقريباً	٩ ساعات ٥٠ دقيقة	٩٠١٩٠	ضعف الارض ٣١٨ مرة	مثل الارض ١٣٠٠ مرة	٤٨٢٣ ٠٠٬٠٠٠	١٦	٨ فى الثانية	٣٨
زحل	٢٩ ٤٦/١٠٠ سنة	١٠ ساعات ١٤ دقيقة	٧٤٢٠٠	ضعف الارض ٩٥ مرة	مثل الارض ٨٢٠ مرة	٨٨٦٬٠٠٠٬٠٠٠	١٨	٦ فى الثانية	٢٣
اورانوس	٨٤ ١/١٠ سنة	١٠ ساعات و ٤٩ دقيقة	٣١٩٠٠	ضعف الارض ١٥ مرة	مثل الارض ٦٦ مرة	١٧٨٠٬٠٠٠٬٠٠٠	١٥ او ١٢	٤ فى الثانية	١٣
نبتون	١٦٤ سنة	١٥ ساعة	٣٤٨٠٠	ضعف الارض ١٧ مرة	مثل الارض ٨٥ مرة	٢٨٢٠٬٠٠٠٬٠٠٠	٣ وقيل ٦	٣ ٤/١٠ فى الثانية	١٣ ٦/١٠
بلوتو	٢٤٧ ١/٢ سنة	٦ ايام و ٩ ساعات و ١٥ دقيقة ٥٤ ثانية	٣٧٠٠	——	——	٣٦٧٠٬٠٠٠٬٠٠٠ ميل	١	١ ١/٢ فى الثانية	٢ ١/٢

الگ ٹکڑوں میں وہ مادہ منجمد اور ٹھوس بن کر اس سے اجرام صغیرہ کی ایک پٹی نمودار ہوگئی۔

دوسرا نظریہ جارج گیمو اور اس کے متبعین کا ہے۔ جارج گیمو کا کہنا ہے کہ مریخ و مشتری کے مداروں کے مابین وسیع فضاء میں زمانۂ قدیم میں دیگر سیّاروں کی طرح ایک سیّارہ موجود تھا۔ سورج کے گرد اسی مقام و میدان میں اس کا مدار تھا۔ اسی مدار میں وہ آفتاب کے گرد گردش کرتا تھا۔ پھر کروڑہا سال قبل کسی بڑے عالمی و کائناتی حادثہ (مشتری کی قوتِ کشش وغیرہ اسبابِ مخفیہ) کی وجہ سے وہ سیّارہ ٹوٹ پھوٹ کر پارہ پارہ ہوگیا۔

اس کے بے شمار اجزاء ادھر ادھر منتشر ہوگئے اور کچھ اجزاء اور چھوٹے بڑے ٹکڑے اس تباہ شدہ سیّارے کے مدار میں پٹی کی شکل میں اب تک گھوم رہے ہیں۔

پس جارج گیمو کی رائے میں یہ کویکبات و اجسامِ صغیرہ اس تباہ شدہ سیّارے کے بقایا ٹکڑے و آثارِ باقیات ہیں۔

فائدہ متن میں مندرج جدول میں سیّاراتِ تسعہ سے متعلق کئی امور کی تفصیل پیش کی گئی ہے۔ چنانچہ دائیں سے بائیں طرف چلتے ہوئے اس میں دس بیوت ہیں۔

پہلے بیت یعنی پہلے خانہ میں سیّاراتِ تسعہ کے اسماء ہیں۔ دوسرے بیت میں آفتاب کے گرد مدّتِ دورہ کا ذکر ہے۔ تیسرے بیت میں حرکتِ محوری کے دورے کی مدّت کا ذکر ہے۔ چوتھے بیت (خانہ) میں یہ بیان ہے کہ ہر سیّارے کا قطر تقریباً کتنے میل لمبا ہے۔ پانچویں خانے میں زمین کے وزن سے ہر سیّارے کے وزن کی نسبت بتائی گئی ہے۔

چھٹے خانے میں یہ بات بتلائی گئی ہے کہ ہر سیّارے کا حجم زمین کے حجم سے کیا نسبت رکھتا ہے۔ ساتویں خانہ میں ہر سیّارے کا آفتاب سے متوسط فاصلہ میلوں میں بتایا گیا ہے۔ آٹھویں خانہ میں ہر سیّارے کے اقمار (چاند) کی تعداد بتائی گئی ہے۔

نویں خانہ میں یہ بیان ہے کہ آفتاب کے گرد مدار میں سیّارے کی رفتار فی سیکنڈ کتنے میل ہے۔ دسویں خانہ میں ہر سیّارے کی سرعتِ افلات کا بیان ہے۔ سرعتِ افلات کا تعلق سیارے کی قوتِ کشش سے ہے۔ یعنی اس سیّارے کی قوتِ کشش سے آزاد ہونے کے لیے فی سیکنڈ کتنے میل کی رفتار ضروری ہے۔

فصل

فی الشمس

○ الشمسُ لم تتصلّب ولم تجمد کما تصلّبتِ الارضُ وجمدات بل ھی کُرۃٌ ناریّۃٌ من غازاتٍ ملتھبۃٌ اشدّ التھاب

فصل

قولہ کما تصلّبت الارض وجمدات الخ ۔ فصلِ ھٰذا میں سورج کے احوال کا مختصر بیان ہے ۔ تصلّب کا معنی ہے ٹھوس ہونا ۔ سخت ہونا ۔ جمود کا معنی بھی تقریبًا یہی ہے یعنی جم جانا ۔ خشک ہوکر سخت ہونا ۔ لہٰذا جمدت عطف تفسیری ہے تصلبت کے لیے ۔ غازات جمع ہے غاز کی ۔ اس کا معنی ہے گیس ۔ بخار ۔ التہاب کا معنی ہے بھڑکنا ۔ آگ کا شعلہ بھڑکنا ۔

حاصلِ کلام یہ ہے کہ آفتاب دور سے ہمیں اگرچہ چمکتا ہوا ٹھوس کرہ نظر آتا ہے لیکن

وسطحها كلها ئج هيجان الطوفان لم يزل و لا يزال يغلي وتنفجر عنه فوارات ضخمة من اللهب تندلع الى علو مئات الآلاف من الاميال فوق سطح الشمس

واقعہ یہ ہے کہ آفتاب ایسا ٹھوس اور سخت کُرہ نہیں جس طرح زمین سخت ٹھوس اور جامد کرہ ہے۔ زمین پر اس کے جامد ہونے کی وجہ سے ہم چل پھر سکتے ہیں۔

لیکن بتقدیر فرض اگر انسان سطح آفتاب پر پہنچ کر زندہ رہ سکے (اگرچہ وہاں زندہ رہنا کسی حیوان کے لیے محال ہے آفتاب کی شدید حرارت کی وجہ سے) اور پھر وہ وہاں چلنا پھرنا چاہے تو یہ ناممکن ہے۔ کیونکہ آفتاب بخارات اور گیس کا کرہ ہے۔ لہٰذا وہ شخص آفتاب کے اندر اس کے جوف کی طرف گھستا اور دھنستا چلا جائے گا۔

ماہرین کہتے ہیں کہ آفتاب آتشی کُرہ ہے۔ جو گرم تر گیسوں سے بنا ہوا ہے اور وہ گیسیں آتشی ہیں ان کے شعلے نہایت شدت سے بھڑکتے رہتے ہیں۔ شدتِ حرارت کی وجہ سے وہاں تمام عناصر لوہا، پیتل، سیسہ وغیرہ دھاتیں بخارات کی شکل میں ہیں۔ ماہرین لکھتے ہیں کہ سورج کی سطح کا درجہ حرارت ۱۲ ہزار ڈگری فارن ہیٹ یعنی تقریباً ۶۵۰۰ ڈگری سنٹی گریڈ ہے یہ ٹمپریچر کھولتے ہوئے پانی کے ٹمپریچر سے ۶۵ گنا زیادہ ہے۔ ۶۵۰۰ کا ٹمپریچر تو سورج کی بیرونی سطح کا ہے۔ مرکزِ شمس کی حرارت کے بارے میں اندازہ ہے کہ وہ دو کروڑ سے ۵۰ کروڑ ڈگری سنٹی گریڈ تک ہو سکتی ہے۔

قولہ وسطحها كلها الخ۔ هائج کا معنی ہے بھڑکنے والا۔ ہیجان کرنے والا۔ جوش مارنے والا۔ یقال هاج يهيج (باب ضرب) الشئ هيجانًا۔ بھڑکنا۔ جوش مارنا۔ موج مارنا۔ يغلي یعنی جوش مارنا۔ باب ضرب ہے۔ غلى القدرُ۔ ہانڈی کا جوش مارنا۔ انفجار کا معنی ہے پھٹنا۔ پانی کا جاری ہونا۔ فوّارات بفتح فا۔ جمع ہے فوّارۃ کی۔ اس کا معنی ہے پانی کا فوارہ۔ جس سے بڑی تیزی اور شدید قوت سے پانی بلند ہوتا ہو۔ فوّارۃ ضخمۃ کا معنی ہے ضخیم اور بڑا فوارہ۔ لهب شعلہ۔ اندلاع کا معنی ہے باہر کی طرف نکلنا۔ اندلع اللسان کا معنی ہے زبان کا منہ سے باہر نکلنا۔

قرص الشمس

تلسكوب مرصد جبل وِلسن قطر عدسته ١٠٠ بوصةٍ و كان من اكبر تلسكوبات العالم إلى مدةٍ

صورة دوران الأرض حول الشمس مع وجود التجاذب فى جانب و مع انتفاء التجاذب فى جانب آخر . اظهر المصور فى هذه الصورة جاذبية الشمس فى هيئة السلسلة الحديدية ترى فى جانب من هذه الصورة ان الأرض تدور فى مدارها حول الشمس و ذلك لبقاء سلسلة الحـديد التى تقوم مقام الجاذبية و ترى فى جانب آخر تباعد الأرض عن المدار و سقوطها فى جهة مخالفة للمدار و ذلك لانقطاع السلسلة الحديدية .

ثم انّ الشمس لیست بساکنۃٍ بل لھا حرکتان مشھورتان

الاُولیٰ انّھا تسیر باُسرتھا من جمیع اَجرام النظام الشمسی بسرعۃ ۱۱ میلًا ونصف میلٍ فی الثانیۃ (۱۱½) الیٰ نجمٍ مسمّیً بالنّسر الواقع

والثانیۃ اَنَّھا تدُور حولَ محورھا من الغرب الی الشرق

عبارتِ ھٰذا کا مطلب یہ ہے کہ سورج گرم گیسوں کا آتشی کرہ ہے۔ لہٰذا ظاہر ہے کہ اس کی سطح میں ہمیشہ طوفان کی طرح ہیجان ہوگا۔ اس کی سطح ہر وقت مدّ وجزر کی طرح مضطرب ومتحرک رہتی ہے۔ اس میں ہر لحہ لہریں اٹھتی رہتی ہیں۔ علی الدوام اس کی سطح گرم ہانڈی میں پانی کی طرح کھولتی اور جوش مارتی رہتی ہے اس سے ہیبت ناک اور دہشت ناک بڑے بڑے آتشین فوّارے ہزاروں میل کی بلندی تک اٹھتے اور نکلتے رہتے ہیں۔ ہزارہا میل بلند شعلوں کا تلاطم ہر وقت آفتاب کی سطح پر برپا رہتا ہے۔ پس آفتاب جہنم کا ایک نمونہ ہے۔

قولہ ثم انّ الشمس لیست الخ۔ عبارتِ ھٰذا میں یہ تحقیق پیش کی گئی ہے کہ آفتاب ساکن نہیں ہے بلکہ وہ بہ یک وقت دو حرکتوں سے متحرک ہے۔

آفتاب کی پہلی حرکت یہ ہے کہ وہ نظامِ شمسی کے تمام اَجرام واَجسام (سیّارات واَقمار) سمیت یعنی اپنے خاندان (سیّارات واَقمار وشہب وغیرہ) سمیت برفتار ½ ۱۱ میل فی سیکنڈ کہکشاں کے ایک ستارے کی طرف رواں دواں ہے۔ اس ستارے کا نام نسرِ واقع ہے۔ اُسرۃ کا معنی ہے خاندان۔ نسرِ واقع آسمان کے نصف شمالی میں روشن ستارہ ہے۔ نسرِ واقع ہم سے ۳۰ نوری سال اور بقول بعض ۲۶ نوری سال کے فاصلے پر واقع ہے۔

قولہ والثانیۃ انھا تدور الخ۔ یہ آفتاب کی دوسری حرکت یعنی حرکتِ

ولکونِ الشمس کُرۃً غازیّۃً غیر متصلّبۃ تختلف سرعۃُ مناطقِ جرمھا فأسرعھا خطُّ استوائِھا ثم الأقربُ فالأقربُ وأبطأُھا أبعدُھا عن خطّ استوائھا وھی المناطقُ التی تلِی قُطبَیھا ثم الأبعدُ فالأبعدُ

محوری کا بیان ہے۔ مناطق جمع ہے منطقہ کی بمعنی ہے جگہ۔ حصہ۔ خطّہ۔ قطبین کے عین وسط حصۂ کُرۂ متحرکہ اُس کُرہ کا خطِّ استواء کہلاتا ہے۔ کُرۂ غازیّہ یعنی گیسی کُرہ۔

تفصیلِ کلام یہ ہے کہ آفتاب کی دوسری حرکت یہ ہے کہ وہ اپنی جگہ پر یعنی اپنے محور کے گرد مغرب سے مشرق کی طرف گردش کرتا ہے۔ لیکن اس کے دورے کی مدّت مختلف ہے۔ یعنی جسمِ شمس کے تمام حصوں کی نہ تو رفتار ایک ہے۔ اور نہ ان کے دوروں کی مدّت ایک ہے۔ بلکہ رفتار میں اور دوروں کی مدّت میں اختلاف اور کمی بیشی ہے۔

اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ آفتاب ٹھوس کُرہ نہیں ہے بلکہ گیسی کُرہ ہے۔ آپنے زمین پر گرد و غبار کی شکل میں اپنی جگہ پر تیز گردش کرتے ہوئے بگولے کو دیکھا ہوگا۔ پس آفتاب کا جسم بھی اسی طرح ہے اس کا جسم ٹھوس نہیں ہے۔ اس لیے اس کے جسم کے سارے حصے ایک رفتار سے حرکت نہیں کرتے۔ بلکہ آفتاب کا خطِّ استواء نہایت تیز رفتار ہے اور پھر درجہ بدرجہ خطِّ استواء سے قریب حصے تیز رفتار ہیں۔ جو حصے خطِّ استواء کے جتنے قریب ہیں وہ اُتنے ہی تیز رفتار ہیں۔ اور جو حصے خطِّ استواء سے بہت دور ہیں وہ سب سے کم رفتار والے ہیں۔

پس آفتاب کے قطبین کے قریب حصے بعید تر ہونے کی وجہ سے بطئُ السیر ہیں۔ پھر وہ حصے بطی ہیں جو اس کے بعد دوسرے درجہ پر بعید ہیں خطِّ استواء سے۔ بعدہٗ وہ خطّے جو تیسرے درجہ پر بعید ہیں وہکذا۔

بیانِ ھذا سے معلوم ہوگیا کہ جرمِ شمس کے مختلف خطّوں اور حصوں کے دورۂ محوریہ کی مدّتیں مختلف ہوں گی۔ اگلی عبارت میں اس کی تفصیل پیش کی گئی ہے۔

فخطُّ استواء الشمس یُتِمّ الدّورةَ المحوریّۃَ فی ۲۵ یومًا تقریبًا وما بعُد عن خطّ الاستواء یُتِمّ الدّورۃ المحوریّۃَ فی ۲۷ یومًا ۔ ۲۸ یومًا ۔ ۲۹ یومًا ۔ ۳۰ یومًا ۔ ۳۲ یومًا ۔ ۳۳ یومًا فصاعدًا حیث تتزاید مدّۃُ الدّورۃِ حسب التباعُد عن خطّ استوائها

ثم اِنّ الشمسَ اکبرُ حجمًا من الارض ۱۳۰۰،۰۰۰ مرّۃٍ ومن مجموع السیّارات ۷۰۰ مرّۃٍ

قولہ فخطُّ استواء الشمس الخ ۔ یعنی جسمِ آفتاب کے مختلف حصے مختلف زمانوں میں حرکتِ محوریّہ کا دورہ مکمل کرتے ہیں ۔ جو حصہ جتنا تیز رفتار ہو وہ اُتنا کم وقت میں دورہ مکمل کرتا ہے اور جو حصہ جتنا کم رفتار ہو وہ اُتنا ہی زیادہ وقت میں دورہ پورا کرتا ہے ۔

ماہرین لکھتے ہیں کہ آفتاب کا خطِّ استواء تقریبًا ۲۵ دن میں محوری دورہ پورا کرتا ہے ۔ پھر جوں جوں خطّ استواء سے قطبَین کی طرف جاتے ہیں توں توں وہ زیادہ لمبے وقت میں دورے مکمل کرتے ہیں ۔

مثلاً خطّ استواء سے کچھ فاصلہ پر دورہ ۲۷ دن میں تام ہوتا ہے ۔ آگے بڑھتے جائیں تو بعض حصے ۲۸ دن میں ۔ بعض ۲۹ دن میں ۔ بعض ۳۰ دن میں ۔ بعض ۳۲ دن میں ۔ بعض ۳۳ دن میں ۔ اور قطبَین کے بالکل قریب خطّے اس سے بھی کچھ زیادہ زمانہ میں دورہ مکمل کرتے ہیں ۔

اس اختلاف کا سبب یہ ہے کہ آفتاب ٹھوس اور سخت نہیں ہے ۔ اگر زمین کی طرح آفتاب ٹھوس جسم والا کرہ ہوتا تو جسمِ شمس کے تمام اجزاء ایک ہی زمانے میں اور ایک ہی مدت میں حرکتِ محوریّہ کا دورہ مکمل کرتے ۔

قولہ ثم انّ الشمس اکبر الخ ۔ الحجم کا معنی ہے جسامت ۔ جاذبیّۃ یعنی قوتِ کشش ۔ کیلو جرام ۔ یہ معرب کیلوگرام ہے ۔ ایک کیلوگرام کا وزن ایک ہزار گرام کے برابر ہے پس

صورة شعاليل الشمس المرتفعة عن سطحها

المريخ ، الكوكب الأحمر

صورة ماخوذة من شواظ الشمس وهو يندلع الهبة طويلة تخرج من الغلاف القرمزي
وتبعد أحيانا مئات الآلاف من الأميال ، و تتخذ أشكالًا شتى .

كوكب الزهرة مغطى بغلاف من السحب الكثيفة

الشمس وجرمها الوهّاج

قرص الشمس

الشكل (١)

هذان الشكلان (١) (٢) يوضحان حجم الشمس بالنسبة إلى أحجام السيارات بانفرادها وبمجموعها كما يوضحان النسبة بين أحجام السيارات فيما بينهن.

الشكل (٢)

الشمس والسيارات مرسومة بمقياس واحد

السيارات مرتبة حسب بُعدها عن الشمس ومنها نرى كيف تتزايد أقدارها حتى المشتري ثم تتناقص.

ووزنها ضِعفُ وزن الارض ۳۳۲۰۰۰ مرّةٍ
وجاذبیّتُها ضِعفُ جاذبیّۃ الارض ۲۸ مرّۃً فما یَزِن
علی الارضِ کیلوجراماً واحداً یزن علی الشمس ۲۸ کیلوجراماً
علیٰ ما حقّقہ مَہرۃُ ھذا الفنِّ

یہ ہمارے بلاد میں معروف انگریزی سیر (۸۰ تولہ) سے کچھ زائد ہے۔

عبارتِ ھٰذا میں تین باتیں بتلائی گئی ہیں۔ پہلی بات یہ ہے کہ باعتبار حجم و جسامت آفتاب زمین سے ۱۳ لاکھ گنا بڑا ہے تقریباً۔ پس اگر زمین کے برابر ۱۳ لاکھ کُرے جمع کیے جائیں تو اُن مجموعہ کُروں کا حجم حجمِ شمس کے برابر ہوگا۔ اسی طرح آفتاب مجموعۂ سیّاراتِ تسعہ سے ۷۰۰ گنا بڑا ہے۔ لیکن مادہ شمسی چونکہ گیسی حالت میں ہے اس لیے شمسی مادہ بہت ہلکا ہے ارضی مادہ سے۔

عبارتِ ھٰذا میں دوسری بات وزنِ شمس سے متعلق ہے۔ یعنی آفتاب کا وزن زمین کے وزن سے تین لاکھ ۳۲ ہزار گنا ہے۔

تیسری بات آفتاب کی قوتِ کشش سے متعلق ہے۔ یعنی آفتاب کی قوتِ کشش زمین کی قوتِ کشش سے ۲۸ گنا زیادہ ہے۔ لہٰذا جس جسم کا وزن زمین پر ایک کیلو ہوگا اُس کا وزن آفتاب پر ۲۸ کیلو ہوگا۔ اور جو شخص زمین پر ۲۸ فٹ اونچی چھلانگ لگا سکے وہ آفتاب پر صرف ایک فٹ چھلانگ لگا سکے گا۔ اور جس شخص کا وزن زمین پر دو (۲) من ہو اس کا وزن آفتاب پر ۵۶ من ہوگا۔

فصل

فی الارض

○ الارض کُرۃٌ لکنّہا لیست تامّۃَ الاستدارۃ بل ھی مثل البرتقال مُفرطحۃٌ عند القطبین و مُنبعِجۃٌ عند خطّ الاستواء

فصل

قولہ الارض کرۃٌ الخ۔ فصلِ ھٰذا میں زمین کی کرُوّیت، اُس کے قطر محیط اور مساحتِ سطح کی مقدار۔ پانی اور خشکی کی نسبت اور بلند تر پہاڑ کا بیان ہے۔ بُرتقال کا معنی ہے سنگترہ۔ مالٹا۔ مفرطحۃ بفتح طا۔ صیغہ اسم مفعول ہے ای مسطّحۃ وغیر مستدیرۃ۔ یقال فَرطَح الشیَٔ ای جعلہ عریضًا۔ یعنی زمین کے قطبین کا حصہ کچھ دبا ہوا ہے۔

ولذا اختُلِف قُطراها القطبیُّ والاستوائِیُّ کما اختُلِف مُحیطاها القطبیُّ والاستوائیُّ

فقطرُها الاستوائیُّ ۷۹۲۸ میلًا وقطرُها الواصلُ الی القطبَین ۷۹۰۰ میلٍ

ومُحیطُها المسامِتُ لخطِّ الاستواء ۲۴۹۰۰ میلٍ ومحیطُها المارُّ بالقطبَین ۲۴۸۱۹ میلًا

اور پوری طرح گول نہیں ہے۔ منبجۃ ای مرتفعۃ اس سے مراد ہے اُبھرا ہوا۔ استدار کا معنی ہے گول۔

یعنی زمین ویسے تو گول کرہ ہے۔ لیکن وہ پوری طرح گول نہیں ہے۔ کیونکہ خطِّ استوا کا حصہ قدرے اُبھرا ہوا ہے۔ اور قطبَین کا حصہ گول ہونے کی بجائے مرکز کی طرف دبا ہوا اور پچکا ہوا ہے۔ لہٰذا زمین کی گولائی مالٹے کی سی ہے نہ کہ گیند کی سی۔ اس لیے زمین کے قُطرِ قطبی اور قطرِ خطِّ استوائی کی لمبائی میں تقریبًا ۲۸ میل کا فرق ہے۔ اس فرق کا بیان آگے عبارت میں آرہا ہے۔

قولہ ولذا اختلف قطراھا الخ۔ قُطر اس فرضی وخیالی خط کا نام ہے جو کُرہ کی جانبَین میں پہنچے مرکز پر گزرتے ہوئے۔

قطرِ استوائی سے مراد وہ قطر ہے جو قطبَین کے عین وسط میں اوپر نیچے کھینچا جائے۔ لہٰذا اس کی دونوں طرفین اوپر نیچے خطِّ استوا میں پہنچتی ہیں۔ کُرۂ متحرکہ کے قطبَین کے عین وسط میں مفروض وخیالی دائرہ اس کُرے کا خطِ استواء کہلاتا ہے۔

قطرِ قطبی سے مراد وہ خیالی و وہمی خط ہے جو ایک قطب سے دوسرے قطب تک پہنچے مرکزِ زمین پر گزرتے ہوئے۔

محیطِ زمین سے مراد وہ دائرہ ہے جو سطحِ ارض پر زمین کے گرد کھینچا جائے۔ محیطِ استوائی سے مراد ہے وہ خیالی دائرہ جو سطحِ ارض پر اس کے قطبین کے عین وسط میں

هذه صورة الارض البرتقالية فالخـط المستدير "ج ـ د ـ ب ـ م" الارضُ و "ا" مركزها و "ب" قطبها الشمالی و "ج" قطبها الجنوبی و "د ـ ر ـ م" خط الاستواء و "ب ـ ا ـ ج" قطـرها القطبی و هو اقصـر من "د ـ ا ـ م" الذی هو قطبها الاستوائی و لو لم تکن الارض مفرطحة و کانت کرة کاملة لکانت صورتها مثل "د ـ ل ـ م ـ س" نعنی الخط المسـتدیر المؤلّف من النقاط .

ومساحۃُ جمیع سطح الارض ۱۹۷۰۰۰۰۰۰ میلٍ مربّعٍ والمغمورُ بالماء من سطح الارض ۱۴۱۰۰۰۰۰۰ میلٍ مربّعٍ والسطحُ الیابسُ منہ ۵۶۰۰۰۰۰۰ میلٍ مربّعٍ فالمغمورُ بالماء ۷۱ فی المائۃ والیابسُ ۲۹ فی المائۃ و النسبۃُ بینھما ھی النسبۃ بین ۲ و ۵

فرض کیا جائے۔ محیطِ قطبی سطحِ ارض پر وہ دائرہ ہے جو زمین کے اردگرد اس کے دونوں قطبوں پر گزرے۔

تفصیلِ کلام یہ ہے کہ زمین کی شکل جو کہ گیند کی طرح نہیں بلکہ کنّو اور مالٹے کی طرح ہے اس لیے زمین کا قُطرِ قطبی اور قُطرِ استوائی کا طول مختلف ہے۔ نیز اسی وجہ سے اس کا محیطِ قطبی و محیطِ استوائی بھی آپس میں مختلف ہیں۔ چنانچہ زمین کا قطرِ استوائی ۷۹۲۸ میل لمبا ہے۔ اور قطرِ قطبی کا طول ہے ۷۹۰۰ میل۔ دونوں میں فرق تقریباً ۲۸ میل کا ہے۔

اسی طرح زمین کے محیطِ استوائی کا طول ہے ۲۴۹۰۰ میل۔ اور محیطِ قطبی کا طول ہے ۲۴۸۱۹ میل۔ دونوں میں تفاوُت اور فرق تقریباً ۸۱ میل کا ہے۔

قولہ ومساحۃ جمیع سطح الخ۔ عبارتِ ھذا میں زمین کی ساری سطح کی مساحت و مقدار (مساحۃ کا معنی ہے پیمائش۔ مقدار۔ فاصلہ و مقدارِ طول و عرض) مربّع میلوں میں بتائی گئی ہے۔ مغمور بالماء کا معنی ہے پانی میں ڈوبا ہوا۔ اس کا مقابل ہے یابس یعنی خشکی۔

حاصلِ کلام یہ ہے کہ زمین کی ساری سطح کی مقدار ہے ۲۰ کروڑ مربع میل سے ۳۰ لاکھ مربع میل کم۔ یعنی ۱۹ کروڑ ۷۰ لاکھ مربع میل۔ یہ تو ساری زمین کی سطح کی مقدار ہے۔ اس مقدار کا زیادہ حصہ یعنی ۱۴ کروڑ ۱۰ لاکھ مربع میل پانی میں ڈوبا ہوا ہے۔ اور سطحِ ارض کا بقیہ حصہ یعنی ۵ کروڑ ۶۰ لاکھ میل مربع یابس یعنی خشک ہے۔ لھذا

یابس
شکل ألف
ماء
شکل ب

واعلیٰ جبال الارض مطلقاً قمۃٌ من جبل ھملایا مسمّاۃ بافرست (ایورسٹ) وقدرُ ارتفاعِہا ۲۹۱۴۱ فدماً
ولہم علیٰ کرویّۃ الارض ادلّۃٌ کثیرۃٌ قویّۃٌ منہا

سطح ارض کی پانی و خشکی میں وہ نسبت ہے جو دو اور پانچ میں ہے۔
پس زمین کی سطح کا ۲/۵ حصہ خشک ہے۔ یعنی دو حصے خشکی کے ہیں اور پانچ حصے پانی کے ہیں۔
ماہرین کہتے ہیں کہ ۷۱ فیصد حصے پر پانی ہے اور ۲۹ فیصد حصہ خشک ہے۔ اس بیان سے معلوم ہوا کہ خشک حصہ بہت کم ہے۔
یہ بات بھی یاد رکھیے کہ مذکورہ صدر خشک حصے کے صرف بعض حصوں سے انسان منافع حاصل کر سکتا ہے۔ خشک حصہ سارا کا سارا انسان کے استعمال کے قابل نہیں ہے۔ اس خشک حصہ میں پہاڑ بھی ہیں۔ بلند و بالا ٹیلے بھی ہیں اور جنگلات بھی ہیں
قولہ واعلیٰ جبال الارض الخ۔ یعنی زمین پر بلند تر پہاڑ ہمالیہ کی ایک چوٹی ہے۔ جس کا نام ایورسٹ ہے۔ عربی میں اسے افرست کہتے ہیں۔ اور کوہ ہمالیہ کو ہملایا کہتے ہیں۔ ایورسٹ کی بلندی ہے ۲۹۱۴۱ فٹ۔ اس کے بعد دوسرے درجے پر بلندی پہاڑ کے، ٹو کی ہے۔ یہ پاکستان میں واقع ہے۔ متعدد ماہرین جغرافیہ کے قول کے مطابق ایورسٹ کی بلندی ہے ۹۶۰۰ میٹر۔ اور کے ٹو کی بلندی ہے ۹۴۱۰ میٹر۔ اس کے بعد بلند تر چوٹی کنچن جنگا ہے جو ایشیا ہی میں ہے۔ اس کی بلندی ہے ۹۳۰۰ میٹر۔ اس کے بعد بلند چوٹی منیا کونکا ہے اس کی بلندی ہے ۸۳۰۰ میٹر۔ چوتھے نمبر پر کوہ سٹالن (روس) ہے اس کی بلندی ہے ۸۱۰۰ میٹر۔
قولہ ولہم علیٰ کرویّۃ الارض الخ۔ رکز۔ گاڑنا۔ اَعمدۃ جمع عمود ہے۔ عمود سے سیدھی لکڑی مراد ہے۔ عبارتِ ھذا میں زمین کی کرویّت پر ایک دلیل کا ذکر ہے جو ایک تجربہ پر متفرع ہے۔

هذا الشكل (١) يدلُّك على انّ سطح الماء كروىّ تبعًا لكرويّة سطح الارض ولذا ترى رأس العمود المتوسّط مرتفعًا بالنسبة الى رأسَي الطرفَين كما يظهر من هذا الخط المستقيم

هذا الشكل (٢) يوضح انه لو كان سطح الماء و سطح الأرض مستويَين أى مسطَّحَين غير كرويَّين لكان حال الأعمدة الثلاثة مثل هذه الصورة و لَمَرَّ الخطُّ المستقيم على رؤوس الأعمدة الثلاثة من غير ارتفاع و انحطاط

تجربة بعض مهرة البريطانيا فانه ركز فى نهر مستوية
الارض ثلاث اعمدة من الخشب طويلة
بحيث ارتفع رأس كلّ عمودٍ منها من سطح الماء
١٣ قدماً و ٤ بوصاتٍ
وكان البعد بين كلّ عمودين منها نحو ثلاثة
اميالٍ
ثم نظر بتلسكوبه من رأس عمودٍ منها الى الآخرين
فظهر له انّ رأس العمود المتوسّط اعلى وارفع من رأسى
الآخرين
وهذا يدلّ على ارتفاع محلّ العمود الوسطانى
بالنسبة الى محلّى العمودين الآخرين

ایک سائنسدان ڈاکٹر اے۔ آر۔ والس نے ۱۸۷۰ء میں انگلینڈ کی ایک
نہر میں یہ تجربہ اس طرح کیا کہ اس نے اس نہر میں تین بانس ایک ہی لائن میں تین
تین میل کے فاصلے پر اس طرح گاڑے کہ ان میں سے ہر ایک پانی کی سطح سے
۱۳ فٹ ۴ انچ اونچا تھا۔ پھر دوربین سے ان کے سروں پر نظر ڈالی تو معلوم
ہوا کہ درمیانے بانس کا سرا دوسرے بانسوں سے اوپر اُبھرا ہوا ہے۔
اور یہ بات اسی صورت میں ممکن ہے جب کہ پانی کی سطح درمیان میں
اُبھری ہوئی ہو۔ اور پانی چونکہ زمین پر ہے۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ درمیانے

وهذا الارتفاعُ نتيجةُ كُروِيّةِ مَجرٰی الماءِ من الارض فثبَتَ انّ سطحَ الارض جميعَها مستديرٌ وانّ الارض كُرةٌ ﴿

بانس کی جگہ پر زمین اُبھری ہوئی اور گول ہے۔ اسی وجہ سے درمیانے بانس کا سرا دوسرے بانسوں کے سروں سے اُبھرا ہوا اور کچھ اونچا نظر آتا ہے۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ زمین کی ساری سطح مُستدیر (گول) ہے۔ اور زمین ایک کُرہ ہی ہے۔ کُرہ کی سطح گول ہی ہوتی ہے ﴿

فصل

فی القارّات

فصل

قولہ فی القارّات الخ۔ قارّة کا معنی ہے برّ اعظم۔ اس کی جمع قارّات ہے۔ فصلِ ھٰذا میں زمین کے سات برّ اعظموں کا ذکر ہے۔ برّ اعظموں کا یہ بیان قدیم علمِ ہیئت میں ہفت اقلیموں کی بحث سے مشابہ ہے۔ ہفت اقلیموں کی بحث ہیئتِ جدید کے طلبہ کے لیے بھی نہایت مفید ہے۔ اس لیے علماء و طلبہ کا ہر اقلیم کے مبدأ و منتہیٰ پر اور ہر ایک میں واقع ممالک۔ مقاماتِ مشہورہ اور بلادِ کبیرہ پر مطلع ہونا زمین کا جغرافیہ جاننے کے لیے بہت ضروری ہے۔ ہفت اقلیم کی طرف زمین کی تقسیم قدماء کے اس دعوے پر مبنی ہے کہ زمین کا نصفِ شمالی ہی (بلکہ نصفِ شمالی کا بھی تقریبًا نصف یعنی رُبعِ سطحِ ارض) انسان کا مَسکن ہے اور نصفِ جنوبی غیر آباد ہے۔ اس میں انسان کی آبادی قلیل بلکہ اقلّ و نادر ہے۔ والاقلّ الاندر کالمعدوم۔ لیکن آج سائنسی دور میں یہ دعویٰ غلط ثابت ہوگیا ہے۔ کیونکہ تمام ماہرینِ جغرافیہ جانتے ہیں کہ زمین کے

علماءُ الجُغرافيا والهيئۃِ قسّمو البَرَّ من الارض الی سبعۃ اَقسامٍ تسهیلاً لِفهمِ جُغرافیا الارضِ و تیسیرًالمعرفۃ مواقع البلادِ والدُّوَل

نصفِ جنوبی میں بھی کافی تعداد میں انسان موجود ہیں۔ اس میں کئی بڑے ممالک واقع ہیں مثل آسٹریلیا وغیرہ۔

قولہ الی سبعۃ اَقسامٍ الخ۔ جغرافیا۔ زمین کی سطح کی تفصیلات۔ مثلاً زمین کا نقشہ۔ مختلف ملکوں کے نقشے۔ طبعی حالات۔ سائنسی تقسیمات۔ مقامات اور شہروں کے محلِّ وقوع۔ ان سے متعلق موسموں اور آب و ہوا کے احوال سے متعلق علم کو علمِ جغرافیا (جغرافیہ) کہا جاتا ہے۔ مَوَاقع جمع مَوقع ہے اس کا معنی ہے محلِّ وقوع۔ دُوَل جمع دَولۃ ہے ملک۔ یعنی علمائے جغرافیہ

وسمّوا كلّ قسمٍ منها قارّةً وهٰذه اسماءُ القارّات السّبع ۔ قارّةُ آسيا وهي اعظمها واوسعها ۔ قارّةُ افريقيا ۔ قارّةُ اوروبا ۔ قارّةُ امريكا الجنوبيّة ۔ قارّةُ امريكا الشماليّة ۔ قارّةُ القطب الجنوبيّ المسمّاة بقارّة انتاركتيكا

وعلم ہیئت نے زمین کے خشک حصہ (بَرّ کا معنی ہے خشکی) کو سات حصوں میں منقسم کیا ہے ۔ ہر حصہ کا نام انہوں نے قارّہ (برِّ اعظم) رکھا ہے ۔ اس تقسیم میں کئی فوائد ملحوظ ہیں ۔ اوّل یہ کہ اس سے سطحِ زمین کا جغرافیہ سمجھنا اور مختلف ملکوں اور شہروں کے محلِّ وقوع کا سمجھنا آسان ہوتا ہے ۔

قولہ وسمّوا کلّ قسم الخ ۔ حاصل کلام یہ ہے کہ ماہرین نے ان سات حصوں میں سے ہر حصہ کا نام قارّہ (برّ اعظم) رکھا ہے ۔ پھر قارّہ کی اضافت کرکے ہر ایک برّ اعظم کو دوسرے سے ممتاز کرنے کے لیے خاص نام سے موسوم کر دیا ہے ۔ ان سات برّ اعظموں کے خاص نام یہ ہیں :-

(۱) برّ اعظم ایشیا ۔ اسے لغتِ عربیّہ میں آسیا کہتے ہیں ۔ اس کا رقبہ ہے ۱۷۰۰۰۰۰ مربع میل ۔ یہ تمام برّ اعظموں سے بڑا ہے ۔ پاکستان ۔ ہندستان ۔ افغانستان ۔ ایران ۔ سعودی عرب ۔ عراق ۔ شام ۔ یمن ۔ بنگلہ دیش ۔ چین برّ اعظم ایشیا میں واقع ہیں ۔

(۲) برّ اعظم افریقہ ۔ اس میں تمام افریقی ممالک واقع ہیں ۔ مصر اور لیبیا افریقی ممالک ہیں ۔ اس کا رقبہ ہے ۱۱۶۰۰۰۰ مربع میل ۔

(۳) برّ اعظم یورپ (لغتِ عربی میں اسے اوروبا و اوربا کہتے ہیں) برطانیہ ۔ فرانس ۔ جرمنی یورپی ممالک ہیں ۔ اس کے رقبے کی وسعت ہے ۳۸۰۰۰۰ مربع میل ۔

(۴) برّ اعظم جنوبی امریکا ۔ اس کا رقبہ ہے ۷۰۰۰۰۰ مربع میل ۔

فوق المنطقة التي تحيط بالقطب الشمالي تمرُّ أقصر الخطوط التي تصل بين طائفة من أكبر مدن الأرض

القارة المنجمدة الجنوبية وما حولها

قارّۂ اوستریلیا

(۵) برِّ اعظم شمالی امریکا۔ اس کا رقبہ ہے ۰۰۰۰۰ ۹ مربع میل۔

(۶) برِّ اعظم قطب جنوبی۔ اس کا رقبہ ہے ۰۰۰۰۰ ۵ مربع میل۔ اسے انٹارکٹکا، (انٹارکٹیکا) بھی کہتے ہیں۔ یہ برِّ اعظم نیا دریافت شدہ ہے۔ تھوڑی مدّت ہوئی کہ اس کا پتہ چلا ہے۔ کچھ مدّت قبل تک لوگ اس سے ناواقف تھے۔ یہ سائنسی تحقیق کا برسوں سے مرکز ہے۔ اب سیّاحوں کو بھی وہاں جانے اور سیاحت کی اجازت ملنے والی ہے۔ عالمی قانون کے تحت انٹارکٹیکا کے تقریباً ۴۲ فیصد رقبے پر حکومت آسٹریلیا کا حق تسلیم کیا جاتا ہے۔ لہٰذا آسٹریلیا کی پارلیمنٹ میں ایک بل پیش کیا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ انٹارکٹیکا میں سیّاحوں کے لیے مقامات بنائے جائیں تاکہ قومی آمدنی میں اضافہ ہوسکے۔

(۷) برِّ اعظم آسٹریلیا۔ اُسے جزیرہ اوقیانوسیہ بھی کہتے ہیں۔ یہ سب سے چھوٹا برِّ اعظم ہے۔

قولہ قارّۂ اوستریلیا الخ۔ بعض ماہرین کہتے ہیں کہ اس کا رقبہ ۷۶۸۲۳۰۰ مربع کیلومیٹر ہے۔ یا ۲۹۷۴۵۸۱ مربع میل ہے۔ بالفاظ دیگر اس کا رقبہ ہندستان و پاکستان دونوں کے رقبے کا دُگنا ہے۔ آسٹریلیا (اوسٹریلیا) دنیا کے سب سے بڑے سمندر بحر الکاہل میں ایک جزیرہ ہے۔ عجیب بات یہ ہے کہ یہ دنیا کا واحد برِّ اعظم ہے جس میں ایک ہی حکومت قائم ہے۔ یہ کُرۂ ارض کے جنوبی حصے میں واقع ہے۔ اس لیے جب زمین کے شمالی حصے پاکستان وغیرہ میں موسم گرما ہو تو آسٹریلیا میں موسم سرما ہوتا ہے۔ اور جب ہمارا موسم سرما ہو تو آسٹریلیا میں موسم گرما ہوتا ہے۔ ایک ملک کی حیثیت سے اس کا نام کامن ویلتھ اوف آسٹریلیا یعنی آسٹریلیا کی دولت مشترکہ ہے۔ بہر حال یہ ایک جزیرہ بھی ہے اور ایک برِّ اعظم بھی۔

اوسٹریلیا کے بارے میں ایک دل چسپ بات یہ ہے کہ برطانیہ نے اوسٹریلیا پر قبضہ کرنے کے کچھ عرصے بعد وہاں ایک بحری بیڑے میں سزا یافتہ مجرم بھیجے۔ مجرموں کو لے جانے والا بحری بیڑا سڈنی کے قریب پورٹ جیکسن میں ۲۶ جنوری ۱۷۸۸ء کو پہنچا اور اس کے بعد وہاں جو پہلی بستی بسائی گئی وہ برطانیہ کے مجرموں کی تھی ۱۷۸۸ء سے ۱۸۶۸ء تک کے

اسّی برس میں ۱۶۰،۰۰۰ مجرم وہاں بھیجے گئے۔ رفتہ رفتہ اور لوگ بھی پہنچتے گئے۔ ۱۸۵۰ء میں جب اوسٹریلیا میں سونا دریافت ہوا تو کئی ملکوں کے لوگ وہاں پہنچ گئے۔ ۱۹۰۱ء میں آسٹریلیا کی چھے ریاستوں (صوبوں) کو ملا کر وہاں ایک مرکزی حکومت قائم کر دی گئی۔ دارالحکومت کا نام کینبرا ہے۔ سب سے بڑی بندرگاہ سڈنی ہے۔ کامن ویلتھ اوف اوسٹریلیا کی چھے ریاستوں کے نام یہ ہیں نیو ساؤتھ ویلز۔ وکٹوریا۔ کوئنز لینڈ۔ جنوبی افریقہ۔ مغربی افریقہ۔ اور تسمانیہ۔ ان کے علاوہ شمالی علاقہ اور دارالحکومت' مرکزی حکومت کی نگرانی میں ہیں۔

اوسٹریلیا ایک چپٹا برّاعظم ہے۔ یعنی اس میں پہاڑی سلسلے بہت کم ہیں۔ سب سے اونچی چوٹی نیو ساؤتھ ویلز میں واقع ہے جسے ماؤنٹ "کوسی اسکو" کہتے ہیں۔ یہ سطح سمندر سے ۲۲۲۸ میٹر (= ۷۳۲۸ فٹ) کی بلندی پر واقع ہے۔

اتنے بڑے ملک میں جس کا رقبہ ہندستان اور پاکستان دونوں کے رقبے سے دُگنا ہے کل آبادی ۱۶ ملین یعنی ایک کروڑ ساٹھ لاکھ ہے یعنی ہمارے ایک صوبے سندھ سے بھی کم ہے۔ اگر آبادی کے لحاظ سے رقبے کا حساب لگایا جائے تو فی مربع کیلومیٹر دو آدمیوں کا اوسط بنتا ہے۔

شروع میں صرف برطانوی باشندے وہاں آباد ہوئے تھے، لیکن دوسری جنگ عالم گیر (۱۹۳۹-۱۹۴۵ء) کے بعد ۱۲۰ ملکوں کے تقریباً ۴۲ لاکھ آدمی وہاں بس گئے ہیں۔ نئے آبادکاروں میں اطالوی، یونانی، جرمن، ڈچ (ہالینڈ کے باشندے) پولش (پولینڈ کے باشندے) چینی، عرب، کروشین (یوگوسلاویہ کے علاقے کروشیا کے باشندے) مالٹیز (جزیرہ مالٹا کے باشندے) اسپینی، سربئین (یوگوسلاویہ کے علاقے سربیا کے باشندے) اور ویت نامی شامل ہیں۔ اگرچہ یہ لوگ اپنے گھروں میں اپنی مادری زبانیں بولتے ہیں، لیکن قومی زبان کی حیثیت سے سب لوگ انگریزی بولتے، لکھتے اور پڑھتے ہیں۔

بہت قدیم زمانے میں آسٹریلیا، ایشیا کا حصہ تھا۔ جب کرۂ ارض کے جغرافیے میں تبدیلیاں ہوئیں تو یہ کٹ کر الگ ہو گیا۔ ماہرین کا اندازہ ہے کہ اس کے اصل باشندے جن میں سے کچھ اب بھی وہاں موجود ہیں، چالیس ہزار سال پہلے وہاں پہنچے تھے۔ چوں کہ آسٹریلیا آج سے دو سو برس پہلے تک دنیا سے بالکل کٹا رہا، اس لیے وہاں کوئی ترقی نہ ہو سکی۔

اوسٹریلیا میں کئی عجیب و غریب جانور اور پودے پائے جاتے ہیں جو دنیا میں اور کہیں نہیں پائے جاتے۔ جانوروں میں کنگرو، ڈنگو، پلیٹی پس، کاسوویری اور کیوی مشہور ہیں۔ اور پودوں میں یوکلپٹس اور اکیشیا مشہور ہیں۔ یوکلپٹس سفیدے کی وہ قسم ہے جس کے پتوں کو رگڑنے سے خوشبو آتی ہے جو زکام اور ناک بند ہونے میں مفید ہوتی ہے۔ اکیشیا ایک کانٹے دار جھاڑی ہے جو پاکستانی کیکر سے کچھ ملتی جلتی ہے۔ درختوں کی یہ دونوں قسمیں اب پاکستان میں ہر جگہ ملتی ہیں۔ ان کے بیج آسٹریلیا سے لائے گئے ہیں۔

آسٹریلیا کی زیادہ آبادی سمندر کے ساحل پر واقع شہروں میں رہتی ہے۔ ملک کے اندر چھوٹے چھوٹے گاؤں یا فارم ہیں۔ چوں کہ ہر جگہ اسکول نہیں کھولے جا سکتے اور تمام بچوں کو تعلیم دینا بھی ضروری ہے، اس لیے وہاں ٹی وی اور ریڈیو کے ذریعہ سے تعلیم دی جاتی ہے۔ دیہات کے بچوں کو ایسے ریڈیو دیے گئے ہیں جن میں سننے کے ساتھ بچے ریڈیو اسٹیشن پر بیٹھے استاد سے بات چیت کر سکتے ہیں، سوال پوچھ سکتے ہیں اور سوالوں کے جواب دے سکتے ہیں۔ بچوں کے علاوہ بڑوں کو جو یونی ورسٹیوں اور کالجوں سے دور رہتے ہیں، چھے قومی تعلیمی مرکزوں سے ٹی وی اور ریڈیو کے ذریعہ سے اعلیٰ تعلیم دی جاتی ہے۔

تازہ ترین اطلاع کے پیش نظر ۱۹۶۰ء میں برِّ اعظم آسٹریلیا میں صرف ایک مسلمان مقیم تھا۔ یہ پٹھان تھا جس کا نام دوست محمد تھا۔ وہ اپنے ۲۴ اونٹوں سمیت کشمیر سے یہاں آکر آباد ہوا۔ اس نے برِّ اعظم کی دریافت کے سلسلہ میں برٹ اور ولس کی مدد کی تھی۔ اس کے بعد دیگر مہموں میں بھی مسلمانوں اور ان کے اونٹوں سے مدد لی جاتی رہی۔ ان لوگوں کو آسٹریلیا میں افغان کے نام سے پکارا جاتا رہا۔ جس میں تخفیف ہوگئی اور یہ "غانز" رہ گیا۔ ۱۹۶۰ء کے بعد سے آسٹریلیا میں آکر آباد ہونے والے ایسے پٹھانوں کی تعداد دو ہزار سے زائد ہے جن میں زیادہ تر کا تعلق پاکستانی علاقوں سے ہے۔ یہ مسلمان سخت جان با تدبیر سمجھے جاتے ہیں، اور اونٹوں کی افزائش نسل کے علاوہ اونٹوں کے ذریعہ مال ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا ان کا پیشہ ہے۔ اب آسٹریلیا میں مسلمانوں کی تعداد ایک لاکھ سے زائد ہے۔ جن میں زیادہ تر ترکی، پاکستان، انڈونیشیا، مصر سے آکر یہاں آباد ہوئے ہیں۔ اور انھوں نے بھی ان پٹھانوں کا پیشہ اختیار کر رکھا ہے اور ان سب کو غانز کہا جاتا ہے۔ آسٹریلیا میں ان افغانوں کی بہت

ثمّ اِنّ قارّۃ آسیا موقعُ معظمِ الدُّوَلِ الاسلامیّۃ ومَسکَنُ اکثرِ الانبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات ومحلُّ اعظمِ الجبالِ وارفعِہا وھو جبل افرست (ایورسٹ)

عزت کی جاتی ہے اور پورٹ پیری اور الائس سپرنگ کے درمیان چلنے والی ٹرین جس کا نام "غانز" ہے حکومت کی طرف سے ان کی خدمات کے اعتراف کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ۱۸۸۹ء میں ایڈلیڈ میں تعمیر کی جانے والی مسجد کو حکومت کا تحفظ حاصل ہے۔ (اخبار جنگ ۲۲ جولائی ۱۹۸۹ء)

آسٹریلیا کے اصل باشندوں میں بہت سے آج بھی اسی طرح جنگلوں اور ریگستانوں میں بستے ہیں جیسے کہ وہ دو سو برس پہلے بستے تھے۔ وہ درختوں کے پھلوں، شکار اور مچھلیوں پر گزارا کرتے ہیں۔ ان کا اپنا الگ آرٹ ہے۔ وہ اپنی اپنی الگ بولیاں بولتے ہیں۔ اس قسم کی بولیوں کی تعداد ۱۵۰ ہے۔ جب سے جمہوریت کو ترقی ہوئی ہے۔ حکومت نے ان لوگوں کی ترقی کے کئی منصوبے بنائے ہیں۔ بہت سے اصل باشندے شہروں میں بس گئے ہیں اور سرکاری عہدوں پر بھی فائز ہیں۔

آسٹریلیا سائنس اور ٹکنالوجی میں خاصی ترقی کر چکا ہے۔ دنیا کی سب سے عمدہ دوربین آسٹریلیا میں ہے۔ آسٹریلیا کے تین سائنس دان نوبیل انعام حاصل کر چکے ہیں۔ طب، بنجر علاقوں کی آبادکاری، ریڈار، کپڑا بننے کی مشینوں اور بہروں کے لیے سننے کے آلات کی ایجاد میں آسٹریلیا کو شہرت حاصل ہے۔

قولہ، ثمّ انّ قارّۃ آسیا موقع مُعظمِ الخ۔ مُعْظَم۔ بروزن مُکرَم۔ بصیغہ اسم مفعول از باب اِفعال۔ اس کا معنی ہے اکثر۔ مُعظم الشئی ای اکثرہ۔ افرست ای ایورسٹ۔ یہ کوہ ہمالیہ کی بلند تر چوٹی کا نام ہے۔ عربی میں اسے افرست کہتے ہیں۔ کیتو ای کے ٹو۔ یہ ہمالیہ کی دوسرے نمبر پر بلند چوٹی ہے جو مملکتِ پاکستان کے قبضہ میں ہے۔ دُوَل یہ جمع دولۃ ہے۔ حکومت۔ مملکت۔ عبارتِ ھذا میں ایشیا کی تین خصوصیات کا ذکر ہے۔

(۱) اوّل یہ ہے کہ اکثر اسلامی ممالک برِّ اعظم ایشیا میں واقع ہیں۔ مثل

جدول القارّات مع بیان سعۃِ کلّ قارّۃٍ

اسم القارّۃ	قدر المساحۃ بالامیال المربّعۃ	
آسیا	۱۷۰۰۰۰۰۰	میلِ مربّع
افریقیا	۱۱۶۰۰۰۰۰	میلِ مربّع
امریکا الشمالیّۃ	۹۰۰۰۰۰۰	میلِ مربّع
امریکا الجنوبیّۃ	۷۰۰۰۰۰۰	میلِ مربّع
انتارکتیکا	۵۰۰۰۰۰۰	میلِ مربّع
اوروبا	۳۸۰۰۰۰۰	میلِ مربّع
اوستر الیا	۳۵۰۰۰۰۰	میلِ مربّع

پاکستان ، افغانستان ۔ ایران ۔ یمن ۔ سعودی عرب ۔ عراق ،شام ۔اردن ۔کویت
بحرین ۔ قطر ۔عمان ۔ انڈونیشیا ۔ مالدیپ ۔ بنگلہ دیش ۔ ترکی ۔
ہندستان بھی ایشیا میں واقع ہے ۔ یہ اگرچہ اسلامی ملک نہیں ہے ۔ لیکن
اس میں بہت زیادہ مسلمان آباد ہیں ۔

(۲) خصوصیّتِ دوم یہ ہے کہ اکثر انبیاء ورسُل علیہم الصلاۃ والسلام اللہ
تعالیٰ نے برّ اعظم ایشیا ہی میں مبعوث فرمائے ہیں ۔ موسٰی و ہارون
علیہما السلام اوّلاً اگرچہ مصر میں تھے جو برّ اعظم افریقہ میں واقع ہے مگر بعد
میں دونوں اپنی قوم سمیت ملک شام میں بحکمِ خدا تشریف لے گئے ۔ نیز دونوں
بلکہ سب بنی اسرائیل دراصل شام کے باشندے تھے ۔ یوسف علیہ السلام
کے زمانے میں عارضی طور پر مصر میں آباد ہو گئے تھے ۔ آدم علیہ السلام سری لنکا
میں (جبلِ آدم سری لنکا میں اب تک معروف ہے) جنت سے اُتارے
گئے تھے ۔ جو ایشیا کا حصہ ہے ۔ قبلتین مسجدِ اقصٰی وکعبۃُ اللہ ۔ مدینہ منورہ

وغیرہ شعائرِ اسلامیہ کا تعلق ایشیا ہی سے ہے۔

(۳) خصوصیتِ سوم یہ ہے کہ زمین کے بلند ترین پہاڑ بھی ایشیا ہی میں واقع ہیں۔
کوہِ ہمالیہ سب سے بڑا اور سب سے طویل پہاڑ ہے۔ وہ ایشیا میں واقع ہے۔
ہمالیہ کی چوٹی ایورسٹ (جسے عربی میں افرست کہتے ہیں) دنیا کی بلند ترین چوٹی ہے۔ اس کی بلندی ہے ۲۹۱۴۱ فٹ۔ اس کے بعد دوسرے نمبر پر کوہِ ہمالیہ کی بلند چوٹی کا نام کے ٹو ہے۔ کے ٹو پاکستان کے قبضہ میں ہے۔

فصل

فی حرکۃ الارض

○ والارضُ لیست ساکنۃً کما یظنّ عوامُ الناس بل ھی متحرِّکۃٌ بحرکتین معًا اِحداھما تسمّٰی بالحرکۃ السّنویّۃ والثانیۃُ تسمّٰی بالحرکۃ الیومیّۃ وبالحرکۃ المحوریّۃ

فصل

قولہ الارض لیست ساکنۃً الخ۔ فصلِ ھٰذا میں زمین کی حرکت کے علاوہ پانچ اُن خیالی دائروں کا ذکر بھی ہے جن کا تعلق زمین کی حرکت سے ہے۔ بالفاظِ دیگر وہ زمین کی حرکت پر متفرّع ہیں۔

عبارتِ ھٰذا کا مطلب یہ ہے کہ عوام کا خیال ہے کہ زمین ساکن ہے۔ یعنی وہ

اَمَّا الحرکۃُ الاُولٰی فھی اَنَّ الارضَ تدورُ حولَ الشمسِ فی مدارٍ بیضیٍّ یُسامِت دائرۃَ البروج و لک ان تقول انّ ھٰذا المدارَ نفسُ دائرۃِ البروج وتُکمِلُ الارضُ ھٰذہ الدَّورۃَ فی ۳۶۵ یومًا و ۶ ساعاتٍ وھٰذہ المدّۃُ ھی سَنَتُنا الشمسیّۃُ

متحرک نہیں ہے۔ عوام کے خیال کا مبنیٰ و مدار یہ ہے کہ زمین کی حرکت دقیق آلات کے بغیر محسوس نہیں ہوتی۔ لیکن یہ خیال اور گمان علمی طور پر اور باعتبار واقعہ درست نہیں ہے۔
واقعہ اور صحیح بات یہ ہے کہ زمین بیک وقت دو حرکتوں سے متحرک ہے۔ ایک حرکت کا نام ہے حرکتِ سنویّ یعنی سالانہ حرکت۔ دوسری حرکت کا نام ہے حرکتِ یومی یعنی روزانہ گردش۔ اس دوسری حرکت کو حرکتِ محوری بھی کہتے ہیں۔ زمین روزانہ اپنے محور کے گرد لٹّو کی طرح مغرب سے مشرق کی طرف گھومتے ہوئے ایک دورہ ۲۴ گھنٹے میں مکمل کرتی ہے۔

قولہ اَمَّا الحرکۃ الاولیٰ الخ۔ یہ زمین کی پہلی حرکت یعنی سالانہ حرکت کا بیان ہے۔ بیضیّ نسبت ہے بیضۃ کی طرف۔ بیضۃ کا معنی ہے انڈہ۔ جو دائرہ پوری طرح گول نہ ہو بلکہ اس میں معمولی طول ہو اسے مدارِ بیضی و مدارِ اہلیجی کہتے ہیں۔ یُسامِت ای یُحاذی کسی کی سمت میں ہونا۔

حاصل کلام یہ ہے کہ زمین کی پہلی حرکت یہ ہے کہ وہ آفتاب کے گرد ایک ایسے بیضوی طریق و مدار یعنی ایسی فضائی لائن میں گردش کر رہی ہے جو دائرۂ بروج کے محاذی ہے یعنی اس کی سمت میں واقع ہے۔

مُسامتۃ کا مآل یہ ہے کہ زمین کا یہ بیضوی مدار دائرۂ بروج کی سطح میں واقع ہے۔ دائرۃ البروج تو اوپر ستاروں کے مابین فرض کیا جاتا ہے اور زمین کا مدار اس سے نیچے ہے۔ تاہم یہ مدارِ ارضی چاروں طرف دائرۃ البروج کی سمت و سطح میں واقع ہے۔

وَاَمَّا الحرکۃُ الثانیۃُ فھی انّ الارض تدُوْرحولَ نفسہا ای حولَ محورِھا من المغرب الی المشرق وتُکمِل ھٰذہٖ الدّورۃَ فی ۲۴ ساعۃً

وھٰذہٖ الحرکۃُ ھی سببُ وجودِ اللیلِ والنھارِ واختلافِہما

بالفاظِ دیگر آپ یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ زمین کا مدار ایک حیثیت سے عین دائرۃ البروج ہے۔ بہر حال زمین آفتاب کے گرد مدارِ بیضوی میں گردش کرتے ہوئے ایک سال میں یعنی ۳۶۵ دن ۶ چھ گھنٹے میں ایک دورہ مکمل کرتی ہے۔ دورے کی یہ مدّت ہمارا شمسی سال ہے۔ پس شمسی سال کا مطلب ہے آفتاب کے گرد زمین کے ایک دورے کا وقفہ۔ یہ وقفہ ہمیشہ یکساں رہتا ہے۔ اس میں کوئی خاص معتد بہ اور نمایاں فرق نہیں ہوتا۔

اللہ تعالیٰ کے مُستحکم و مُنظّم نظامِ عالَم کا اندازہ لگائیے کہ زمین اِس مدار میں اگرچہ گاہے تیز ہوتی ہے یعنی جب وہ آفتاب کے قریب آرہی ہو۔ اور گاہے سُست وبطئی الحرکۃ ہوتی ہے یعنی جب کہ وہ آفتاب سے دور ہو۔ لیکن مجموعی طور پر کامل دورے کی مدّت میں چند منٹ کا تفاوُت و فرق بھی واقع نہیں ہوتا۔ لہٰذا ایسا کبھی نہیں ہوتا کہ ایک سال دوسرے سال سے چند منٹ کم یا زیادہ ہو جائے۔ فسبحان اللہ ما اعظم شانہ وما احکم نظامہ۔

قولہ واَمّا الحرکۃ الثانیۃ الخ۔ یہ زمین کی دوسری حرکت جو حرکتِ محوریّہ ویومیّہ سے موسوم ہے کا بیان ہے۔ تفصیلِ کلام یہ ہے کہ زمین اِس دوسری حرکت سے لٹّو کی طرح اپنی جگہ پر اپنے محور کے گرد مغرب سے مشرق کی طرف گردش کرتے ہوئے ۲۴ گھنٹے میں ایک دورہ پورا کرتی ہے۔

قولہ وھٰذہٖ الحرکۃ ھی الخ۔ عبارتِ ھٰذا میں حرکتِ ثانیہ کے ۲ دو ثمرات و نتائج کا ذکر ہے جو حرکتِ ہذا پر متفرّع ہیں۔

پہلا نتیجہ یہ ہے کہ زمین کی یہ حرکتِ ثانیہ شب و روز کے وجود اور شب و روز کے علی الدوام یکے بعد دیگرے ظہور اور آنے جانے کا سبب ہے۔

وسبب طلوع السیّارات والشمس والنجوم من الشرق وغروبها فی الغرب کلّ یوم

اختلافِ لیل ونہار سے کئی معانی مراد ہوسکتے ہیں۔

مرادِ اوّل۔ رات اور دن کا حرارت وبرودت میں فرق۔ عموماً رات سرد ہوتی ہے اور دن گرم۔

مرادِ دوم۔ روشنی وتاریکی میں فرق۔ دن روشن ہوتا ہے اور رات تاریک۔

مرادِ سوم۔ شب وروز کا یکے بعد دیگرے آنا جانا۔ یعنی کبھی رات ہوتی ہے اور کبھی دن۔

مرادِ چہارم۔ اس میں اشارہ ہے ایک ہی شہر ومقام میں رات اور دن کی کمی بیشی کی طرف۔ یعنی کبھی رات لمبی ہوتی ہے اور کبھی دن لمبا ہوتا ہے۔ اس کمی بیشی میں زمین کی حرکتِ اُولیٰ کا بھی بہت زیادہ دخل ہے۔ قرآن مجید میں ہے انّ فی خلق السمٰوات والارض و اختلاف الیل والنہار لاٰیات لاُولی الالباب

مرادِ پنجم۔ مختلف بلاد ومقامات میں ایک ہی زمانہ میں راتوں کا اور دنوں کا باعتبار طول فرق۔ مثلاً جنوری میں ہم اہلِ لاہور کی راتیں طویل ہوتی ہیں اور دن چھوٹے۔ اور نصفِ جنوبی کے باشندوں کا حال برعکس ہوتا ہے۔ کیونکہ جنوری میں اُن کے دن لمبے ہوتے ہیں اور راتیں چھوٹی۔

قولہ وسبب طلوع السیّارات الخ۔ یہ نتیجۂ ثانیہ کا بیان ہے۔ یعنی ہم دیکھتے ہیں کہ تمام سیّارے سورج اور کئی ستارے ہر ۲۴ گھنٹے میں مشرق سے طلوع کرتے ہوئے مغرب میں غروب ہوجاتے ہیں۔ ستاروں۔ سورج اور سیّاروں کے روزانہ طلوع و غروب کا سبب زمین کی حرکتِ محوری ہی ہے۔

زمین مغرب سے بطرف مشرق حرکت کرتے ہوئے ۲۴ گھنٹے میں دورہ تام کرتی ہے۔ زمین کی اس حرکت کی وجہ سے ہمیں اس کے برعکس اَجرام سماویّہ مشرق سے مغرب کی طرف چلتے ہوئے طلوع وغروب کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔

ثم اعلم ان محور الارض هو الخط المستقیم الموهوم المار بمرکز الارض المنتهی الی قطبی الارض الشمالی و الجنوبی

وھذا المحور لایزال یُسامت فی جھۃ الشمال نجما

اس کی مثال ایسی ہے جیسے کہ ایک گاڑی بڑی تیزی سے سڑک پر مشرق کی طرف چل رہی ہو تو گاڑی میں سوار شخص کو سڑک کے کنارے پر کھڑے درخت اُلٹی جانب یعنی مغرب کی طرف دوڑتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔

قولہ ثم اعلم ان محور الارض الخ۔ آگے ایک نئی بحث ہے۔ اس لیے اس کی ابتداء میں لفظ اِعلم لایا گیا۔ اس نئی بحث میں چند ایسے امورِ اصطلاحیہ کا بیان ہے جن کا قوی تعلق ہے حرکتِ ارض کے ساتھ۔ یا حرکتِ ارض کا سمجھنا ان امور کے جاننے پر موقوف ہے۔ ان امور میں سے پہلا امر زمین کا محور ہے۔ دوسرا امر نجمِ قطبِ شمالی ہے تیسرا خطِ استواء ہے۔ چوتھا خطِ سرطان ہے پانچواں خطِ جدی ہے۔ چھٹا دائرۂ معدل النہار ہے۔ ساتواں دائرۂ بروج ہے۔

عبارتِ ہذا میں محورِ ارضی کا بیان ہے۔ محورِ ارضی نام ہے اُس خیالی و موہوم خطِ مستقیم کا جو جسمِ ارض کے اندر اندر خیالی طور پر مرکزِ ارض پر گزرتے ہوئے اس کے قطبِ شمالی و قطبِ جنوبی تک پہنچے۔ پس محور خاص قطر کا نام ہے۔ قطر عام ہے اور محور خاص۔ کسی کُرے کے مرکز پر سے گزرنے والا اور طرفین تک پہنچنے والا خطِ وہمی قطر کہلاتا ہے۔ اور یہی قطر جب قطبینِ کرہ تک پہنچے تو وہ محور بھی کہلاتا ہے۔ مِحور بکسرِ میم و فتحِ واو ہے۔

قولہ وھذا المحور لایزال الخ۔ یُسامتُ ای یُحاذِی۔ دُبّ اصغر یعنی چھوٹا ریچھ یہ ستاروں کے ایک مجموعہ کا نام ہے۔ دور سے اِن ستاروں کی مجموعی شکل ریچھ کی طرح معلوم ہوتی ہے۔ اس لیے اس مجموعہ کا نام دُبّ رکھا گیا۔ چونکہ اس قسم کے مجموعے دو ہیں ایک چھوٹا اور ایک بڑا۔ اس لیے ایک کا نام دُبّ اصغر رکھا گیا اور دوسرے کا نام دُبّ اکبر۔ قطبِ شمالی کا ستارہ دُبّ اصغر کے ستاروں میں سے ایک ستارہ ہے۔

محورِ ارضی شمالی جہت میں دائماً ایک خاص ستارے کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

معروفاً بين الناس سموه بنجم القطب الشمالی وھو نجم من مجموعة نجوم مسمیّ بالدّب الاصغر

وہ ستارہ نجمِ قطب شمالی کہلاتا ہے۔
بالفاظِ دیگر محورِ ارضی شمالی جہت میں ایک معیّن و معروف ستارے کا مُحاذی و مُسامت ہوتا ہے جسے قطبِ شمالی کا نجم کہتے ہیں۔ اگر محورِ ارضی کو اپنے خیال میں آپ فضائے بسیط میں سیدھا لے جائیں تو وہ سیدھا اُس ستارے پر پہنچ جائے گا۔ اِس مُسامتت و محاذات کی وجہ سے یہ ستارہ قطبِ شمالی کا تارہ کہلاتا ہے۔

ونجمُ القطبِ ثابتٌ فی مکانِہ وساکنٌ حیث لایتبدّل موقعہ فی رأیِ العین بخلاف سائر النجوم فانّ مواقعہا تتبدّل فی السّماء وتُرٰی متحرّکۃً من المشرق الی المغرب

والناسُ یستفیدُون من نجمِ القُطب الشمالیِّ فوائدَ کثیرۃً منہا معرفۃُ الجِہات وتعیینُ جہۃ قبلۃ الصّلوات

قولہ ونجم القطب ثابتٌ الخ۔ کسی کرے کا قطب ہمیشہ ایک ہی مقام پر ثابت وساکن ہوتا ہے۔ اس لیے قطبین کی یہ تعریف کی جاتی ہے ھما نقطتان ساکنتان فی جنبی الکرۃ المتحرّکۃ۔

اور یہ قطبی تارہ چونکہ زمین کے قطب شمالی کی سمت میں واقع ہے اور قطب حرکت نہیں کرتا۔ اس لیے یہ قطبی تارہ بھی ہمیشہ ایک ہی مقام میں ثابت وساکن نظر آتا ہے۔ رأی العین یعنی ظاہری نظر میں اس تارے کا مقام فضا میں بدلتا نہیں اس کے برخلاف تمام ستاروں کے آسمان میں مواقع بدلتے ہیں۔ اور وہ مشرق سے مغرب کی طرف قطبی تارے کے گرد حرکت کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

بالفاظِ دیگر ظاہری طور پر تمام عالم یعنی سارے ستارے اِس قطبی تارے کے گرد (زمین کی حرکتِ محوری کی وجہ سے) مشرق سے مغرب کی طرف گھومتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

قولہ والناس یستفیدون الخ۔ یعنی اس قطبی تارے سے عام انسان خصوصًا زمین کے نصفِ شمالی کے باشندے بہت زیادہ فوائد کا استفادہ کرتے ہیں۔

مثلًا اس کے ذریعہ مسافر لوگ جنگلوں میں جہات کی شناخت کرسکتے ہیں۔

والخطُّ المفروضُ علی سطح الارض وَسْط قطبی الارض یُسمّٰی خطَّ الاستواء

اسی طرح اس کے ذریعہ نمازوں کے قبلہ کا تعیُّن آسان ہوجاتا ہے۔ پاکستان و افغانستان و ہندستان و بنگلہ دیش میں آپ رات کو یوں کھڑے ہوجائیں کہ یہ تارہ آپ کے دائیں مونڈھے کے پچھلے حصے کا مُحاذی و مُسامِت ہو تو اس حالت میں آپ سیدھے رُو بقبلہ کھڑے ہونگے۔ قطبِ جنوبی کے محاذِی آسمان میں کوئی تارہ موجود نہیں ہے۔ اس لیۓ زمین کے نصفِ جنوبی کے باشندے اس سہولت و نعمت سے محروم ہیں۔

قولہ والخط المفروض علی الخ۔ یہ امرِ ثالث یعنی خطِّ استوار کا بیان ہے۔ یعنی زمین کے قطبین کے عین وسط میں شرقًا و غربًا زمین کی سطح پر ایک گول خط یعنی دائرہ فرض کیا جاتا ہے۔ وہ خطّ استواء کہلاتا ہے۔ خط استواء سے قطبین کا فاصلہ شمالاً و

ثمّ انّ معرفۃ خطّ الاستواء من اھمّ مقاصد هذا الفنّ

والخطّ الذی یُفرض علی سطح الارض مُوازیًا لخطّ الاستواء شمالًا او جنوبًا یُسمّٰی بخطّ السّرطان اِن کان شمالیًّا عن خطّ الاستواء وبخطّ الجدی اِن کان جنوبیًّا عن خطّ الاستواء

والدّائرۃُ المفروضۃُ فی الفضاء الأعلٰی بین النجوم حِذاءَ خطّ الاستواء مِن کلّ جانبٍ تُسمّٰی بدائرۃ معدّل النہار

جنوبًا بالکل برابر ہوتا ہے۔

خطِ استواء کا جاننا اور یاد رکھنا نہایت ضروری ہے۔ یہ علم ہیئت کے اہم مقاصد میں سے ہے۔ زمین کا جغرافیہ سمجھنا خطِ استواء کی شناخت پر موقوف ہے۔

قولہ والخطّ الذی یفرض علی الخ۔ عبارتِ ھذا میں امر رابع وخامس کا یعنی خطّ سرطان و خطّ جدی کا بیان ہے۔ تفصیلِ کلام یہ ہے کہ خطِ استواء کے مُوازی ۲۳½ درجہ کے فاصلہ پر زمین پر دو خط فرض کیے جاتے ہیں۔ ایک خطِ استواء سے شمال میں ہے اور دوسرا خطِ استواء سے جنوب میں ہے۔ شمالی خط کا نام خط سرطان ہے اور جنوبی خط کا نام خطِ جدی ہے۔

قولہ والدائرۃ المفروضۃ الخ۔ یہ امر سادس یعنی دائرہ معدّل النہار کا بیان ہے۔ فنِ ھذا میں اس دائرہ کا ذکر کثرت سے ہوتا رہتا ہے۔ ستاروں کے مابین فضاءِ اعلیٰ میں خطِ استواء کی سمت پر ایک دائرہ فرض کیا جاتا ہے۔ یہی دائرہ دائرہ معدّل النہار سے موسوم ہے۔

صورة تقاطع المعدّل و دائرة البروج على الاعتدالَين

ومُعدّلُ النهارِ و خطُّ الاستواء لأجل تحاذيهما باتمّ وجهٍ متّحدان فی غیر واحدٍ من الاحکام لا فرق بینهما سوٰی انّ خطَّ الاستواء یُفرض علی سطح الارض و دائرةَ معدّل النهار تُفرض فی الفضاء الاعلیٰ بین النّجوم والدائرةُ المفروضةُ فی الفضاء بین النجوم محاذاءَ مدار الارض حولَ الشمس تُسمّٰی دائرةَ البروج

قولہ ومعدّل النہار و خطّ الاستواء الخ۔ یعنی معدّل النہار و خطّ استوا چونکہ بطریق اتمّ و اکمل ایک دوسرے سے محاذی ہیں اور آپس میں ایک دوسرے کی سمت میں واقع ہیں اس لیے دونوں دائرے متعدّد احکام و مسائلِ علم ہیئت میں متحد ہیں۔ ان دونوں دائروں میں صرف یہ فرق ہے کہ خطِ استوا سطحِ ارض پر فرض کیا جاتا ہے۔ اور معدّل النہار بالا فضا سماوی میں ستاروں کے مابین فرض کیا جاتا ہے۔

قولہ والدائرة المفروضة فی الفضاء الخ۔ یہ امر شایع یعنی دائرۃ البروج کی حد و تعریف کا بیان ہے۔ دائرۂ بروج کا نام فصلِ ھٰذا کی ابتدا میں گزر گیا ہے۔ نیز وہاں اس کی تعریف و حد کی طرف بھی اشارہ ہو چکا ہے۔ یہاں مزید تفصیل پیش کی گئی ہے۔

توضیح کلام یہ ہے کہ فضا میں آفتاب ظاہری طور پر جس طریق و لائن میں زمین کے گرد مغرب سے مشرق کی طرف چلتے ہوئے پورے سال میں ایک دورہ مکمل کرتا ہے۔ آفتاب کی گردش کا یہ طریق و مدار دائرۃ البروج کہلاتا ہے۔ یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ مدارِ شمسی دائرۃ البروج کی سطح میں واقع ہے۔

آفتاب کی یہ گردش جیسا کہ پہلے بتایا گیا ہے زمین کی حرکت حول الشمس کا نتیجہ ہے۔ دراصل زمین اپنے ایک خاص فضائی مدار میں آفتاب کے گرد گردش کرتی ہے۔ زمین کی اس گردش کے نتیجہ میں ظاہری طور پر دوسری جانب میں یوں دکھائی دیتا ہے کہ آفتاب اسی مدار میں یعنی دائرۃ البروج میں زمین کے گرد گردش کرتا ہے۔

ولاجل تحاذی دائرۃِ البروجِ ومدار الارض یُعتبران فی الظاہر کأنھما شیءٌ واحدٌ ۞

پس مدارِ ارضی کی سیدھ و محاذات پر فضاءِ اعلیٰ ہیں اور ستاروں کے مابین ایک دائرہ فرض کیا جاتا ہے۔ اسے دائرۃ البروج کہتے ہیں۔ چونکہ دائرۂ بروج و مدارِ ارضی ایک دوسرے کے بالکل مُحاذی و مُسامت ہیں، اسی وجہ سے ظاہری طور پر دونوں کے احکام متّحد ہیں اور دونوں کو شیٔ واحد سمجھا جاتا ہے ۞

فصل

فی معرفۃ الاعتدالیٖن

فصل

قولہ فی معرفۃ الاعتدالین الخ۔ دائرۃ البروج میں دو نقطوں (جگہوں) کا نام اعتدالین ہے۔ ان کا جاننا نہایت مفید و ضروری ہے۔ فصلِ ھذا میں اعتدالین کی تفصیل پیش کی گئی ہے۔

اسی طرح دائرۃ البروج میں دو اور نقطوں (جگہوں) یعنی انقلابین کا جاننا بھی ضروری اور نافع ہے۔ ان دو میں سے ایک کا نام انقلاب شتوی ہے۔ اور دوسرے کا نام انقلابِ صیفی ہے۔ بقصدِ اختصار فصلِ ھذا میں انقلابین کا ذکر ترک کر دیا گیا۔

یاد رکھیے دائرہ بروج معدل النہار کو کاٹتے ہوئے اس کا ایک نصف معدل النہار (خطِ استواء سے بھی) کے جنوب میں اور اس کا دوسرا نصف معدِل النہار کے شمال میں ہوتا ہے۔

اعلم انّ دائرةَ البروج تُقاطعُ دائرۃ معدّلِ النہار علیٰ موضعَین سُمِّیَ احدُھما بالاعتدال الرّبیعیّ و

شمالاً یا جنوباً دائرۂ بروج کے وہ دو مقام (نقطے) جو معدّل النہار سے بعید تر واقع ہیں وہ دو مقام انقلابین کہلاتے ہیں۔ ان میں سے ایک مقام انقلابِ صیفی سے موسوم ہے اور وہ ہے مبدأ برجِ سرطان۔ آفتاب ۲۱ جون کو انقلابِ صیفی میں داخل ہوتا ہے۔ اس دن سے نصفِ شمالی میں صیف یعنی موسم گرما شروع ہوتا ہے۔

اور دوسرا مقام انقلابِ شتوی سے موسوم ہے۔ اور وہ ہے مبدأ برج جدی۔ سورج ۲۱ دسمبر کو برج جدی کے مبدأ میں داخل ہوتا ہے۔ اُس دن نصف کرۂ شمالی میں موسم سرما شروع ہوتا ہے۔ شتوی نسبت ہے شتاء کی طرف۔ شتاء کا معنی ہے موسم سرما۔

نصف کرۂ جنوبی کے موسموں کا حال برعکس ہے۔ کیونکہ جس وقت ہمارا موسم گرما ہوتا ہے ان کا موسم سرما ہوتا ہے اور جس زمانے میں ہمارا موسم سرما ہوتا ہے ان کا موسم گرما شروع ہوتا ہے۔ اسی طرح ہمارا انقلابِ صیفی نصفِ جنوبی کے باشندوں کے لیے انقلابِ شتوی ہے۔ اور ہمارا انقلابِ شتوی ان کے لیے انقلابِ صیفی ہے۔

قولہ سُمّیَ احدھما الخ۔ گزشتہ فصل میں دائرۂ بروج و دائرۂ معدّل النہار کی تفصیل و حقیقت آپ کو معلوم ہوگئی۔ عبارتِ ھٰذا میں یہ بتایا گیا ہے کہ یہ دو دائرے اوپر فضا میں ایک دوسرے کو کاٹتے ہیں۔ بالفاظِ دیگر دائرۂ بروج معدّلِ النہار کو دو جگہوں پر کاٹتا ہے۔ اسی وجہ سے آدھا دائرۂ بروج معدّل سے شمالاً واقع ہوتا ہے اور آدھا معدّل سے جنوباً واقع ہوتا ہے۔

تقاطُع کے ان دو مقاموں کو اعتدالین کہتے ہیں۔ ان میں سے ایک اعتدالِ ربیعی سے موسوم ہے۔ یہ اعتدال برجِ حمل کے مبدأ میں واقع ہے۔ اور دوسرے مقامِ تقاطُع کا نام ہے اعتدالِ خریفی۔ اور وہ ہے برجِ میزان کا مبدأ۔

هو اوّلُ برجِ الحمل وسُمِّيَ الآخرُ بالاعتدالِ الخريفيّ وهو اوّلُ بُرجِ الميزان
امّا الاعتدالُ الرّبيعيُّ فسُمِّيَ بذلك لانّ الشمس اذا

شکل دائرة البروج ودائرة معدل النهار المتقاطعتين على اوّل برج الحمل واوّل برج الميزان وترى البروج الاثنى عشر فى دائرة البروج

قولہ اما الاعتدال الرّبیعیّ فسمّی الخ ۔ عبارتِ ھٰذا میں اعتدالِ ربیعی کی وجہ تسمیہ کا بیان ہے ۔ ربیع کا معنی ہے موسم بہار (سردی کے بعد معتدل موسم)۔ اعتدال کا معنی ہے مُساوی ہونا ۔ برابری ۔ مُعظم ۔ بصیغۂ اسم مفعول از باب افعال ۔ اس کا معنی ہے اکثر ۔ مُعظم الشئ ای اکثرہ ۔ معمور ۔ آباد زمین ۔

حاصلِ کلام یہ ہے کہ اوّلِ برجِ حمل کو اعتدالِ ربیعی اس لیے کہتے ہیں کہ جب آفتاب باعتبار حرکتِ ظاہری (ظاہری اس لیے کہا کہ دراصل زمین ہی دائرہ بروج میں

وصلت اليه باعتبار حركتها الظاهرية التابعة لحركة الارض حول الشمس يتساوى الليل والنهار طولاً ويعتدلان ويحصل فصل الربيع فى معظم نصف الارض الشمالى المعمور
والشمس تبلغ هذا الاعتدال فى ٢١ مارس و عند البعض فى ٢٢ مارس
و اما الاعتدال الخريفى فسمى بذلك لاعتدال

اور اس کی محاذات میں آفتاب کے گرد گھوم رہی ہے ۔ زمین کی اس حرکت کی وجہ سے ظاہری نگاہ میں آفتاب دائرۃ البروج میں مغرب سے مشرق کی طرف زمین کے گرد گھومتا ہوا نظر آتا ہے ۔ اور ایک ایک برج کو طے کرتے ہوئے اگلے برج میں داخل ہوتا ہوا معلوم ہوتا ہے) برج حمل میں پہنچتا ہے تو اُس وقت دو اثرات نمودار ہوتے ہیں۔

پہلا اثر یہ ہے کہ اس تاریخ کو نصف کرۂ شمالی کے اکثر آباد حصوں میں رات اور دن برابر ہوتے ہیں۔ یعنی رات بھی بارہ گھنٹے کی ہوتی ہے اور دن بھی بارہ گھنٹے کا ہوتا ہے۔ یہ اعتدال سے تسمیہ کی وجہ ہے۔

دوسرا اثر یہ ہے کہ نصف کرۂ شمالی کے مذکورہ صدر حصوں میں موسم بہار شروع ہوتا ہے۔ یہ تسمیہ بالربیعی کی وجہ ہے۔ آفتاب مبدأ برج حمل میں ٢١ مارچ کو پہنچتا ہے۔

قولہ واما الاعتدال الخریفی الخ۔ عبارتِ ھٰذا میں اعتدالِ خریفی کی وجہ تسمیہ کا ذکر ہے۔ ملوین سے مراد ہیں شب و روز۔ خریف وہ معتدل موسم ہے جو گرمی کے بعد آتا ہے۔ خزاں۔

تفصیلِ مرام یہ ہے کہ اعتدالِ خریفی کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ سورج اپنی ظاہری

الملويين وتساويهما طولا۔

ولحصول فصل الخريف فی اکثر نصف الارض المسکونِ الشمالیّ عند وصول الشمس الیہ باعتبار الحرکۃ الظاہریّۃ

وذلک فی ۲۲ سبتمبر وعند بعض العلماء فی ۲۳ سبتمبر

ھٰذا حکمُ نصفِ الارض الشمالیّ المسکون

واَمّا حُکمُ نصفِہا الجنوبیِّ المعمور فبالعکس

گردش سے جب اس اعتدال میں یعنی برج میزان میں داخل ہوتا ہے تو نصف کرۂ شمالی میں دو نتائج ظاہر ہوتے ہیں۔

پہلا نتیجہ یہ ہے کہ اس تاریخ کو نصف کرۂ شمالی کے اکثر خطّوں (آباد خطّوں) میں رات دن برابر ہوتے ہیں۔ یہ تسمیہ بالاعتدال کی وجہ ہے۔

دوسرا نتیجہ یہ ہے کہ شمالی نصف کرہ کے اکثر خطّوں میں موسمِ خریف (خزاں) شروع ہو جاتا ہے۔ یہ تسمیہ بالخریفی کی وجہ ہے۔ آفتاب برج میزان کے اول میں ۲۲ ستمبر کو اور حسب رائے بعض ماہرین ۲۳ ستمبر کو داخل ہوتا ہے۔

قولہ واَمّا حکم نصفہا الجنوبیّ الخ۔ یعنی اعتدالین دو موسموں سے متعلق مذکورہ صدر تفصیل نصف کرۂ ارضی شمالی کے بارے میں تھی۔ باقی نصف کرۂ جنوبی کا حکم اس سلسلہ میں نصف شمالی کے برعکس ہے۔

ایضاح مطلوب یہ ہے کہ نصف جنوبی کے آباد خطّوں (یہ احتراز ہے قطب جنوبی سے کیونکہ وہاں ہر وقت سردی ہی سردی ہوتی ہے۔ نیز وہاں چھے ماہ کی رات ہوتی ہے اور چھے ماہ کا دن) کا معاملہ برعکس ہے۔ پس ہم باشندگانِ نصفِ شمالی کے لیے جو اعتدالِ ربیعی ہے وہ

٢١ حزيران (يونيو)
٢٢ أيلول (سبتمبر)
الشمس
٢٠ آذار (مارس)
٢١ كانون الأول (ديسمبر)

اِذ ما ھو اعتدالٌ ربیعیٌ لنا سُکّانَ النصفِ الشمالیّ فھو اعتدالٌ خریفیٌّ لساکنیِ النصف الجنوبیّ وما ھو اعتدالٌ خریفیٌّ لنا فھو اعتدالٌ ربیعی لھم۔

جنوبی نصف کُرہ کے باشندوں کے لیے اعتدالِ خریفی ہے۔ اور جو ہمارے لیے اعتدالِ خریفی ہے وہ جنوبی نصف کرہ کے رہنے والوں کے لیے اعتدالِ ربیعی ہے۔

اسی طرح جب ہمارا موسم سرما ہو تو اُن کا موسم گرما ہوتا ہے۔ اور جب ہمارا موسم گرما ہو تو اسی زمانے میں ان کا موسم سرما ہوتا ہے ٭

فصل

فی تقسیم الدائرۃ

اعلم ان لعلماء ھذا الفنّ نوعین من تقسیم الدائرۃ مشہورین قدیمین احدھما یعُمّ کلّ دائرۃ والثانی یختصّ بدائرۃ البروج

فصل

قولہ لعلماء ھذا الفنّ الخ۔ تفصیل کلام یہ ہے کہ فن ھٰذا میں مختلف تقاسیم رائج ہیں۔ البتہ اُن تقسیموں میں سے دو نوع تقسیم مشہور و قدیم ہیں۔ ان میں سے ایک تقسیم عام ہے جو ہر دائرے میں جاری ہو سکتی ہے۔ اور دوسری تقسیم صرف دائرۃ البروج کے ساتھ مختص ہے۔ دونوں کی تفصیل آگے آرہی ہے۔

أمّا النوعُ الأوّلُ فهو انهم يُقسّمون كلَّ دائرةٍ الى ۳۶۰ جزءً ويُسمّون كلّ جزءٍ منها بدرجةٍ ثم يُقسّمون كلَّ درجةٍ الیٰ ۶۰ جزءً ويُسمّون كلّ جزءٍ منها دقيقةً ثم يقسّمون كلَّ دقيقةٍ الیٰ ۶۰ جزءً ويُسمّون كلَّ جزءٍ منها ثانيةً

وامّا النوعُ الثانی فهو انّهم قسّموا دائرةَ البروج

قولہ امّا النوع الاوّل الخ۔ یہ تقسیم کی قسم اوّل کا ذکر ہے۔ محصّل کلام یہ ہے کہ قدیم زمانے سے یہ بات مسلّم چلی آرہی ہے کہ ہر دائرے میں ۳۶۰ درجے ہوتے ہیں دائرہ چھوٹا ہو یا بڑا ماہرین اس کو ۳۶۰ اجزاء میں تقسیم کرتے ہیں۔ ہر جزء درجہ (ڈگری) کہلاتا ہے۔ پھر ہر درجہ کی تقسیم کرتے ہیں ۶۰ اجزاء کی طرف۔ اور درجے کے ان ۶۰ اجزاء میں سے ہر جزء کا نام ہے دقیقہ۔

پھر ہر دقیقہ کی تقسیم کرتے ہیں ۶۰ اجزاء کی طرف۔ اور ہر جزء کا نام ہے ثانیہ (سیکنڈ) پھر ہر ثانیہ کی تقسیم کرتے ہیں ۶۰ ثالثوں کی طرف۔ اور ہر ثالثے کی ۶۰ رابعوں کی طرف۔ وعلیٰ ہذا القیاس۔ یہ تقسیم تو مسلّم اور قدیم ہے۔ البتہ یہ بالیقین معلوم نہیں کہ سب سے پہلے یہ تقسیم کس نے کی ہے۔ اوّلیت کی نسبت بعض علماء اہل بابل کی طرف کرتے ہیں۔ اور بعض علماء اہلِ مصر کی طرف اور بعض علماء اہل یونان کی طرف کرتے ہیں۔

قولہ وامّا النوعُ الثانی الخ۔ یہ تقسیم کی نوع ثانی کا بیان ہے۔ اِس میں بارہ بروج کی تفصیل ہے۔ یہ خاص تقسیم ہے جو صرف دائرۂ بروج میں جاری ہوتی ہے ایضاح کلام یہ ہے کہ ماہرین دائرۂ بروج کو یعنی طریقِ سیرِ شمس کو بارہ حصوں کی طرف تقسیم کرتے ہیں۔ ہر حصہ بُرج کہلاتا ہے۔ پس یہ ۱۲ حصے ہی وہ ۱۲ بروج ہیں جو کہ مشہور ہیں۔

شكل تجزئة الدائرة ٣٦٠ جزءً و تربيع الدائرة بحيث ترى كل ربع محتويًا على ٩٠ درجةً و كل واحد من الخطوط الطويلة نهاية خمس درجات .

شكل تقسيم منطقة البروج إلى البروج الاثني عشر

الی اثنی عشر قسماً

وھٰذہ الاقسامُ الاثنا عشر ھی البروجُ الاثنا عشر المشهورۃ وسمّوا کلّ برجٍ باسمٍ

وھٰذہ اسماء البروج - (۱) الحمل (۲) الثور (۳) الجوزاء (۴) السّرطان (۵) الاسد (۶) السُنبلۃ ھٰذہ السّتۃُ شمالیّۃٌ عن المعدِّل (۷) المیزان (۸) العقرب (۹) القوس (۱۰) الجدی (۱۱) الدّلو (۱۲) الحُوت -

ھٰذہ الستۃ جنوبیّۃ عن المعدِّل یشتمل کلّ برجٍ

قولہ وسمّوا کلّ برج الخ - یعنی ماہرین نے ہر بُرج کو ایک خاص نام سے موسوم کیا ہے -

علی الترتیب اِن بارہ[۱۲] بروج کے نام یہ ہیں. (۱) حمل (۲) ثور (۳) جوزاء (۴) سرطان (۵) اسد (۶) سُنبلہ. یہ چھے برج معدِّل النہار کے شمال میں واقع ہیں. آگے چھے بروج معدّل النہار کے جنوب میں واقع ہیں. ان کے نام یہ ہیں. (۷) میزان. (۸) عقرب (۹) قوس (۱۰) جدی (۱۱) دلو (۱۲) حوت.

قولہ یشتمل کلّ برج الخ. یعنی ان بارہ بُروج میں سے ہر بُرج ۳۰ درجات پر مشتمل ہے. اور ان درجات کی مجموعی تعداد ۳۶۰ بنتی ہے.

تقسیم اوّل سے آپ کو معلوم ہوگیا کہ ہر دائرہ ۳۶۰ درجوں پر مشتمل ہوتا ہے. اس لیے دائرۃ البروج بھی ۳۶۰ درجات پر مشتمل ہوگا. اور ۳۶۰ کو ۱۲ پر تقسیم کرنے سے حاصل ۳۰ نکلتا ہے. لہٰذا ۱۲ بروج میں سے ہر برج ۳۰ درجات پر مشتمل ہوگا.

منہا علی ثلاثین درجۃً

وتقطع الارضُ فی سیرِھا حولَ الشمس جمیعَ البروج فی السنۃِ وکلَّ برجٍ فی الشہرِ

فدائرۃُ البروج اسمُ لطریقٍ فضائیٍ تسیر فیہ الارضُ حولَ الشمس وان شئتَ فقُل انّ طریق سیر الارض و مدارہ واقعٌ فی سطح دائرۃ البُروج ومُحاذٍ لہا کما عرفتَ فی الفصل المتقدّم

ثم تبعًا لسیر الارض حولَ الشمس فی دائرۃ البروج

قولہ وتقطع الارض الخ۔ پہلے بتایا گیا کہ مدارِ ارضی اور منطقۃ البروج متحد ہیں یا یہ کہ مدارِ ارضی دائرۃ البروج کی سطح میں واقع ہے۔ بہرصورت مدارِ ارضی اور دائرۃ البروج کا حکم ایک ہے۔

زمین اپنے مدار کو ایک سال میں مکمل طور پر طے کر لیتی ہے۔ تو اس کا نتیجہ اور مطلب یہ ہے کہ زمین آفتاب کے گرد گردش کرتے ہوئے سارے بروج کو ایک سال میں اور ایک ایک برج کو ایک ایک ماہ میں طے کرتی ہے۔ بہرحال دائرۃ البروج اس فضائی راستے اور مدار کا نام ہے جس میں زمین آفتاب کے گرد گھوم رہی ہے۔ یا یوں کہیے کہ زمین کی گردش حول الشمس کا طریق و مدار دائرۃ البروج کی سطح میں اور اس کے محاذات میں واقع ہے۔

قولہ ثم تبعًا لسیر الارض الخ۔ عبارتِ ہذا میں آفتاب کی حرکتِ ظاہری حول الارض کا بیان ہے۔

تفصیلِ مرام یہ ہے کہ درحقیقت زمین ہی آفتاب کے گرد گھومتی ہے دائرۃ البروج میں۔ لیکن زمین کی اس گردش کے نتیجہ میں ظاہری طور پر یوں نظر آتا ہے کہ آفتاب ہی

(شكل فصول السنة)

تُرٰی الشمسُ کاَنّھا تسیر حولَ الارض من الغرب الی الشرق قاطعۃً کلَّ بُرجٍ فی الشھرِ وجمیعَ البروج فی السنۃِ

فحرکۃُ الارض فی مدارھا حولَ الشمس ھی حرکۃٌ حقیقیّۃٌ

واَمّا حرکۃُ الشمس حولَ الارض فی دائرۃ البروج فلیست الّا حرکۃً ظاھریّۃً فحسبُ وخداعًا بصریًّا فقط

زمین کے گرد مغرب سے مشرق کی طرف دائرۃ البرج کے محاذات وسمت میں گردش کرتے ہوئے ہر برج کو ایک ماہ میں طے کرتا ہے اور تمام بروج کو ایک سال میں۔

قولہ فحرکۃ الارض فی مدارھا الخ۔ عبارتِ ھٰذا میں زمین کی حرکتِ حقیقی اور آفتاب کی حرکتِ ظاہری کا بیان ہے۔ بالفاظِ دیگر یہ کلام سابق کا نتیجہ ہے۔

تفصیلِ کلام یہ ہے کہ کلام سابق میں دو باتیں معلوم ہوئیں۔ اوّل یہ کہ زمین دائرۃ البرج میں یعنی اپنے مدار میں آفتاب کے گرد گھوم رہی ہے۔ دوم یہ کہ آفتاب بھی اِسی دائرۃ البروج میں جو کہ مدارِ شمسی بھی ہے زمین کے گرد گردش کرتا ہے۔

بظاہر اس کلام میں تعارُض اور اشکال ہے۔ دونوں باتیں درست نہیں ہوسکتیں۔ اِس اشکال کا حل عبارتِ ھٰذا میں یہ پیش کیا گیا ہے کہ یہاں دائرۃ البرج میں درحقیقت ایک ہی حرکت ہے دوسری حرکت صرف ظاہری حرکت اور نگاہ کا فریب ہے۔ یعنی زمین کی حرکت تو آفتاب کے گرد حقیقی حرکت ہے۔ کیونکہ واقع ونفس الامر میں

الشكل (١)

هذا الشكل (١) يمثل المدار الحقيقى للأرض الدائرة فى هذا المدار حول الشمس و هو مدار " ا ب ج د ه " المسمّى بدائرة البروج و بالدائرة الكسوفية و الشمس فى احدى بؤرتيه .

الشكل (٢)

هذا الشكل (٢) يمثل المدار الظاهرى للشمس حول الأرض حيث ترى الشمس سائرة حول الأرض فى هذا المدار مدار " ا ب ج د ه " المسمّى بدائرة البروج و الأرض فى احدى بؤرتى هذا المدار .

اذ الشمس لا تتحرّك حقیقةً فی دائرة البروج حولَ الارض بل الارضُ ھی المتحرِّکة فیھا حولَ الشمس۔

جَدولُ دخولِ الشمس فی کلّ برج باعتبار الحرکة الظاھریّة

	اسماء البروج	اوقات دخول الشمس فیھا بالتقریب		اسماء البروج	اوقات دخول الشمس فیھا بالتقریب
۱	الحمل	۲۱ مارس۔ الاعتدال الربیعی	۷	المیزان	۲۲ سبتمبر۔ الاعتدال الخریفی
۲	الثّور	۲۰ ابریل	۸	العقرب	۲٤ اکتوبر
۳	الجوزاء	۲۱ مایو	۹	القوس	۲۲ نوفمبر
٤	السّرطان	۲۱ یونیو۔ الانقلاب الصیفی	۱۰	الجدی	۲۱ دیسمبر۔ الانقلاب الشتوی
۵	الاسد	۲۳ یولیو	۱۱	الدلو	۲۰ ینایر
٦	السُّنبلة	۲۳ اغسطس	۱۲	الحوت	۱۹ فبرائر

زمین ہی اپنے مدار میں آفتاب کے گرد حرکت سے متصف ہے۔ باقی آفتاب کی حرکت حول الارض دائرۃ البروج میں یا دائرۃ البروج کے محاذی مدار میں صرف ظاہری حرکت ہے آنکھوں کا دھوکہ ہے۔ کیونکہ نفس الامر و واقع میں دائرۃ البروج میں آفتاب حرکت حول الارض نہیں کرتا۔ بلکہ زمین ہی آفتاب کے گرد دائرۃ البروج میں یا دائرۃ البروج کے محاذی و مسامت مدار میں حرکت کرتی ہے۔

قولہ جدول دخول الشمس الخ۔ درج ذیل جدول و نقشہ میں حرکتِ ظاہری کے

پیشِ نظر ہر بُرج میں آفتاب کے داخل ہونے کی تقریبی تاریخ بتائی گئی ہے۔
پس بُرجِ حمل میں آفتاب حرکتِ ظاہری کے پیشِ نظر ۲۱ مارچ کو پہنچتا ہے۔ ثور میں ۲۰ اپریل میں جوزاء میں ۲۱ مئی میں۔ سرطان میں ۲۱ جون میں۔ اسد میں ۲۳ جولائی میں۔ سنبلہ میں ۲۳ اگست۔ میزان میں ۲۲ ستمبر۔ عقرب میں ۲۴ اکتوبر۔ قوس میں ۲۲ نومبر۔ جدی میں ۲۱ دسمبر۔ دلو میں ۲۰ جنوری۔ اور حوت میں ۱۹ فروری کو پہنچتا ہے۔ اِن تاریخوں میں علماء ہیئت کے مابین کچھ اختلاف ضرور موجود ہے۔ تاہم اختلاف معمولی ہے۔ اس لیے بعض ماہرین نے مندرجہ ذیل جدول پیش کرتے ہوئے بعض تاریخوں میں اختلاف کا اظہار کیا ہے۔ دراصل یہ جدول بھی تقریبی ہے نہ کہ تحقیقی۔

نام برج	مدّتِ قیام ہر برج میں		نام برج	مدّتِ قیام ہر بُرج میں	
حمل	۲۱ر مارچ	۲۰ر اپریل	میزان	۲۳ر ستمبر	۲۳ر اکتوبر
ثور	۲۱ر اپریل	۲۰ر مئی	عقرب	۲۴ر اکتوبر	۲۲ر نومبر
جوزاء	۲۱ر مئی	۲۰ر جون	قوس	۲۳ر نومبر	۲۰ر دسمبر
سرطان	۲۱ر جون	۲۰ر جولائی	جدی	۲۱ر دسمبر	۱۹ر جنوری
اسد	۲۱ر جولائی	۲۱ر اگست	دلو	۲۰ر جنوری	۱۸ر فروری
سنبلہ	۲۲ر اگست	۲۲ر ستمبر	حُوت	۱۹ر فروری	۲۰ر مارچ

فصل

فی ارتفاع الشمس

○ معرفۃ ارتفاع الشمس مِنْ اَنفع مطالب علم

قولہ معرفۃ ارتفاع الشمس الخ۔ فصلِ ھٰذا میں دو امور کی تفصیل ہے
اوّل کسی دن اور دن کے کسی وقت افق سے آفتاب کا ارتفاع معلوم کرنا۔
دوم کسی دن آفتاب کی غایتِ ارتفاع معلوم کرنا۔ غایتِ ارتفاع عین دوپہر کے وقت ہوتی ہے۔

پھر غایتِ ارتفاع شمس دو قسم پر ہے۔ اوّل یومی۔ دوم سنوی۔ یعنی اوّل یہ ہے کہ کسی دن آفتاب کا دوپہر کے وقت ارتفاع کتنے درجات کا ہے۔

مثلاً دوپہر کے وقت آفتاب کا ارتفاع ٦٠ درجہ ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اُس خاص دن میں آفتاب کی زیادہ سے زیادہ بلندی ٦٠ درجہ ہے۔ اور ارتفاعِ سنوی کا مطلب یہ ہے کہ سارے سال میں آفتاب کی زیادہ سے زیادہ بلندی

الهيئة واحسنِ مقاصدہٖ
وتتوقّفُ معرفتُه ذلك على معرفة مقدار زاويةٍ
تحدث بين اَشعّةِ الشمس وسطح الارض الذی تقع
علیہ الاشعّۃُ
وھٰذہٖ الزاویۃُ تکونُ صَغیرۃً جدًّا بُعیدَ طلوع الشمس
بل عند طرفَی النہار

ازافق کس تاریخ (دن) کو اور کتنے درجے ہوتی ہے۔
مثلاً لاہور میں زیادہ سے زیادہ ارتفاعِ شمس ازاُفق ۲۱ جون کو ہوتا ہے۔ اور اس کی مقدار ۸۰ درجے سے کچھ زیادہ ہوتی ہے۔ الغرض ارتفاعِ شمس کا جاننا علم ہیئت کے نہایت مفید واہم مطالب میں سے ہے۔

قولہ وتتوقّف معرفۃ الخ۔ یعنی ارتفاعِ شمس کا جاننا موقوف ہے ایک خاص زاویہ کی معرفت پر۔ اُس زاویہ کی مقدار کی معرفت کے بعد ارتفاعِ شمس کا جاننا آسان ہوجاتا ہے۔

اُس خاص زاویہ سے وہ زاویہ مراد ہے جو سورج کی شعاع اور سطحِ ارض کے مابین پیدا ہوتا ہے۔ سورج کی شعاع جب سطحِ ارض پر واقع ہوتی ہے تو شعاع اور سطحِ ارض کے مابین ایک زاویہ پیدا ہوتا ہے وہی زاویہ ارتفاعِ شمس کو ظاہر کرتا ہے۔ اگر اُس زاویہ کی مقدار دس۱۰ درجات ہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اِس وقت اُفق سے آفتاب کی بلندی دس درجہ ہے وعلیٰ ہذا القیاس۔

قولہ وھٰذہٖ الزاویۃ تکون الخ۔ حاصلِ کلام یہ ہے کہ سطحِ ارض اور اُس پر واقع اشعۂ شمسیہ کے مابین زاویہ اگر چھوٹا ہو تو آفتاب کی بلندی ازافق کم ہوگی۔ اور اگر یہ زاویہ بڑا ہو تو آفتاب کی بلندی ازافق بھی زیادہ ہوگی۔
اس بیان سے آپ سمجھ گئے ہوں گے کہ سورج کے طلوع کے فوراً بعد یہ زاویہ

وَیتزایدُ قدرُھا حسبَ تزایُدِ ارتفاعِ الشمس عنِ الأُفق حتی یَنتصِفَ النھارُ
ویَبلغُ عُظمُ ھٰذہِ الزاویۃِ غایتہٗ عندَ انتصافِ النھار کما یبلُغ ارتفاعُ الشمس نھایتہٗ آنذاک

بہت چھوٹا ہوگا کیونکہ اُس وقت آفتاب کی بلندی ازافق بہت کم ہوتی ہے۔ بلکہ آپ یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ دن کے طرفین میں یعنی صبح وعصر کے وقت یہ زاویہ بہت چھوٹا ہوتا ہے کیونکہ جس طرح طلوعِ شمس کے فوراً بعد آفتاب کی بلندی ازافق شرقی نہایت کم ہوتی ہے اسی طرح دن کے آخری حصہ میں یعنی غروبِ شمس سے تھوڑی دیر پہلے آفتاب کی بلندی ازافقِ غربی نہایت کم ہوتی ہے۔

قولہ ویتزاید قدرھا الخ۔ یعنی جوں جوں آفتاب افقِ شرقی سے بلند ہوتا جاتا ہے تُوں تُوں زاویہ مذکورہ کی مقدار بڑھتی جاتی ہے یہاں تک کہ نصف النہار یعنی دوپہر ہوجائے۔ عین نصف النہار یعنی دوپہر کے وقت مذکورہ صدر زاویہ کی مقدار و وسعت انتہا کو پہنچ جاتی ہے۔

کیونکہ دوپہر کو آفتاب کی بلندی ازاُفق بھی انتہا کو پہنچ جاتی ہے۔ پس دوپہر کے وقت اس زاویہ کی مقدار اُس دن آفتاب کی غایت بلندی ظاہر کرتی ہے۔ اگر وہ زاویہ ۵۰ درجات کا ہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آج کے دن آفتاب کی غایت بلندی ۵۰ درجات ہے۔ اور اگر وہ زاویہ دوپہر کے وقت قائمہ ہو۔ قائمہ زاویہ ۹۰ درجے کا ہوتا ہے۔ تو ثابت ہوا کہ اُس دن آفتاب دوپہر کے وقت عین سر پر ہے۔ اور اس کی شعاع مقامِ عمل مذکور پر عموداً واقع ہوتی ہے۔ پس آفتاب کی غایت بلندی ۹۰ درجہ ہے۔

یہ بات یاد رکھیں کہ کسی شہر و مقام میں آفتاب کی غایت بلندی زیادہ سے زیادہ ۹۰ درجہ ہوسکتی ہے۔ یہ بات ناممکن ہے کہ آفتاب کی بلندی ۹۰ درجہ سے زائد ہوجائے۔ یہ بات بھی ذہن نشین رہے کہ لاہور اور اُن تمام بلاد میں جو خطِ سرطان سے شمالاً واقع ہیں آفتاب کی غایت بلندی کبھی بھی ۹۰ درجے تک نہیں پہنچ سکتی۔ کیونکہ

وَاَمَّا قدرُ الزاوِيَۃِ فیُستعلَم بآلَۃٍ مشھورۃٍ مصنوعۃٍ لھذا المطلب تکونُ فی صورۃ قوسٍ مساویۃٍ لنصف الدائرۃ منقوشۃٍ علیھا علاماتُ ۱۸۰ درجۃً

ثمّ اعلم اَنّ استنباطَ ارتفاع الشمس یتفرّع علی عملٍ وھو اَن تنصِبَ علی ارضٍ مستویۃٍ مقیاسًا

آفتاب سال کے کسی دن بھی ہمارے سر پر نہیں آسکتا۔ ۲۱ جون کو اگرچہ آفتاب ہمارے سَمتِ الرّاس کے قریب سے گزرتا ہے۔ لیکن پھر بھی وہ ہماری سَمت الرّاس سے دوپہر کے وقت تقریبًا (۹) درجے جنوبًا گزرتا ہے۔

قولہ وامّا قدر الزاویۃ الخ۔ یہ دفع سوال ہے۔ سوال یہ ہے کہ کسی زاویہ کے درجات و مقدار معلوم کرنے کا طریقہ کیا ہے؟

حاصل جواب یہ ہے کہ کسی زاویہ کی مقدار معلوم کرنا آسان ہے۔ اس کا پتہ ایک مشہور آلہ سے لگایا جاتا ہے جو اس مقصد کے لیے بنایا ہوا ہوتا ہے۔ وہ آلہ نصف دائرہ کی مُساوی قوس کی شکل میں ہوتا ہے۔ اُس قوس پر ۱۸۰ درجات کی علامات منقوش ہوتی ہیں۔ پرکار وغیرہ آلات کے ساتھ یہ آلہ بازار میں عام بکتا ہے۔ علماء و طلباء کے مابین یہ آلہ معروف ومشہور ہے۔

قولہ ثمّ اعلم انّ استنباط الخ۔ عبارتِ ھذا میں اُس عمل کی تفصیل ہے جس کے ذریعہ ارتفاع شمس معلوم کیا جاسکتا ہے۔

اُس عمل کی توضیح یہ ہے کہ آپ زمین پر دائرۂ ہندیہ بنائیں۔ دائرۂ ہندیہ کا ذکر تفصیلی میری دیگر کتابوں میں ملاحظہ کریں۔ دائرۂ ہندیّہ کا طریقہ قدرے طویل ہے اس پر کئی دن صرف ہوتے ہیں۔ اس لیے اُسے نظر انداز کرتے ہوتے عبارتِ ھذا میں ایک اور مختصر طریقے کا ذکر ہے۔

مقياس درجات الزاوية

مَعلومَ الطول بحیث یَتحقّق بینہ وبین الارض زوایا قوائمَ من کلّ جانب
ثم قِس طُولَ ظلّ المقیاس وقتَ ھٰذا العمل واحتفِظ

بہٖ

ونفرِض انّ طولَ المقیاس رُبعُ القدَم ای ثلاثُ بُوصاتٍ وانّ طولَ الظلّ سُدسُ القدم ای بوصتان

مختصر طریقہ یہ ہے کہ آپ ہموار زمین پر مقیاس (لکڑی یا لوہے کے تار کا ٹکڑا) سیدھا کھڑا کر دیں۔ یہ ضروری ہے کہ مقیاس کی لمبائی آپ کو پہلے سے معلوم ہو۔ فرض کریں اس کی لمبائی تین انچ ہے۔

نیز یہ ضروری ہے کہ وہ زمین پر ٹیڑھا اور شکستہ ایستادہ بھی نہ ہو۔ بلکہ عموداً اور ایسا سیدھا کھڑا ہو کہ اس کے اور زمین کے مابین چاروں طرف زوایا قائمہ پیدا ہو جائیں معمولی محنت اور فکر سے آپ مقیاس کو عموداً کھڑا کر سکیں گے۔ یہ تو عمل کا ایک حصہ تھا جو ختم ہو گیا۔ آگے عمل کے دوسرے حصے کا بیان ہے۔

قولہ ثم قِس طول ظلّ الخ۔ یہ عمل کے دوسرے حصہ کا بیان ہے۔ یعنی کسی دن زمین پر عموداً مقیاس کھڑا کرنے کے بعد آپ عمل کے وقت مقیاس کے سایہ کی لمبائی بڑی دقّتِ نظر سے معلوم کر کے ذہن نشین کر لیں۔ یہ کام بڑا آسان ہے۔

فرض کریں کہ بوقتِ عمل سایہ ۲ دو انچ لمبا ہے اور مقیاس ہم نے ۳ انچ کا کھڑا کیا تھا۔ یہ عمل کے دوسرے حصے کا بیان تھا جو آپ نے سُن لیا۔

قدم بفتح قاف ودال۔ اس کا معنی ہے فٹ۔ اس کی جمع اقدام ہے۔ ایک فٹ ۱۲ انچ لمبا ہوتا ہے۔ آگے عمل کے تیسرے حصے کا ذکر آرہا ہے۔

ثم بعد ذلك ارسم علی الورقة مثلث ا۔ب۔ج بحیث یکون ضلعُ ا۔ب۔ منه ربعَ القدم ای نظیرَ المقیاس ویکونُ ضلعُ ب۔ج۔ سدسَ القدم لیکون نظیرَ الظلّ

وبحیث یکون کلٌّ واحدٍ من هٰذین الضلعین قائماً علی الآخر وعموداً علیه لتحدث بینهما زاویةٌ قائمةٌ

قولہ ثم بعد ذلک ارسم الخ۔ یہ عمل کے تیسرے حصے کا بیان ہے۔ تفصیلِ مطلب یہ ہے کہ مقیاس اور سایہ اور سورج کی شعاع سے ایک خیالی شکلِ مثلث بنتی ہے۔ اب آپ کاغذ کے ایک ورقے پر شکلِ مثلث یعنی مثلث ا۔ب۔ج بنا دیں۔ یہ شکلِ مثلث مذکورہ صدر خیالی شکل کی نظیر ہونی چاہیے۔ یعنی اس کے تمام اَضلاع کا سابقہ خیالی مثلث کے اَضلاع کے برابر ہونا ضروری ہے۔

لہذا کاغذ والی مثلث کا ضلع۔ ا۔ب۔ ربع فٹ ہو۔ یعنی تین انچ ہو۔ تاکہ یہ مقیاس کے برابر ہو۔ کیونکہ مقیاس بھی تین انچ تھا۔ اِسی طرح اِس مثلث کا دوسرا ضلع یعنی ضلع ب۔ج۔ دو انچ ہونا چاہیے تاکہ یہ سایہ کی نظیر ہو جائے۔ سایہ ہم نے دو (۲) انچ فرض کیا تھا۔

کاغذ والی مثلث کے ان دو ضلعوں کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ دونوں کے مابین زاویہ قائمہ ہو۔ کیونکہ سابقہ خیالی شکل میں مقیاس اور ظل کے مابین زاویہ بھی زاویہ قائمہ تھا۔ ہم نے مقیاس کو عموداً زمین پر کھڑا کیا تھا۔ لہذا کاغذ والی مثلث میں زاویۂ ب قائمہ ہوگا۔

وعُظمُ زاویۃ۔ ج۔ من هذا المثلّث هو المطلوب

فاِن کان قدرُ زاویۃ۔ ج۔ ۵۰ درجۃً مثلاً کان ارتفاعُ الشمس ۵۰ درجۃً عن الاُفق

الشرقی صباحاً اِن وقَع العملِ المذکور قبل انتصاف النهار او ۵۰ درجۃً عن الاُفق الغربی مَساءً اِن وقع العمل بعدَ الزّوال

قولہ وعُظمُ زاویۃ ج۔ الخ۔ عبارتِ ہذا میں نتیجۂ عمل سابق واستنباطِ مطلوب (ارتفاعِ شمس) کا بیان ہے۔

حاصل یہ ہے کہ کاغذ پر مثلث۔ ا۔ ب۔ ج۔ بنانے کے بعد آپ کے لیے استخراجِ مطلوب آسان ہوگیا۔ اِس سارے عمل سے ہمارا مطلوب مثلثِ ھٰذا میں

وإن تحقق عملك المذكور وقت انتصاف النهار كان مقدار زاوية ـ ج ـ غاية ارتفاع الشمس في ذلك اليوم بعينه باعتبار البلد الذي جرى فيه هذا العمل

زاویہ ـ ج ـ ہی ہے ۔ جیسا کہ آپ متن میں مذکور شکل میں دیکھ رہے ہیں ۔ یہی زاویہ ـ ج ـ ہی ارتفاع شمس کی مقدار بتلاتا ہے ۔

مثلاً زاویہ ـ ج ـ ۵۰ درجے کا ہے ۔ تو ثابت ہوا کہ عملِ مذکور کے وقت آفتاب کی بلندی اُفق سے ۵۰ درجے ہے ۔ اگر یہ عمل آپ نے دوپہر سے قبل کیا ہو تو آفتاب افقِ شرقی سے بوقت صبح ۵۰ درجے بلند ہوگا ۔ اور اگر یہ عمل آپ نے زوال کے بعد کیا ہو تو عملِ مذکور سے یہ ثابت ہوا کہ آفتاب پچھلے پہر افقِ غربی سے ۵۰ درجے بلند ہے ۔

زوال کے بعد تا غروبِ شمس وقت مَسَاء کہلاتا ہے اور زوال سے قبل سارا وقت صَبَاح کہلاتا ہے حقیقۃً یا بطریق تعمیم مجاز ۔

قولہ وان تحقق عملك الخ : یہ آفتاب کی غایتِ ارتفاع معلوم کرنے کا بیان ہے ۔

تفصیلِ کلام یہ ہے کہ سابقہ عمل سے آپ دن کے کسی حصہ میں آفتاب کا مطلق ارتفاع بھی معلوم کر سکتے ہیں ۔ بشرطیکہ یہ عمل دوپہر سے پہلے یا دوپہر کے بعد ہو ۔

اور اسی عملِ مذکور سے آپ کسی دن آفتاب کی غایتِ ارتفاع بھی دریافت کر سکتے ہیں بشرطیکہ عمل مذکور عین نصف نہار کے وقت جاری کیا جائے ۔ دوپہر کے وقت سایہ کم سے کم ہوگا ۔ اور آفتاب دائرہ نصف النہار پر ہوگا ۔ اس صورت میں زاویہ ـ ج ـ آفتاب کی غایتِ ارتفاع ظاہر کرتا ہے ۔ پس عمل والے شہر میں بروزِ عمل آفتاب کی غایت ارتفاع کی مقدار وہ ہے جو زاویہ ـ ج ـ کی مقدار ہے ۔

وَإِن جرى عملُكَ هذا حين انتصاف نهار ۲۱ يونيو أو ۲۱ ديسمبر في بلدٍ واقعٍ شمالَ خطّ الاستواء على مسافة ۲۳½ درجة فصاعداً كان مقدارُ زاوية ج. في ۲۱ يونيو غايةَ ارتفاع الشمس لسكّان هذا البلد في السَّنة كلّها

وكان مقدارُ هذه الزاوية في ۲۱ ديسمبر اقلَّ ارتفاع الشمس لهم في السَّنةِ جميعِها

فرض کریں یہ عمل جمعہ کے دن یکم محرم کو عین دوپہر کے وقت لاہور میں کیا گیا۔ اور زاویۂ۔ ج۔ کی مقدار ۷۰ درجہ ہے تو ثابت ہوا کہ بروز جمعہ یکم محرم کو لاہور میں آفتاب کی غایت بلندی از افق ۷۰ درجہ ہے۔

قولہ وإن جرى عملك هذا الخ۔ عبارتِ ھذا میں آفتاب کی غایتِ ارتفاع سنوی کے بیان کے علاوہ غایتِ انحطاطِ سنوی کا بیان بھی ہے۔

مثلاً لاہور کو لیجیے جس میں غایتِ ارتفاع سنوی للشمس ۲۱ جون کو ہوتی ہے اور غایت انحطاطِ سنوی ۲۱ دسمبر کو۔

تفصیلِ مقصد یہ ہے کہ اگر مذکورہ صدر عمل میں دو شرطیں ملحوظ رکھی جائیں۔

شرطِ اوّل یہ ہے کہ یہ عمل عین دوپہر کے وقت جاری ہو جائے بتاریخ ۲۱ جون، یا بتاریخ ۲۱ دسمبر۔ شرطِ دوم یہ ہے کہ یہ عمل ایسے شہر میں واقع ہو جس کا خطّ استواء سے شمالی فاصلہ ۲۳½ درجہ سے کم نہ ہو۔ بلکہ اُس کا فاصلہ خطّ استواء سے شمالاً ۲۳½ درجہ ہو یا اس سے زیادہ۔ تو اس صورت میں زاویۂ۔ ج۔ بتاریخ ۲۱ جون مقامِ عمل میں آفتاب کی سنوی غایت بلندی ظاہر کرتا ہے۔

فرض کریں زاویۂ۔ ج۔ بتاریخ ۲۱ جون شہر لاہور میں ۸۲ درجہ ہے۔ تو اس کا نتیجہ

وان جرى عملُك حين انتصاف نہارِ ۲۱ ديسمبر او ۲۱ يونيو فى بلدٍ واقعٍ جنوبَ خطّ الاستواء على بُعد المسافة المذكورة اى ½۲۳ درجة او اكثر انعكست الحالُ لأهالى هٰذا البلد وكان مقدارُ زاوية - ج - فى ۲۱ ديسمبر غاية ارتفاع الشمس لهم فى سائر السّنة

وكان مقدارُها فى ۲۱ يونيو اقلّ ارتفاع الشمس لهم فى جميع السّنة ۞

یہ ہے کہ سارے سال میں لاہور میں آفتاب کی زیادہ سے زیادہ بلندی ۸۲ درجہ ہے۔ لاہور میں آفتاب کی بلندی کسی دن دوپہر کے وقت ۸۲ درجہ سے زیادہ نہیں ہو سکتی۔ یہ تو ۲۱ جون کے عمل کا نتیجہ ہے۔

اور اگر یہ عمل کسی شہر (لاہور وغیرہ) میں بوقت دوپہر ۲۱ دسمبر کو جاری ہو جائے تو زاویہ - ج - کی مقدار اُس شہر والوں کے لیے سارے سال میں آفتاب کا کم سے کم ارتفاع ہے۔ بطور فرض دوپہر کے وقت اُس شہر عمل میں ۲۱ دسمبر کو آفتاب کی بلندی مثلاً ۵۰ درجہ ہے۔ تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اُس شہر میں سال کے کسی دن میں دوپہر کے وقت آفتاب کی بلندی ۵۰ درجہ سے کم نہیں ہو سکتی۔

قولہ وان جرى عملُك حين انتصاف الخ۔ عبارتِ ھذا میں خطِ نصف نہار سے جنوبی بلاد میں مذکورہ صدر عمل کے نتائج کا ذکر ہے۔ تفصیلِ مقصد یہ ہے کہ اگر دوپہر کے وقت مذکورہ صدر عمل ۲۱ دسمبر یا ۲۱ جون کو ایسے مقام یا شہر میں کیا جائے جو خطِ استواء سے جنوباً ½۲۳ درجہ سے زیادہ فاصلے پر واقع ہو تو نتیجہ کا حال اس شہر والوں کے لیے پہلے بیان و عکس ہوگا۔

یعنی زاویہ ۔ج۔ کی مقدار بتاریخ ۲۱ دسمبر اس شہر کے باشندوں کے لیے غایتِ ارتفاع سنوی کو ظاہر کرتی ہے۔ یعنی سارے سال میں اس شہر کے باشندوں کے پیشِ نظر آفتاب کی زیادہ سے زیادہ بلندی زاویہ ۔ج۔ بتاریخ ۲۱ دسمبر کی مقدار کے برابر ہوگی۔

اور ۲۱ جون کو اس شہر کے پیشِ نظر سارے سال میں آفتاب کا کم سے کم ارتفاع شمس ہوگا۔ ۲۱ جون کو اس شہر میں آفتاب کا جو ارتفاع ہے سال کے کسی دن میں آفتاب کا ارتفاع اس شہر میں اس سے کم نہیں ہوگا۔

فصل

فی طول البلد وعرض البلد

○ معرفة طول البلد وعرض البلد من اهمّ اُصول هٰذا الفنّ
اَمّا طولُ البلد فهو فی اصطلاحهم عبارةٌ عن

فصل

قولہ معرفة طول البلد الخ ۔ فصل ہٰذا میں بلاد و مقامات کے طول و عرض کا بیان ہے ۔ فنِ ہٰذا کے طالب العلم کے لیے طول بلد و عرض بلد کا جاننا نہایت ضروری ہے ۔ دونوں کی معرفت فنِّ ہٰذا کے نہایت اہم اصولوں میں سے ہے ۔ ان کے جانے بغیر زمین کا جغرافیہ و دیگر اہم متعدّد مباحث پر تفصیلاً مطّلع ہونا ناممکن ہے ۔ آگے طولِ بلد اور عرضِ بلد کی تفصیل آرہی ہے ۔
قولہ اَمّا طول البلد فهو الخ ۔ گرینج کی تعریب غرینتش بھی ہے بالغین ۔ اور جرینتش بھی ہے بالجیم ۔ عبارتِ ھٰذا میں طولِ بلد کی حدّ اور تعریف کا بیان ہے ۔ حاصلِ کلام

بُعد البلد عن بلدة غرينتش (گرینیچ) شرقاً وغرباً
وغايةُ الطول ١٨٠ درجةً ولايمكن ان يزيد طولُ
بلدٍ مّا على ١٨٠ درجةً
وغرينتش قريةٌ قريبةٌ من لندن في

شکل خطوط طول البلد و عرض البلد

یہ ہے کہ طولِ بلد کا تعلق بلاد کے شرقی یا غربی فاصلوں سے ہے۔ طولِ بلد کا مبدأ ماہرین
علمِ ہیئت کی اصطلاح میں گرینیچ شہر ہے۔ جو برطانیہ میں لندن کے قریب واقع ہے۔ ١٨٨٤ء
میں طول بلد سے متعلق ماہرین کی ایک جماعت قائم ہوئی۔ اس جماعت کے افراد نے
مشورے کے بعد گرینیچ کو تمام مقامات و بلاد کا مبدأ طول قرار دیا۔ بلکہ اسی کو
مبدأ اوقات بھی قرار دیا گیا۔ لہٰذا طولِ بلد کا مطلب یہ ہے کہ کسی شہر کا گرینیچ سے
فاصلہ شرقاً یا غرباً کتنا ہے۔ شرقاً یا غرباً کسی شہر کا طول بلد زیادہ سے زیادہ ١٨٠ درجہ
ہوسکتا ہے۔ لاہور بلکہ سارا پاکستان۔ ہندستان۔ افغانستان۔ ایران۔ بنگلہ دیش و
برما شرقی طول بلاد والے ملک ہیں۔ کیونکہ یہ گرینیچ سے بطرفِ مشرق واقع ہیں۔

البريطانيا اصطلحوا على جعل هٰذه القريةِ مبدأ طُولِ المقامات والبلاد

وعلى جَعْل ساعاتِ الأوقات العالَمِيّة تابعةً لأوقات غرينتش بحساب اَخْذ اَربع دقائق زمانيّةٍ لكل درجةٍ واخذِ ساعةٍ واحدةٍ لكل ۱۵ درجةً

فساعاتُ الساعات فى البلاد الشرقيّة من

قولہ وعلى جعل ساعات الخ۔ عبارتِ ھٰذا میں عالمی اوقات یعنی گھنٹوں اور گھڑیوں کا بیان ہے۔ چونکہ گرینچ مبدأ طول کے علاوہ مبدأ اوقات بھی قرار دیا گیا تھا۔ اس لیے تمام دنیا کی گھڑیوں کے اوقات گرینچ کے وقت کے تابع ہیں۔ (اوقات سے مراد گھنٹے ہیں۔ ساعات جمع ہے ساعۃ کی۔ ساعۃ سے مراد ہے مصنوعی گھڑی (لوہے وغیرہ کی)۔

تابع ہونے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر درجۂ مسافت کے لیے چار منٹ اور ہر ۱۵ درجوں کے لیے ایک گھنٹہ حساب میں شمار کیا جاتا ہے۔ (دقائق مسافت کے بھی ہوتے ہیں اور زمانے کے بھی۔ یہاں زمانیّہ مراد ہیں یعنی منٹ۔ اس لیے قیدِ زمانیّہ ذکر کی گئی ہے) حسابِ ھٰذا جاری کرنے کی وجہ یہ ہے کہ آفتاب ظاہری حرکت سے زمین کے گرد بطرفِ مغرب چلتے ہوئے ایک درجہ چار منٹ میں طے کرتا ہے۔ اور ۱۵ درجے ایک گھنٹے میں۔

قولہ فساعات الساعات الخ۔ یعنی وہ بلاد جو گرینچ کے مشرق میں واقع ہیں۔ ان کی گھڑیوں کے اوقات بحسابِ مذکور گرینچ کی گھڑیوں کے اوقات سے مقدّم ہوں گے۔ اور جو بلاد گرینچ سے مغربی جانب میں واقع ہیں ان کی گھڑیوں کے اوقات گرینچ کی گھڑیوں سے بحسابِ مذکور مؤخر ہوں گے۔

مثلاً لاہور گرینچ کے مشرق میں واقع ہے۔ لھٰذا لاہور کی گھڑیاں مقدّم ہوتی ہیں

غرینتش تکون متقدمۃً بالحساب المذکور من ساعات الساعات فی غرینتش

وفی البلاد الغربیّۃ منہا تکون متأخرۃً من اوقات الساعات فی غرینتش بالحساب المتقدم

واَمّا عرضُ البلد فھو فی الاصطلاح عبارۃٌ عن قدر بُعد بلدٍ عن خطِ الاستواء شمالاً او جنوبًا

ونہایۃُ العرض ۹۰ درجۃً وازدیادُ العرض علی

گرینچ کی گھڑیوں سے۔ اور فرق تقریبًا پانچ گھنٹے کا ہے۔ اس ٹائم کو سٹینڈرڈ ٹائم کہتے ہیں۔

تقریبًا ساری دنیا میں یہ ٹائم جاری ہے۔ ساعات جمع ہے ساعۃ کی۔ ساعۃ وقت کو کہتے ہیں اور مشینی گھڑی کو بھی۔ لفظ ساعاتِ اوّل دونوں جگہ بمعنی اوقات ہے۔ یعنی گھنٹے مراد ہیں۔ اور لفظ ساعاتِ دوم سے مشینی گھڑیاں مراد ہیں۔

قولہ واَمّا عرض البلد الخ۔ یہ عرضِ بلد کی حد وتعریف ہے۔ عرضِ بلد سے شمالاً و جنوبًا فاصلوں و اَبعاد پر اطلاع حاصل ہوتی ہے۔ عرض البلد کا مبدأ خطِ استواء ہے۔

پس اصطلاحِ فنِ ھٰذا میں کسی شہر و مقام کا خطِ استواء سے بطرفِ شمال یا بطرفِ جنوب بُعد و فاصلہ عرضِ بلد کہلاتا ہے۔ اگر کوئی بلد یا شہر خطِ استواء سے شمال میں واقع ہو تو وہ شہر شمالی عرضِ بلد والا شہر ہے۔ اور اگر وہ شہر خطِ استواء سے جنوبی جانب میں واقع ہو تو وہ شہر جنوبی عرضِ بلد والا شہر ہے۔

قولہ ونہایۃ العرض الخ۔ یعنی عرضِ بلد زیادہ سے زیادہ ۹۰ درجے تک ہوسکتا ہے۔ یہ ناممکن ومحال ہے کہ کسی مقام کا عرض ۹۰ درجے سے زیادہ ہوجائے۔ کیونکہ خطِ استواء سے زیادہ سے

۹۰ درجۃً محالٌ وعرضُ کلٍّ واحدٍ من قطبی الارض
۹۰ درجۃً
وعرضُ خطِّ السّرطان شمالاً ۲۳½ درجۃً کما انّ
عرضَ خطِّ الجدی جنوبًا ۲۳½ درجۃً

زیادہ فاصلہ پر زمین کے قطبین واقع ہیں۔ اور ہر قطب (قطب شمالی وقطب جنوبی) کا فاصلہ خطِّ استواء سے صرف ۹۰ درجے ہے۔

قولہ وعرض خطّ السرطان الخ۔ یعنی خطّ استواء سے شمالاً خطّ سرطان کا فاصلہ ۲۳½ درجے ہے۔ اور خطّ جدی کا عرض وبُعد بھی خطّ استواء سے بطرفِ جنوب ۲۳½ درجے ہی ہے۔ خطِّ سرطان اور خطّ جدی کا ذکر فنّ ھٰذا میں کثرت سے ہوتا رہتا ہے۔ اس لیے ان دونوں کا عرض شمالاً وجنوبًا بطورِ تکمیلِ فائدہ یہاں ذکر کیا گیا۔

فصل

فی قواعد معرفۃ عرض البلد

○ للاطّلاع علی عروض البلاد بالتحدید قواعدُ متعدّدۃٌ نذکر منھا ھُھنا قاعدتَین نافعتَین

فصل

قولہ للاطلاع علی عروض البلاد الخ ۔ فصلِ ھٰذا میں دو ایسے قواعد و قوانین کا ذکر ہے جن کے توسُّط سے مختلف مقامات اور شہروں کے عرض کا پتہ چل سکتا ہے ۔

عرضِ بلاد معلوم کرنا اور ان پر مطّلع ہونا فنِّ ھٰذا کے طالب علم کے لیے نہایت مفید بلکہ ضروری ہے ۔ اس لیے فصلِ ھٰذا میں مذکور قواعد بڑی اہمیّت کے حامل ہیں ۔

القاعدةُ الاُولیٰ: هی عامّۃٌ تُستخرج بہا عروض بلاد الارض المعمورۃ جمیعہا

بیانُ القاعدۃِ اَن تعرف اوّلاً غایۃَ ارتفاع الشمس فی البلد المطلوب بتاریخ ۲۱ مارس او بتاریخ ۲۲ سبتمبر ثم تُخرج درجاتِ الارتفاع من ۹۰ فما بقِیَ فھو عرضُ البلد المطلوب

مثلاً غایۃُ ارتفاع الشمس بمکّۃ المکرّمۃ

عروضِ بلاد پر علی التحدید والتعیُّن مطّلع ہونے کے لیے متعدّد قواعد ہیں جو فنِّ ہذا کی کتابوں میں مکتوب ہیں۔ فصلِ ھذا میں اُن قواعد میں سے دو مفید قواعد کا بیان ہے۔

قولہ القاعدۃ الاولیٰ الخ۔ یہ عرضِ بلد کے استخراج اور اس پر مطّلع ہونے کے دو قواعد میں سے پہلے قاعدہ کا بیان ہے۔

یہ قاعدہ عام ہے۔ اس کے ذریعہ آباد زمین کے ہر مقام اور ہر شہر کے عرض کا استنباط و استخراج ہو سکتا ہے۔

اِس قاعدہ کے اِجراء کا طریقہ یہ ہے کہ آپ اوّلاً اپنے مطلوب مقام و بلد میں یہ معلوم کرلیں کہ اُس میں ۲۱ مارچ یا ۲۲ ستمبر کو آفتاب کی غایت بلندی کتنی ہے۔ (یاد رکھیے ان دو تاریخوں میں آفتاب بالترتیب اعتدالِ ربیعی و اعتدالِ خریفی میں پہنچتا ہے اور ان دونوں تاریخوں میں آفتاب خطِّ استواء کے عین مُحاذی و مُسامِت ہوتا ہے۔ اس کی اشعّہ خطِ استواء پر عموداً واقع ہوتی ہیں) پھر آپ ارتفاعِ شمس کے درجات کو ۹۰ سے منہا کردیں۔ منہا کرنے کے بعد جو عدد باقی رہ جائے وہی بچا ہوا عدد یعنی مابقی عدد ہی مطلوب شہر کے درجاتِ عرض ظاہر کرتا ہے۔

قولہ مثلاً غایۃُ ارتفاع الشمس الخ۔ یہ تفہیمِ قاعدہ کے لیے ایک مثال ہے:-

فی الیومین المذکورین ۶۸ درجۃً و ۲۰ دقیقۃً
وبعد اخراج ۶۸ درجۃً و ۲۰ دقیقۃً من ۹۰
تبقی ۲۱ درجۃً و ۴۰ دقیقۃً
فظہر ان عرض مکۃ الشریفۃ شمالاً ۲۱ درجۃً
و ۴۰ دقیقۃً۔

القاعدۃ الثانیۃ۔ ھی مختصۃ ببلاد زادت
عروضھا علی ½۲۳ درجۃً شمالاً او جنوباً
بیانھا ان تعرف اولاً غایۃ ارتفاع الشمس فی

حاصل کلام یہ ہے کہ مثلاً مکہ مکرمہ میں بتاریخ ۲۱ مارچ و ۲۲ ستمبر آفتاب کی غایت بلندی ہے ۶۸ درجہ و ۲۰ دقیقہ۔ پس آپ ارتفاع شمس کے ان درجات کو ۹۰ سے منہا کر دیں۔ تو باقی بچتے ہیں ۲۱ درجہ و ۴۰ دقیقہ۔ لہٰذا ظاہر ہوا کہ مکہ مکرمہ کا عرض شمالاً ہے ۲۱ درجہ ۴۰ دقیقہ۔

قولہ القاعدۃ الثانیۃ الخ۔ یہ عرضِ بلد پر واقفیت سے متعلق دوسرے قاعدے کا بیان ہے۔ یہ قاعدہ عام نہیں ہے۔ یعنی سارے شہروں میں جاری نہیں ہوتا۔ بلکہ یہ صرف اُن مقامات و بلاد میں جاری ہوتا ہے جن کا عرض شمالاً یا جنوباً ½۲۳ درجہ سے زیادہ ہو۔

قولہ بیانھا ان تعرف اولاً الخ۔ یہ اِس قاعدے کے اِجراء کا ذکر ہے۔ توضیحِ مطلب یہ ہے کہ جس شہر کا عرض معلوم کرنا مطلوب ہو۔ اگر وہ خطِ استواء سے شمال میں واقع ہو تو آپ اس شہر میں آفتاب کی غایتِ بلندی بتاریخ ۲۱ جون معلوم کر لیں۔

اور اگر وہ شہر خطِّ استواء کے جنوب میں واقع ہو تو اس شہر میں آفتاب کی غایتِ

۲۱ یونیو ان کان البلدُ المطلوبُ شمالیًا عن خطّ الاستواء او فی ۲۱ دیسمبر ان کان البلدُ المطلوبُ جنوبیًا عنہ ثم اَخرِج درجات غایۃ الارتفاع عن ۹۰ ثم اجمَع ما بقی بعد الاخراج مع ½ ۲۳ درجۃً ای مع عرض خطّ السرطان شمالاً او مع عرض خطّ الجدی جنوبًا

فما حصَل فہو عرضُ البلد المطلوب

مثلاً غایۃُ ارتفاع الشمس فی ۲۱ یونیو فی اسلام آباد عاصِمۃ باکستان ۷۹ درجۃً و ۴۸ دقیقۃً

بلندی بتاریخ ۲۱ دسمبر معلوم کرلیں۔ پھر غایت ارتفاع والے درجات کو ۹۰ سے نکال دیں۔ اور جو عدد بچ جائے وہ ½ ۲۳ کے ساتھ جمع کردیں۔ یعنی مابقی کو عرضِ خطِ جدی یا عرضِ خطّ سرطان کے ساتھ جمع کر دیں۔ آپ جانتے ہیں کہ خطِّ سرطان وخطِّ جدی دونوں کا عرض علی الترتیب شمالاً وجنوباً ½ ۲۳ درجہ ہے۔ بہرحال جو عدد حاصل ہوجائے وہی مطلوب شہر کا عرض ظاہر کرتا ہے۔

قولہ مثلاً غایۃ ارتفاع الشمس الخ۔ یہ قاعدۂ ثانیہ کی تسہیل کی خاطر ایک مثال کا ذکر ہے۔

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ اسلام آباد پاکستان کا عاصمہ (دارالحکومۃ) ہے۔ اس میں بتاریخ ۲۱ جون آفتاب کی غایت ارتفاع ہے ۷۹ درجہ ۴۸ دقیقہ۔ پس $\frac{48}{79}$ ۷۹ درجات کو ۹۰ سے منہا کردیں تو ۱۰ درجات و ۱۲ دقیقہ بچتے ہیں۔ پھر یہ درجات اور ۱۲ دقیقہ کو ہم ½ ۲۳ کے ساتھ جمع کرتے ہیں تو حاصل ہوتے ہیں ۳۳ درجہ و ۴۲ دقیقہ۔

وبعد ما نخرج درجات غاية الارتفاع من ٩٠
تبقی ١٠ درجات و ١٢ دقیقةً
ثم بعد ما نجمع هذا العدد الباقی مع ٢٣½ درجةً
تحصل ٣٣ درجةً و ٤٢ دقیقةً
فحصحص لك من هذا البیان ان عرض
اسلام آباد شمالاً ٣٣ درجةً و ٤٢ دقیقةً ٭

پس اس بیان سے ظاہر ہوا کہ اسلام آباد کا خطِ استواء سے شمالاً عرض ہے ۳۳
درجہ ۴۲ دقیقہ ٭

فصلٌ

فی نتائج انحراف المحور الارضیؑ

فصل

قولہ فی نتائج انحراف الخ۔ زمین کا محور ہمیشہ آفتاب کی طرف جھکا ہوا ہوتا ہے۔ کبھی محور کا شمالی سرا آفتاب کی طرف مائل ہوتا ہے۔ اور کبھی محور کا جنوبی سرا آفتاب کی طرف جھکا ہوا ہوتا ہے۔ اس انحراف اور جھکاؤ کے بہت اچھے ثمرات اور انسانوں کے لیے مفید نتائج نمودار ہوتے ہیں۔

مثلاً (۱) موسموں کا تغیّر و تبدّل۔

(۲) دن کا رات سے یا رات کا دن سے طویل ہونا۔ کبھی دن کا چھوٹا ہونا اور کبھی رات کا مختصر ہونا۔

(۳) کسی مقام معیّن پر سورج کی شعاعوں کا سیدھا پڑنا یا ترچھا واقع ہونا وغیرہ وغیرہ۔

اِعلَم اَنَّ محورَ الارضِ لایزال مائلاً فی جمیع ایّام السَّنۃ علیٰ مدار سیرُ الارض حولَ الشمس وقدرُ زاویۃِ میل المحور ۲۳ درجۃً و ۳۰ دقیقۃً (۲۳½ درجۃ)

ولاَجل استمرار میل المحور الارضیّ علی المدار الارضیّ یتعاقب انحرافُ قطبی الارض الی الشمس

فصلِ ہٰذا میں اِن ثمرات ونتائج کا بیان ہے۔

قولہ اعلم انّ محور الارض الخ۔ عبارتِ ہٰذا میں ایک اہم بات کا ذکر ہے جس کا جاننا فنِ ہٰذا کے طالب علم کے لیے نہایت ضروری ہے۔

وہ بات یہ ہے کہ زمین کا محور (یعنی وہ خیالی خط جو زمین کے ایک قطب سے دوسرے قطب تک بالاستقامت پہنچے زمین کے اندر اندر۔ اسی طرح ہر کرۂ متحرکہ کا محور وہ مستقیم خیالی خط ہے جو اس کے قطبین تک پہنچے کُرے کے مرکز پر گزرتے ہوئے) سارے سال میں اپنے مدار کی سطح (مدارِ ارضی سے مراد وہ فضائی لائن اور راستہ ہے جس پر زمین آفتاب کے گرد حرکت کرتی رہتی ہے) پر ترچھا واقع ہوتا ہے۔ یعنی وہ ایک طرف جھکا رہتا ہے۔ محورِ ارضی کا یہ جھکاؤ دائمی ہے۔

محورِ ارضی کے اس میلان اور جھکاؤ کے زاویہ کی مقدار ہے ۲۳ درجہ ۳۰ دقیقہ (۲۳½) بالفاظ دیگر محورِ ارضی کے ترچھا واقع ہونے سے محورِ ارضی اور سطح مدارِ ارضی کے مابین تقاطع سے جو دو زاویے نمودار ہوتے ہیں ان میں سے چھوٹے زاویے (زاویۂ حادہ) کی مقدار ہے ۲۳½ درجہ اور دوسری طرف بڑے زاویہ (زاویہ منفرجہ) کی مقدار ہے ۶۶½ درجہ۔

قولہ ولاجل استمرار میل الخ۔ عبارتِ ہٰذا میں محورِ ارضی کے جھکاؤ اور ترچھا واقع ہونے کے ایک اہم نتیجے کا ذکر ہے۔ اس نتیجے پر فصلِ ہٰذا کے تمام مسائل متفرع ہیں۔

مناخات العالم تتوزع على أحزمة متوازية توازيا غير دقيق في جنوب وشمال خط الإستواء، والمناخ يتأثر أيضًا بقرب البلاد من البحر وبمكان موقع الجبال .فالجبال قد تسبب وجود الصحارى عندما تحجز الغيوم المحملة بالرطوبة. يسبب الفصول ميلان الأرض، فعندما يكون القسم الشمالي مبتعدا عن الشمس بسبب ميلان الأرض، تصل الشمس إليه ضعيفة الأشعة، فتسبب فصل الشتاء. ويكون هناك صيف في نصف الكرة الجنوبي في الوقت ذاته.

مدّۃَ ستّۃ اشہُرٍ فیقترِبُ من الشمس نصفُ الارض الشمالیُّ ویبتعِدُ عن الشمس نصفُ الارض الجنوبیُّ ستۃَ اشہُرٍ وذلک من ۲۱ مارس الی ۲۲ سبتمبر

ثم تنعکس الحالُ ستّۃَ اشہُرٍ اُخریٰ وذلک من ۲۳ سبتمبر الی ۲۰ مارس

فمن یوم ۲۳ سبتمبر الیٰ یوم ۲۰ مارس یستمرُّ اقترابُ نصفِ الارض الجنوبِیّ من الشمس وابتعادُ نصفِ الارض الشمالیّ عنہا

حاصل کلام یہ ہے کہ سطح مدار ارضی پر محورِ زمین کے ترچھا واقع ہونے اور ہمیشہ ایک ہی طرف جھکے رہنے (مَیل کا معنی ہے جھکنا اور ترچھا واقع ہونا) کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ زمین کی سالانہ گردش حول الشمس کے دوران زمین کا قطب شمالی وجنوبی باری باری چھے چھے ماہ آفتاب کی طرف جھکے رہتے ہیں (تعاقُب کا معنی ہے باری باری کام کرنا۔ یکے بعد دیگرے صدورِ فعل۔ انحراف کا معنی ہے جھکاؤ اور میلان۔ یعنی قطبین کا یکے بعد دیگرے آفتاب کی طرف جھکا رہنا)۔

پس چھے ماہ زمین کا نصفِ شمالی آفتاب کے قریب ہوتا ہے اور زمین کا نصف جنوبی اِن چھے ماہ میں آفتاب سے دور رہتا ہے۔ یعنی ۲۱ مارچ سے ۲۲ ستمبر تک زمین کا قطب شمالی سورج کی طرف جھکا ہوا ہوتا ہے۔ اور ان چھے ماہ میں زمین کا نصفِ جنوبی سورج سے پرے ہوتا ہے۔ اور بقیّہ چھے ماہ میں یعنی ۲۳ ستمبر سے ۲۰ مارچ تک معاملہ برعکس ہوتا ہے۔ کیونکہ ۲۳ ستمبر سے ۲۰ مارچ تک زمین کا نصفِ جنوبی آفتاب سے قریب ہوتا ہے اور زمین کا نصفِ شمالی آفتاب سے دور رہتا ہے۔

وَيَتَرَتَّبُ علٰى تعاقُبِ نِصفَيِ الارضِ الشمالیِّ و الجنوبیِّ فی الاقترابِ الی الشمسِ اُمورٌ مُهِمَّةٌ

الامرُ الاوّلُ۔ تکونُ نُهُرُ نصفِ الارضِ القریبِ من الشمسِ المنحرفِ الیها اطولَ من لیالی هذا النصف

بالفاظِ دیگر چھے ماہ یعنی ۲۳ ستمبر سے ۲۰ مارچ تک آفتاب جنوبی بُرجوں میں گردش کرتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ اِن چھے ماہ میں زمین کا قطب جنوبی آفتاب کی طرف جھکا ہوا ہوتا ہے اور اس کے قریب ہوتا ہے۔ اور قطب شمالی آفتاب سے دور ہوتا ہے۔

قولہ ویترتّب علی تعاقب الخ۔ یہاں سے دس امور بالفاظ دیگر دس اثرات وثمرات کی تفصیل پیش کی گئی ہے۔ یہ دس اثرات زمین کے نصف شمالی وجنوبی کے یکے بعد دیگرے آفتاب کے قریب ہونے پر مبنی ہیں۔

سابقہ عبارات سے آپ کو معلوم ہوا کہ چھے ماہ زمین کا نصف شمالی آفتاب کے قریب ہوتا ہے اور چھے ماہ نصفِ جنوبی۔

بس اسی بات پر دس اہم امور متفرّع ہیں۔ ان امور کا ذکر اگلی عبارات میں آرہا ہے۔ سابقہ عبارت میں یہ بھی معلوم ہوا کہ آفتاب سے زمین کے نصف شمالی ونصفِ جنوبی کا یکے بعد دیگرے قریب ہونا نتیجہ ہے محورِ زمین کے مدارِ ارضی پر ترچھا واقع ہونے کا۔

قولہ الامر الاوّل الخ۔ یہ اُن دس امور وثمرات میں سے امرِ اوّل کا بیان ہے۔

نُهُر جمع ہے نہار کی۔ نہار کا معنی ہے دن۔ القریب اور المنحرف صفاتِ نصف ہیں نہ کہ صفاتِ ارض۔ اسی طرح المبتعد صفتِ نصف ہے نہ کہ صفتِ ارض۔ لیالیہ میں ضمیر راجع ہے نصف کی طرف۔ اسی طرح نُهُرہ میں بھی ضمیر نصف کو راجع ہے۔

امرِ اوّل کی توضیح یہ ہے کہ پہلے معلوم ہوا کہ چھے ماہ زمین کا نصف جنوبی آفتاب کے قریب رہتا ہے۔ اور چھے ماہ نصفِ شمالی۔ اب یہاں یہ بتلایا جارہا ہے کہ زمین کا

وَاَمّا حالُ نصفِ الارض المبتعدِ عن الشمس فبالعکس حیث تکون لیالِی ھٰذا النصفِ اَطولَ من نُھُرِہ

الامرُ الثانی ۔ یحدث الربیعُ والصیفُ فی النصفِ المقتربِ من الشمسِ ویحدث الخریفُ و الشتاءُ فی النصفِ المبتعدِ عن الشمس

جو نصف (خواہ نصفِ شمالی ہو خواہ نصفِ جنوبی ہو) آفتاب کے قریب اور اس کی طرف جھکا رہتا ہے اس کے دن راتوں سے لمبے ہوتے ہیں اور راتیں دنوں سے چھوٹی ہوتی ہیں ۔ اور زمین کا جو نصف (خواہ نصف کُرہٗ شمالی ہو خواہ نصف کرہٗ جنوبی ہو) آفتاب سے دور رہتا ہے ۔ اس کا معاملہ برعکس ہوتا ہے ۔ کیونکہ اُس نصف کی راتیں دنوں سے لمبی ہوتی ہیں ۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ جو نصف کُرہٗ ارضی آفتاب کے قریب ہو اس کا زیادہ حصہ روشنی میں ہوتا ہے اور تھوڑا حصہ اندھیرے میں ۔ اس لیے یہاں دن لمبے اور راتیں چھوٹی ہوتی ہیں ۔ اس کے برعکس نصف کرہٗ بعید کا زیادہ حصہ اندھیرے میں ہوتا ہے ۔ اور تھوڑا حصہ روشنی میں ۔ اس لیے یہاں دن چھوٹے اور راتیں بڑی ہوتی ہیں ۔

قولہ الامر الثانی الخ ۔ یہ مذکورہ دس امور وثمرات میں سے امر دوم کا بیان ہے ۔ زمین کا جو نصف آفتاب کے قریب ہو (خواہ نصفِ شمالی ہو خواہ نصفِ جنوبی ہو) اس میں موسمِ بہار اور موسم گرما ہوتے ہیں ۔ پہلے موسمِ بہار ہوتا ہے بعد میں موسم گرما ۔ (ربیع ۔ بہار ۔ موسمِ سرما کے بعد معتدل موسم کو بہار کہتے ہیں ۔ صیف ، موسم گرما) ۔

اور زمین کا جو نصف آفتاب سے بعید ہو اس میں موسمِ خریف اور موسم سرما ہوتے ہیں ۔ پہلے موسمِ خریف ہوتا ہے بعدہٗ موسمِ سرما ۔ خریف کا

الامرُ الثالث ۔ یزداد الحرُّ فی النصف القریب من الشمس ویزداد البردُ فی النصف البعید عن الشمس

الامرُ الرّابعُ ۔ الاَشِعّۃُ الشمسیّۃُ تکون متعامِدۃً اوقریبۃً من التعامُد حتماً عند انتصاف النہار علی بعض المواضع من نصف الارض المقترب من الشمس

معنیٰ ہے موسمِ خزاں. گرمی کے بعد معتدل موسم موسمِ خریف کہلاتا ہے. شتاء ۔ موسم سرما۔

قولہ الامر الثالث یزداد الخ ۔ یہ دس امور وثمرات میں سے امرِ سوم کا بیان ہے. یعنی زمین کا جو نصف آفتاب کے قریب ہوکر اس کی طرف جھکا ہوا ہوتا ہے اس میں گرمی زیادہ ہوتی ہے ۔ اور نصفِ بعید از شمس کا حال برعکس ہے. کیونکہ وہاں سردی زیادہ ہوتی ہے۔

دیکھیے لاہور میں اور سارے پاکستان میں ۲۱ مارچ سے ۲۲ ستمبر تک کم وبیش گرمی کا دور ہوتا ہے ۔ کیونکہ اِن چھے ماہ میں زمین کا قطبِ شمالی یعنی نصفِ شمالی آفتاب کی طرف جھکا رہتا ہے ۔ اور اسی وجہ سے یہ نصفِ شمالی آفتاب کے قریب رہتا ہے ۔ اور ۲۳ ستمبر سے ۲۰ مارچ تک پاکستان میں کم وبیش سردی کا دور رہتا ہے ۔ کیونکہ اِن چھے ماہ میں زمین کا قطب شمالی آفتاب سے پرے ہوتا ہے ۔ اس کے نتیجے میں نصف کرۂ شمالی آفتاب سے دور رہتا ہے ۔

قولہ الامر الرابع الخ ۔ یہ مذکورہ صدر دس امور وثمرات میں سے امرِ چہارم کا بیان ہے ۔ اس امر میں امرِ ثالث میں مذکور دعوے کی علّت ودلیل کی تشریح ہے ۔

توضیح مطلوب یہ ہے کہ زمین کا جو نصف آفتاب کے قریب ہوتا ہے (خواہ نصفِ

وتکون مائلۃً لزومًا علیٰ جمیع مواضع النصف المبتعد عن الشمس

ولا یخفیٰ علیک انّ تعامُدَ الاشعۃ الشمسیّۃ اوقربہا من التعامُد سببُ زیادۃِ الحرارۃ کما انّ میل الاشعۃ علّۃُ البُرودۃِ وشدّتہا۔

شمالی ہو خواہ نصفِ جنوبی ہو) اُس نصف کے کسی نہ کسی مقام پر دوپہر کے وقت آفتاب کی شعاعیں لازمًا وحتمًا (حتمًا ای لازمًا) بالکل سیدھی واقع ہوتی ہیں۔ یا وہ سیدھی شعاعوں کے قریب ہوتی ہیں۔ تعامد کا معنی ہے سیدھا واقع ہونا۔ عمودًا واقع ہونا۔

بہرحال زمین کے نصف قریب از شمس کے بعض مقامات پر سورج کی کرنیں لازمًا عمودًا واقع ہوتی ہیں۔ اور بعض مقامات میں عمودی کے قریب واقع ہوتی ہیں۔ عمودی کرنیں زمین کے ساتھ زاویہ قائمہ بناتی ہیں۔ زاویہ قائمہ ۹۰ درجے کا ہوتا ہے۔

قولہ وتکون مائلۃً لزومًا الخ ۔ یہ زمین کے نصف بعید کے حال کا بیان ہے۔ یعنی زمین کا جو نصف آفتاب سے دور ہوتا ہے۔ اس کے تمام مقامات پر سورج کی کرنیں لازمًا ترچھی واقع ہوتی ہیں (مائلۃ کا معنی ہے یہاں وہ کرنیں جو ترچھی واقع ہوں۔ یہ متعامدۃ کی ضد ہے) ترچھی شعاعیں زمین کی سطح کے ساتھ زاویہ حادّہ یعنی چھوٹا زاویہ بناتی ہیں۔

قولہ ولا یخفیٰ علیک ان الخ۔ یعنی یہ بات آپ پر مخفی نہیں ہے کہ سورج کی کرنوں کا زمین پر عمودی ہونا (زاویہ قائمہ بنانا) یا عمودی حالت کے قریب ہونا گرمی کی شدّت اور موسمِ گرما کے ورود کا سبب ہے۔ اسی طرح سورج کی کرنوں کا زیادہ مائل اور زمین پر زیادہ ترچھی واقع ہونا سردی کی شدّت اور موسمِ سرما آنے کی علّت ہے۔

پس جس حصہ ارضی پر سورج کی شعاعیں سیدھی واقع ہوتی ہوں۔ یعنی سطح ارض

كرة الهواء تقلل و تمتص شيئا من حرارة الأشعة قبل وصولها الى سطح الأرض و مسافة اختراق الأشعة المتعامدة لكرة الهواء اقل من مسافة اختراق الأشعة المائلة كما ترى فى هذين الشكلين ولذا تكون الأشعة المتعامدة ادفأ من الأشعة المائلة

شكل وقوع الاشعة على سطح الارض متعامدة

شكل وقوع الاشعة على سطح الارض مائلة

الامرُ الخامس۔ یکون النہارُ الاطولُ فی المواضع الشمالیۃ التی عرضُہا ۶۶ درجۃً ونصفُ درجۃٍ (۶۶ ½ د) اربعًا وعشرین ساعۃً

کے ساتھ وہ ۹۰ درجے کا زاویہ بنائے۔ یا وہ شعاعیں تعامد کے یعنی زاویہ قائمہ کے قریب ہوں تو وہاں موسم گرما ہوگا اور حرارت زیادہ ہوگی۔ اس کے برخلاف صورت میں موسم کا حال برعکس ہوگا۔

پاکستان زمین کے نصفِ شمالی میں واقع ہے۔ اور ۲۱ مارچ کے بعد ۲۲ ستمبر تک آفتاب کا شمالی برجوں میں ہونے کی وجہ سے زمین کے نصفِ شمالی کے کسی نہ کسی مقام پر اس کی شعاعیں دوپہر کے وقت سطح ارض کے ساتھ لازمًا زاویہ قائمہ بناتی ہیں۔ اس لیے ہمارے ہاں ان تاریخوں میں گرمی کا دور ہوتا ہے۔ ان تاریخوں کے علاوہ باقی چھے ماہ میں معاملہ برعکس ہوتا ہے۔ اس لیے پاکستان میں ۲۳ ستمبر سے ۲۰ مارچ تک سردی کا دور ہوتا ہے۔

قولہ الامر الخامس یکون الخ۔ یہ مذکورہ صدر دس امور وثمرات میں سے امرِ پنجم کی تفصیل ہے۔

تفصیل مقصود یہ ہے کہ زمین کے نصفِ شمالی اور نصفِ جنوبی میں جوں جوں قطب کی طرف قریب ہوتے جائیں وہاں دن لمبا ہوتا جاتا ہے۔ چنانچہ بعض مقامات پر سال کا لمبا دن سولہ ۱۶ گھنٹے کا ہوتا ہے۔ مزید قطب کی طرف جاتے ہوئے ایسا مقام بھی آتا ہے جہاں سال کا طویل ترین دن بیس بلکہ بائیس گھنٹے کا ہوتا ہے اور ان جگہوں میں رات علی الترتیب آٹھ گھنٹے۔ چار گھنٹے اور دو گھنٹے ہوتی ہے۔

حتیٰ کہ مزید قطب کی طرف جاتے ہوئے ½ ۶۶ درجہ عرض بلد پر سال کا طویل تر دن پورے چوبیس گھنٹے کا ہوتا ہے۔ یعنی پورے چوبیس گھنٹے تک آفتاب افق سے بالا بالا گردش کرتا رہتا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ وہاں رات نہیں ہوتی۔ اس سلسلے میں زمین کا نصفِ شمالی و نصفِ جنوبی دونوں برابر ہیں۔ دونوں کا حکم ایک ہے۔

وذلك فی ۲۱ یونیو حین وقوع اَشعّۃ الشمس علی خطِّ السرطان منعامدۃً وحُلولِ الشمس فی اوّل بُرج السرطان

اِذ الشمسُ لا تغرب هناك فی ۲۱ یونیو وكذا اللیلُ الاطولُ فی المواضع المذكورۃ یكون ۲۴ ساعۃً

لہٰذا $66\frac{1}{2}$ درجہ عرض بلد (خواہ یہ عرض بلد جنوبی ہو یا شمالی) میں سال میں ایک بار ایسا ہوتا ہے کہ وہاں دن پورے ۲۴ گھنٹے کا ہوتا ہے۔ اور چھ ماہ کے بعد ایک وقت ایسا بھی ہوتا ہے کہ وہاں پورے چوبیس گھنٹے کی ایک رات ہوتی ہے۔ یعنی پورے چوبیس گھنٹے تک آفتاب افق سے نیچے رہتا ہے سال کی صرف دو تاریخوں میں ایسا ہوتا ہے اور وہ تاریخیں ہیں ۲۱ جون اور ۲۱ دسمبر۔

تاہم ان تاریخوں کے نتائج میں زمین کے نصف شمالی اور نصفِ جنوبی کا معاملہ ایک دوسرے کے برعکس ہے۔ آگے عبارات میں اس کی تفصیل آرہی ہے۔

قولہ وذلك فی ۲۱ یونیو الخ۔ یہاں نصفِ شمالی کی تاریخوں کا بیان ہے۔

محصّلِ کلام یہ ہے کہ شمالی نصف کرہ میں $66\frac{1}{2}$ درجہ عرضِ بلد پر ۲۴ گھنٹے کا دن بتاریخ ۲۱ جون ہوتا ہے۔ پس ۲۱ جون کو مذکورہ صدر شمالی عرضِ بلد میں طویل تر دن ۲۴ گھنٹے کا ہوتا ہے۔ اس تاریخ کو آفتاب خطِ سرطان پر گھومتا ہے۔ اور خطِّ سرطان ہی پر سورج کی شعاعیں زاویہ قائمہ بناتی ہیں۔ اور اس پر عموداً واقع ہوتی ہیں۔ اسی تاریخ یعنی ۲۱ جون میں آفتاب ظاہری حرکت کے پیشِ نظر (درحقیقت یہ زمین کی حرکت ہے۔ زمین کی حرکت کی وجہ سے آفتاب بُرجوں میں گردش کرتا ہوا نظر آتا ہے) بُرجِ سرطان کے مبدأ میں پہنچتا ہے۔ اس لیے آفتاب اس تاریخ کو مذکورہ صدر عرض بلد والوں پر غروب نہیں ہوتا۔

قولہ وكذا اللیل الاطول فی المواضع الخ۔ عبارتِ ھٰذا میں $66\frac{1}{2}$ درجہ عرض بلد شمالی پر واقع مقامات کی طویل تر رات کا ذکر ہے۔

وذلك فی ۲۱ دیسمبر عند تعامد اشعة الشمس علی خطّ الجدی وبلوغ الشمس اوّل برج الجدی لانّ الشمس لاتطلع فی تلك المواضع یوم ۲۱ دیسمبر

بل ربّما یبلغ النهارُ الاطولُ فی مواضع العرض المذکور ضعف ذلك ای ۴۸ ساعة تقریباً فی الیومین المذکورین یوم ۲۱ یونیو ویوم ۲۱ دیسمبر

وکذا اللیلُ الاطولُ فی هٰذین الیومین هٰذا حکمُ النصفِ الشمالیّ

محصول مقصود یہ ہے کہ مذکورہ صدر شمالی عرض بلد والے شہروں کی طویل تر رات بھی ۲۴ گھنٹے کی ہوتی ہے ۔ بتاریخ ۲۱ دسمبر ۔ جب کہ آفتاب شمالی برجوں میں ہو اور اس کی شعاعیں خطِّ جدی پر سیدھی واقع ہوتی ہوں ۔ ۲۱ دسمبر کو آفتاب برج جدی میں پہنچتا ہے اور اس کی شعاعیں خطِّ جدی پر سیدھی واقع ہوتی ہیں ۔ اس تاریخ کو آفتاب مذکورہ صدر عرض بلد کے مقامات پر طلوع نہیں کرتا ۔ بلکہ وہ پورے ۲۴ گھنٹے افق سے نیچے رہتا ہے ۔

قولہ بل ربّما یبلغ النہار الخ ۔ یعنی ½ ۶۶ درجہ عرض بلد شمالاً یا جنوباً میں گاہے دن بجائے ۲۴ گھنٹے کے تقریباً ۴۸ گھنٹے کا ہوتا ہے مذکورہ صدر دو تاریخوں میں یعنی ۲۱ جون اور ۲۱ دسمبر میں ۔ اسی طرح ان دو تاریخوں میں مذکورہ صدر عرض بلد والے شہروں اور مقامات کی طویل تر رات بھی بجائے ۲۴ گھنٹے کے تقریباً ۴۸ گھنٹے کی ہوتی ہے ۔

بلکہ تحقیقی قول یہ ہے کہ ان دو تاریخوں میں مذکورہ صدر عرض کے دن اور رات ہمیشہ ہمیشہ (لفظ گاہے گاہے چھوڑ کر) تقریباً ۴۸ ۔ ۴۸ گھنٹے کے ہوتے ہیں ۔ شرح چغمینی وغیرہ

وَاَمَّا نصفُ الارض الجنوبیّ فحالُہ بعکس ذلک اذیکون نہارُہ الاطول فی عرض ½ ۶۶ درجۃً اربعًا وعشرین ساعۃً

وذلک فی ۲۱ دیسمبر مکانَ ۲۱ یونیو وکذا لیلُہ الاطول یکون ۲۴ ساعۃً فی العرض المتقدم فی ۲۱ یونیو بدل ۲۱ دیسمبر

کتابوں میں اس بات کی تصریح ہے۔

شرح چغمینی میں اس مسئلے کو بیان کرتے ہوئے مصنف لکھتے ہیں :-

فیکون النہارُ الاطول کذا ای اربعًا وعشرین ساعۃً اذ الشمس لا تغرب فی جمیع دورتہا فیکون مدّۃ الدّورکلّہا نہارًا ھذا بحسب الظاہر وَاَمّا النظر الدقیق فھو یحکم بامکان کون النہار الاطول قریبًا من ثمانٍ واربعین ساعۃً و ذلک اذا اتفق حلولُ الشمس فی نقطۃ الانقلاب الصیفیّ عند بلوغہا نقطۃ الشمال انتہٰی بحاصلہ۔

آگے مصنف مذکور اسی عرض بلد کی طویل ترراتں کے بارے میں لکھتا ہے :-

وکذا اللیلُ الاطول یکون اربعًا وعشرین ساعۃً بل یمکن ان یبلغ اللیلُ ھناک ضِعفَ ذلک تقریبًا و ھذا اوّل المواضع الذی یدور فیہا الظلّ حولَ المقیاس انتہٰی بحذفٍ۔ شرح چغمینی ص ۱۰۵ ۔

قولہ واَمّا نصف الارض الجنوبیّ الخ ۔ یعنی مذکورہ صدر بیان نصف کرۂ شمالی سے متعلق تھا۔ باقی نصف کرۂ جنوبی کا حال بھی ½ ۶۶ عرض بلد پر ایسا ہی ہے۔ یعنی وہاں دن اور رات ۲۴-۲۴ گھنٹے کے ہوتے ہیں۔ البتہ وہاں تاریخوں کے لحاظ سے معاملہ نصفِ شمالی کے برعکس رہتا ہے۔ چنانچہ نصفِ جنوبی کے ½ ۶۶ درجے عرض والے شہروں کا دن

الامرُ السّادسُ۔ یبلغ طولُ النهار فی منطقة القطبِ الشمالیّ من الارض ستّةَ اشهرٍ

وذلك اِذا کانَ نصفُ الارض الشمالی منحرفًا الی الشمس وقریبًا منها

اِذ الشمسُ تکون طالعةً وظاهرةً فوق الافق فی البُروج الشمالیّة مادامَ نصفُ الارض الشمالیُّ قریبًا منها

۲۱ دسمبر کو ۲۴ گھنٹے کے برابر ہوتا ہے۔ اور ۲۱ جون کو ان کی رات ۲۴ گھنٹے کی ہوتی ہے۔

قولہ الامر السادس الخ۔ یہ مذکورہ صدر دس امور واثرات میں سے امرِ ششم کی توضیح ہے۔

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ قطبِ شمالی اور اس کے آس پاس کے علاقے میں چھ ماہ کا دن ہوتا ہے۔ یعنی ۲۱-۲۲ مارچ سے تا ۲۱-۲۲ ستمبر۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان چھ ماہ میں زمین کا نصفِ شمالی آفتاب کی طرف جھکا ہوا اور اس کے قریب ہوتا ہے۔

قولہ اذ الشمس تکون الخ۔ یہ سابقہ دعوے کی دلیل کا بیان ہے اور جوابِ سوال مقدّر بھی بن سکتا ہے۔

سوال یہ ہے کہ کیا وجہ ہے کہ نصفِ شمالی جب آفتاب کے قریب ہو تو قطبِ شمالی میں چھ ماہ کا دن ہوتا ہے؟

حاصلِ جواب یہ ہے کہ اس زمانے میں اور ان چھ مہینوں میں آفتاب بروجِ شمالیہ میں ہوتا ہے اور افق سے بالا بالا ہوتا ہے۔ نیز وہ ہمیشہ ظاہر رہتا ہے جب تک زمین کا نصفِ شمالی آفتاب کے قریب ہوتے ہوتے اس کی طرف جھکا ہوا رہے۔

وكذا يبلغ طولُ الليل ستّة اشهرٍ في نفس هٰذه المنطقة منطقة القطب الشماليّ

وذلك إذا كان نصفُ الارض الجنوبيُّ قريبًا من الشمس ومنحرفًا اليها

لانّ الشمس مادام نصفُ الارض الجنوبيّ قريبًا منها تكون غاربةً وتكون في البروج الجنوبيّة تحت الافق

وكذا الحال في مَنطقة قطبِ الارض الجنوبيِ الّا انّ حُكمه على عكس حكم القطب الشماليّ

قولہ وكذا يبلغ طول الليل الخ۔ یعنی منطقہ قطب شمالی میں رات بھی چھ ماہ کی ہوتی ہے۔ (مَنطقہ کا معنی ہے جگہ۔ مقام۔ خطّہ) جب کہ زمین کا نصفِ جنوبی یعنی قطبِ جنوبی آفتاب کے قریب ہو اور اس کی طرف جھکا ہوا ہو۔ کیونکہ جب تک زمین کا نصفِ جنوبی یعنی قطب جنوبی آفتاب کے قریب ہو اُس وقت تک (۲۳ ستمبر سے ۲۰ مارچ تک) آفتاب غروب ہی رہتا ہے اور جنوبی بروج میں ہوتے ہوئے افق کے نیچے ہوتا ہے۔ لہذا ۲۳ ستمبر سے ۲۰ مارچ تک قطبِ شمالی میں رات ہوتی ہے۔

قولہ وكذا الحال في منطقة الخ۔ منطقہ جگہ۔ مقام۔ خطّہ۔ مُنحرفًا۔ جھکا ہوا۔ مائل۔ مرئیّۃ نظر آنے والا محسوس ومشاہد۔

یعنی قطبِ جنوبی کا حال بھی اسی طرح ہے۔ وہاں بھی چھ ماہ کا دن ہوتا ہے۔ اور چھ ماہ کی رات۔ البتہ اس کے شب و روز کا معاملہ قطبِ شمالی کے برعکس ہے۔ چنانچہ جن چھ ماہ میں قطبِ شمالی میں رات ہوتی ہے ان چھ ماہ میں قطبِ

فنہارُ ھذہ المنطقۃ ایضًا ستّۃُ اشہرٍ وذلک اذا کان نصفُ الارض الجنوبیُّ منحرفًا الی الشمس قریبًا منہا

لانّ الشمس تکون فی ھذہ المدّۃ طالعۃً ومرئیّۃً فوق الافق فی البروج الجنوبیّۃ وکذا لیلُ ھٰذہ المنطقۃ ستّۃُ اشہرٍ

وذلک اذا کان نصفُ الارضِ الشمالیُّ منحرفًا الی الشمس قریبًا منہا

اذ الشمسُ تکون فی ھٰذہ المدّۃ غاربۃً وتحت الافق فی البروج الشمالیّۃ ۔

جنوبی پر دن ہوتا ہے ۔

یعنی ۲۳ ستمبر سے ۲۰ مارچ تک ۔ کیونکہ اِن چھے ماہ (۲۳ ستمبر سے ۲۰ مارچ تک) میں زمین کا نصف جنوبی یعنی قطبِ جنوبی آفتاب کی طرف مائل ہونے کی وجہ سے اس کے قریب رہتا ہے ۔ اس لیے اس مدّت میں آفتاب جنوبی برجوں میں ہونے کی وجہ سے افق سے اوپر رہتا ہے اور مسلسل نظر آتا رہتا ہے ۔ اور جن مہینوں میں قطبِ شمالی کا دن ہوتا ہے ان میں قطبِ جنوبی پر رات ہوتی ہے ۔ یعنی ۲۱ مارچ سے ۲۲ ستمبر تک ۔

اس لیے کہ ان چھے ماہ (۲۱ مارچ سے ۲۲ ستمبر تک) میں زمین کا نصفِ شمالی وقطبِ شمالی آفتاب کے قریب ہوتے ہوئے اس کی طرف جھکا ہوا ہوتا ہے ۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ سورج ۲۱ مارچ سے ۲۲ ستمبر تک شمالی برجوں میں ہوتا ہے اور افق سے نیچے نیچے گردش کرتے ہوئے پوشیدہ رہتا ہے ۔

الامرُ السابع ۔ یکونُ النہارُ واللیلُ ابداً متساویین فی جمیع السَّنۃ فی مَواضع خطّ الاستواء وذلک لدوام دخولِ نصف الارض فی ضوءِ الشمس وخروجِ نصفہا من ضوئہا ھناک

الامرُ الثامنُ ۔ تتعامد الاشعّۃ الشمسیّۃ علی مَواضع خطّ الاستواء حین انتصاف النہار فی یومَین ۲۱ مارس و ۲۲ سبتمبر

وسببُ تعامُد الاَشعّۃِ انتفاءُ انحرافِ احدِ قطبی الارض الی الشمس فی ھٰذین الیومَین فقط۔

قولہ الامر السابع الخ ۔ یہ سابقہ دس امور وثمرات میں سے امرِ ہفتم کا بیان ہے۔ حاصل یہ ہے کہ خطِ استواء کے مقامات اور شہروں میں سارے سال میں دن اور رات برابر ہوتے ہیں۔ خطّ استواء میں ہمیشہ دن بھی بارہ گھنٹے کا ہوتا ہے اور رات بھی بارہ گھنٹے کی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ خطِ استواء کے پیشِ نظر ہمیشہ زمین کا نصف کُرہ آفتاب کی روشنی میں داخل ہوتا ہے۔ اور نصف کُرہ آفتاب کی روشنی سے خارج ہوتا ہے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ خطِ استواء پر دن اور رات دونوں بارہ بارہ گھنٹے کے ہوتے ہیں۔

قولہ الامر الثامن تتعامد الخ ۔ یہ سابقہ دس امور واثرات میں سے امرِ ہشتم کا بیان ہے۔

تفصیل مقصد یہ ہے کہ خطّ استواء پر سال کے دو دنوں میں دوپہر کے وقت سورج کی شعاعیں بالکل سیدھی واقع ہوتی ہیں۔ اور وہ دو دن ہیں ۲۱ مارچ اور ۲۲ ستمبر۔ چنانچہ ۲۱ مارچ اور ۲۲ ستمبر کو بوقت دوپہر سورج کی شعاعیں مقامات خطِ استواء

شكل تعامد الأشعة الشمسية على مواضع مختلفة من الأرض في تواريخ أربعة كل تاريخ مبدأ فصل من الفصول الأربعة

الامر التاسع۔ یکون اطول نُھر السنۃ کلّھا و اقصر لیالیھا فی مُعظم نصفِ الارض الشمالیّ فی ۲۱ یونیو وقیل فی ۲۲ یونیو
حیث تتعامد الاشعۃ الشمسیّۃ علیٰ خطّ السرطان وتبلغ الشمس باعتبار الحرکۃ الظاھریّۃ الانقلابَ الصیفیَّ والانقلابُ الصیفیُّ لسکّان نصف الارض الشمالیّ ھو اوّلُ بُرج السرطان

کے ساتھ زاویہ قائمہ بناتی ہیں۔ زاویہ قائمہ کی مقدار ہے ۹۰ درجہ۔ سورج کی شعاعوں کے عمودی واقع ہونے کا سبب وعلت یہ ہے کہ ان دو تاریخوں میں زمین کا کوئی قطب آفتاب کی طرف جھکا ہوا نہیں ہوتا۔ دونوں قطبوں کا آفتاب سے فاصلہ برابر ہوتا ہے۔ اس برابری کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ سورج کی شعاعیں زمین کے قطبین کے عین وسط پر یعنی خط استواء پر سیدھی واقع ہوتی ہیں۔

قولہ الامر التاسع الخ۔ نُھر۔ جمع نہار ہے۔ دن۔ مُعظم۔ بصیغہ اسم مفعول۔ از باب افعال ہے۔ مُعظم کا معنی ہے اکثر ای اکثر النصف الشمالی۔ انقلابِ صیفی۔ مبدأ برج سرطان کو انقلابِ صیفی کہتے ہیں۔ صیف کا معنی ہے موسم گرما۔ یہ مذکورہ صدر دس امور میں سے امرِ نہم کا بیان ہے۔ اس امر میں یہ بات بتلائی گئی ہے کہ اکثر معمورۂ ارضِ شمالی میں سارے سال میں دراز تر دن اور مختصر تر رات کس تاریخ کو ہوتی ہے۔

حاصلِ کلام یہ ہے کہ ۲۱ جون ہی وہ تاریخ ہے (اور بقول بعض علماء ۲۲ جون وہ تاریخ ہے) کہ اکثر نصف کرۂ شمالی (یعنی معمورۂ شمالیہ) میں اس تاریخ کا دن سارے سال کا طویل تر دن ہوتا ہے۔ اور اس کی رات سارے سال کی راتوں میں مختصر تر رات ہوتی ہے۔

هٰذا حالُ النصف الشمالیِّ واَمّا نصفُ الارض الجنوبیِّ فحالُہ علیٰ عکس النصفِ الشمالیِّ حیث یکون اطولُ نھرِ السَّنۃ جمیعہا واقصرُ لیالیہا ھُناك فی ۲۱ دیسمبر بدل ۲۱ یونیو

کیونکہ مذکورہ تاریخ میں سورج شمالی برجوں میں سے برج سرطان کے مبدا میں پہنچ کر اس میں داخل ہوتا ہے۔ اس لیے ۲۱ جون کو سورج کی شعاعیں خطِ سرطان پر سیدھی واقع ہوکر بوقتِ دوپہر خطِ سرطان کے ساتھ زاویہ قائمہ بناتی ہیں۔

۲۱ جون کو آفتاب باعتبارِ حرکتِ ظاہری (یہ درحقیقت زمین کی حرکت حول الشمس ہے۔ البتہ ظاہری نگاہ میں زمین کی حرکت کی وجہ سے آفتاب مشرق کی طرف چلتے ہوئے زمین کے گرد حرکت کرتا ہوا نظر آتا ہے) نقطۂ انقلابِ صیفی یعنی اوّلِ برجِ سرطان میں داخل ہوتا ہے۔ زمین کے نصف شمالی کے باشندوں کے لیے مبدأ برج سرطان ہی انقلابِ صیفی ہے۔ آفتاب کے یہاں پہنچنے کے بعد نصف کرہ شمالی میں موسم گرما شروع ہوتا ہے۔

قولہ واَمّا نصفُ الارض الجنوبیِّ فحالہ الخ۔ یعنی زمین کے نصفِ جنوبی کا حال نصفِ شمالی کے برعکس ہے۔ نصف کرۂ جنوبی کا طویل تر دن بجائے ۲۱ جون کے ۲۱ دسمبر کو ہوتا ہے۔ اور اس کی مختصر رات بھی ۲۱ دسمبر کو ہوتی ہے۔ کیونکہ ۲۱ دسمبر کو آفتاب کی شعاعیں خطِ جدی پر سیدھی واقع ہوتی ہیں۔ اور آفتاب باعتبارِ حرکتِ ظاہری انقلابِ صیفی میں یعنی برجِ جدی کے مبدأ میں پہنچتا ہے۔

نصفِ جنوبی کے باشندوں کے لیے اوّل برجِ جدی ہی انقلابِ صیفی (موسمِ گرما) ہے۔ اس لیے سورج کا مدار ان لوگوں کے قریب ہوتا ہے۔ اور اسی وجہ سے اِس تاریخ کو سارے سال میں اُن کا دن طویل تر دن اور ان کی رات مختصر تر رات ہوتی ہے۔

الشمال
قوس النهار فوق الافق في ٢١ مارس و٢٢ سبتمبر وانت ترى انها تساوى قوس الليل
الغرب
الشرق
خط الاستواء
الجنوب
قوس الليل تحت الافق وهي تساوى قوس النهار في ٢١ مارس و ٢٢ سبتمبر
الشمال
قوس النهار فوق الافق في ٢١ ديسمبر وانت ترى انها اقصر من قوس الليل
الغرب
الشرق
خط الجدى
الجنوب
الشمال
قوس النهار فوق الافق في ٢١ يونيو وانت ترى انها اطول من قوس الليل
الغرب
الشرق
خط السرطان
الجنوب
قوس الليل تحت الافق وهي اقصر من قوس النهار

الامرُ العاشِرُ - یکون اقصرُ نہُر السنۃ جمیعہا و اطولُ لیالیہا فی اکثر النصف الشمالیّ للارض فی ۲۱ دیسمبر وقیل فی ۲۲ دیسمبر

عند ما تتعامد الاشعۃ الشمسیّۃ علی خطّ الجدی من الارض وتصِل الشمسُ باعتبار الحرکۃ الظاہریّۃ الی الانقلاب الشتویّ

والانقلابُ الشتویُّ لاکثر نصف الارض الشمالیّ انّما ھو اوّلُ برج الجدی

قولہ الامر العاشر الخ ۔ اس عبارت میں مذکورہ صدر دس اثرات وامور میں سے امر دہم کی تشریح ہے ۔ امر دہم میں امر نہم کے برعکس حال کا بیان ہے ۔ امر نہم میں سارے سال کے طویل تر دن اور مختصر تر رات کا حال بیان ہوا ۔ امر دہم میں اس کے برخلاف سارے سال کے مختصر تر دن اور دراز تر رات کی تاریخ کا بیان ہے ۔

حاصلِ کلام یہ ہے کہ نصفِ ارضِ شمالی کے اکثر حصوں میں بتاریخ ۲۱ دسمبر (بعض علماء وماہرین کی رائے میں بتاریخ ۲۲ دسمبر) سارے سال کا مختصر تر دن ہوتا ہے اور طویل تر رات ۔ ۲۱ دسمبر کو آفتاب کی شعاعیں زمین کے خطّ جدی پر سیدھی واقع ہو کر خطّ جدی کے ساتھ زاویہ قائمہ بناتی ہیں ۔ اس تاریخ (۲۱ دسمبر) کو سورج باعتبار اپنی ظاہری حرکت کے انقلابِ شتوی (موسمِ سرما کا انقلاب) میں پہنچتا ہے ۔

انقلابِ شتوی جنوبی برجوں میں واقع ہے ۔ نصف کرہ شمالی کے باشندوں کے لیے موسم سرما کا انقلاب (انقلابِ شتوی) برج جدی کا مبدا ہی ہے ۔ آفتاب جب اوّلِ برجِ جدی میں داخل ہو جاتا ہے تو ان کا موسمِ سرما شروع ہو جاتا ہے ۔

قوس الليل مساوية لقوس النهار

قوس الليل أطول من قوس النهار

قوس النهار أطول من قوس الليل

هذا حالُ اکثر نصف الارض الشمالیّ واما مُعظمُ النصفِ الجنوبیّ للارض فحاله بعکس ماذکرنا اِذ اَقصرُ نُهُر السنۃ واطول لیالیها هناك فی ۲۱ یونیو ؂

قولہ واما معظمِ النصف الجنوبیّ الخ۔ یہ تو نصف کرۂ شمالی کا حال تھا۔ باقی اکثر نصف کرۂ جنوبی کا حال نصف شمالی کے برعکس ہے۔ کیونکہ نصف جنوبی کے معمورۂ ارضی ہیں بجائے ۲۱ دسمبر کے ۲۱ جون کو سال کا سب سے چھوٹا دن ہوتا ہے اور سال کی سب سے چھوٹی رات۔ اور سال کا درازتر دن ۲۱ دسمبر کو ہوتا ہے۔ اسی طرح سارے سال کی سب سے چھوٹی رات بھی بتاریخ ۲۱ دسمبر ہوتی ہے۔

فصل

فی القمر

○ القمر وإن كان يُرى فی الظاهر جميلاً مُنيرًا لكنّه فی الاصل ونفس الامر غيرُ مُنيرٍ وامّا نورُه المرئیُّ فهو مستفادٌ من الشمس وعكسُ ضوءِ الشمس

فصل

قولہ وان کان یُری فی الظاهر الخ۔ فصلِ ھٰذا میں چاند کے جغرافیہ اور اس کے حجم وبُعد وجاذبیت وغیرہ بعض احوال کا مختصر بیان ہے۔

عبارت ھٰذا کا حاصل یہ ہے کہ ظاہر میں چاند حسین وجمیل وروشن نظر آتا ہے، یہاں تک کہ بُلغاء حسین وجمیل چہروں کو چاند سے تشبیہ دیتے ہیں۔ اور اس ظاہری چمک کی وجہ سے عوام وخواص چاند کو اَجرامِ سماویہ میں سب سے زیادہ خوبصورت سمجھتے ہیں۔

وهٰكذا ترى الارض منيرةً جميلةً لروّاد القمر ولسكّانه مع انك تعلم انّ الارض غير جميلة

قالوا انّ القمر ذو جبالٍ شامخةٍ و اوديةٍ و وشقوقٍ وفوهاتٍ كثيرةٍ مثل فوهات البراكين

لیکن نفس الامر و حقیقت میں نہ تو چاند حسین ہے اور نہ روشن۔ چاند کی نظر آنے والی روشنی آفتاب سے مستفاد ہے۔ یعنی آفتاب کی روشنی کا انعکاس ہے۔ چاند کی سطح پر سورج کی پڑنے والی روشنی اس سے واپس منعکس ہوتی ہے۔ سورج کی اس منعکس روشنی سے ہمیں چاند روشن دکھائی دیتا ہے۔

ماہرین کہتے ہیں کہ چاند پر موجود شخص کو ہماری زمین چاند سے بڑھ کر حسین و روشن دکھائی دے گی۔ سورج کی روشنی کے انعکاس سے زمین خلا نوردوں کو چمکتی دمکتی ہوئی حسین و جمیل نظر آتی ہے۔ حالانکہ آپ جانتے ہیں کہ زمین مٹی کا کرہ ہے اور روشنی سے خالی ہے۔

قولہ قالوا انّ القمر الخ۔ یعنی ماہرین کہتے ہیں کہ چاند کی سطح زمین کی سطح سے ملتی جلتی ہے۔ بلکہ اس کی سطح زمین کی سطح سے بھی زیادہ بگڑی ہوئی اور ناہموار ہے۔

چاند کی سطح پر چھوٹے بڑے پہاڑوں کے لمبے لمبے سلسلے ہیں۔ گھاٹیاں اور وادیاں بھی وہاں بے شمار ہیں۔ چاند کی سطح پر کہیں تو گہرے دروں اور نالوں کے غار ہیں۔ کہیں لمبے لمبے شگاف اور دراڑیں ہیں۔ کہیں آتش فشاں پہاڑوں کے دہانوں کی طرح بڑے بلند اور گہرے دہانوں کے طویل و عریض سلسلے ہیں۔

شامخۃ۔ بلند و بالا۔ اودیۃ۔ جمع ہے وادٍ کی۔ وادی کا معنی ہے نالہ اور درہ۔ وادی سے مقام ھٰذا میں دو پہاڑوں کے درمیان تنگ درہ مراد ہے۔ شقوق جمع ہے شقّ کی۔ اس کا معنی ہے شگاف۔ دراڑ۔ فوہات جمع ہے فوہۃ کی۔ دہانہ۔ براکین جمع ہے

لا ماءَ علیہ ولا ھواءَ ولا نباتَ ولا حیوانَ
وھو اصغرُ بکثیرٍ من الارض وقد اَثبتُوا

بُرکان کی۔ آتش فشاں پہاڑ۔ آتش فشاں پہاڑ کے دہانوں سے آتشی مادہ بڑے زور سے نکلتا ہے۔ وہ دہانے بڑے کنوؤں کی طرح نہایت گہرے ہیں۔

قولہ لا ماء علیہ ولا ھواء الخ۔ یعنی چاند بالکل ویران و غیر آباد کرہ ہے۔ وہاں نہ پانی ہے اور نہ ہوا نہ نباتات اور نہ حیوانات۔

نباتات کا دار و مدار پانی اور ہوا پر ہے۔ جب وہاں نہ پانی ہے اور نہ ہوا تو لازمًا چاند پر ہر قسم کے پودے اور حیوانات معدوم ہوں گے۔ بلکہ اساس اور بنیاد ہوا ہی ہے جہاں ہوا ہو وہاں پانی بھی ہوتا ہے۔ اور اگر ہوا نہ ہو تو پانی بھی نہیں ہوتا۔

کیونکہ پانی اور ہوا کے عناصرِ ترکیبیہ تقریبًا ایک ہی ہیں۔ چاند کی قوتِ جاذبیّت نہایت کم ہے۔ اس لیے چاند کی قوتِ جاذبیت کرۂ ہوا کو اپنے ساتھ وابستہ نہیں رکھ سکتی۔

قولہ وھو اصغر بکثیر الخ۔ یعنی کرۂ قمر زمین سے بہت چھوٹا ہے۔ ماہرین کہتے ہیں کہ چاند زمین کا $\frac{1}{49}$ حصہ ہے۔ یعنی حجمِ زمین چاند کے حجم سے ۴۹ گنا ہے۔ اگر کرۂ قمر کی طرح ۴۹ کرُے جمع کیے جائیں تو ان کا مجموعہ زمین کے برابر ہوگا۔ چاند کا قُطر ۲۱۶۰ میل ہے۔

چاند کا زمین سے متوسّط فاصلہ ہے ۲۳۹۰۰۰ میل۔ عمومًا بطورِ تقریب کے چاند کا زمین سے متوسّط فاصلہ ۲ لاکھ ۴۰ ہزار میل شمار کرتے ہیں۔ بقولِ ماہرین چاند کا زمین سے قریب تر فاصلہ ہے ۲۲۱۴۶۳ میل۔ اور بعید تر فاصلہ ہے ۲۵۲۷۱۰ میل۔

انّ الارض ضعف القمر حجمًا ٤٩ مرةً وقطرہٗ ۲۱۶۰ میلًا

المقارنة بين حجم القمر و حجم الارض

وبُعدُہ المتوسِّط عن الارض ۲۳۹۰۰۰ میلٍ
وجاذبیّتہ سُدُسُ جاذبیّۃ الارض فمن استطاعَ
اَن یقفِزَ علی الارض مِترًا واحدًا استطاع اَن یَقفِزَ علی

قولہ وجاذبیّتہ سُدس الخ۔ عبارتِ ھذا میں چاند کی قوتِ جاذبیت (کشش) کا ذکر ہے۔ چاند کی قوتِ جاذبیت نہایت کم ہے۔ وہ زمین کی جاذبیت کا سُدس (چھٹا حصہ $\frac{1}{6}$) ہے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص زمین پر اوپر کی جانب ایک میٹر چھلانگ لگا سکے وہ چاند پر اُسی قوت سے چھے میٹر بلند چھلانگ لگا سکے گا۔ اسی طرح جو شخص زمین پر ایک من وزن اٹھا سکے وہ چاند پر بڑی آسانی سے چھے من وزن اُٹھا سکے گا۔

قفز کا معنی ہے چھلانگ لگانا۔ میتر کی جمع ہے امتار۔ یہ معرب میٹر ہے۔ ایک

وجه القمر المرئي

شمال

جنوب

(شكل) خريطة لوجه القمر المقابل للأرض

(شكل) خريطة وجه القمر المختفي

فوهة كوبرنيكس على القمر

صورة فوهة كوبرنيكس على القمر

سطح القمر ليلة ١٦

القمر ستة امنان ومن يطيق ان يحمل على الارض
منّاً واحداً يطيق ان يحمل على القمر ستة امنانٍ
ثم ان الاظلال على القمر سوداء كالليل المظلم
فلا يتمكّن احدٌ ان يبصر هناك احداً في الظلّ
وكذا لا يتمكّن احدٌ ان يسمع هناك شيئاً من
الاصوات وعلّتهُ ذلك انتفاءُ الهواء على القمر۔

میٹر ۳۹ انچ کا ہوتا ہے۔ مَنّ کی جمع اَمنان ہے۔ ہمارے ملک میں من ۴۰ سیر کا ہوتا ہے۔ قدیم من کا وزن بہت کم ہے۔

قولہ ثم ان الاظلال الخ۔ عبارتِ ھٰذا میں یہ بتلایا گیا ہے کہ چاند پر ہوا نہ ہونے کی وجہ سے وہاں کے سائے دن کے وقت بھی تاریک رات کی طرح سیاہ ہوتے ہیں۔ لہٰذا وہاں یہ ناممکن ہے کہ آپ سائے میں کھڑے شخص کو دیکھ سکیں۔

اگر آپ سایہ میں کتاب کا مطالعہ کرنا چاہیں تو آپ کو نہ تو کتاب نظر آئے گی اور نہ اپنا ہاتھ دکھائی دے گا۔ وہاں اگر آپ کا ایک ساتھی قریب سایہ میں چلا جائے تو آپ حیران ہوں گے کہ وہ کہاں گم ہوگیا اور کدھر چلا گیا حالانکہ وہ آپ کے قریب سایہ میں کھڑا ہوگا۔

زمین پر روشنی میں چیزیں اس لیے نظر آتی ہیں کہ ہوا میں موجود گرد کے بے شمار ذرات نہایت سرعت سے متحرک ہیں اور وہ ذرّات روشنی کو منعکس کرتے ہیں۔ یہی ذرّات سورج کی روشنی کے حامل ہیں۔ جب یہ ذرّات سایہ میں منتشر ہوکر داخل ہوتے ہیں تو ان کے ذریعہ روشنی سایہ میں بھی پھیل جاتی ہے۔ اس طرح ہم زمین پر سایہ میں بھی دیکھتے ہیں۔

قولہ وکذا لا یتمکّن احدٌ ان یسمع الخ۔ یعنی چاند پر چونکہ ہوا نہیں ہے اس لیے وہاں کوئی شخص کسی کی آواز نہیں سن سکتا۔ وہاں آپ کے قریب اگر آدمی چیخ چیخ کر آپ سے بات کرنا شروع کر دے تو آپ کو اس کا منہ تو بار بار کھلتا ہوا نظر آئے گا لیکن اس کی آواز نہیں سن سکیں گے بلکہ آپ کو حیرت ہوگی کہ یہ ساتھی بار بار منہ کیوں کھول رہا ہے اور کیوں زور لگا رہا ہے۔

بلکہ اگر آپ کے قریب بم کا ایک گولہ بھی پھٹ جائے تو اس کے ٹکڑے اُڑتے اور پھیلتے ہوئے تو آپ کو نظر آئیں گے لیکن اس گولے کی آواز سُنائی نہیں دے گی۔ اس لیے کہ وہاں ہوا موجود نہیں ہے۔

ہمیں زمین پر آواز ہوا میں موجوں اور لہروں کی حرکت کے ذریعہ سُنائی دیتی ہے اور چاند پر ہوا تو ہے نہیں اس لیے وہاں آواز بھی سُنائی نہیں دیتی۔

آگے عبارت، وعلۃ ذلک الخ میں دونوں دعووں کی علّت کا بیان ہے۔ پہلا دعویٰ ہے سایہ کا تاریک ہونا۔ دوسرا دعویٰ ہے آواز کا سُنائی نہ دینا۔ دونوں دعووں کی علّت وسبب ایک ہی ہے۔ اور وہ ہے چاند پر ہوا کا موجود نہ ہونا۔ ہوا کے فقدان سے چاند پر سائے تاریک ہوتے ہیں۔ نیز ہوا نہ ہونے کی وجہ سے ہی چاند پر آواز سُنائی نہیں دیتی۔

فصل

فى حركة القمر

○ يتحرّك القمرُ بحركتين معًا من الغرب الى الشرق

اِحداهما حركتُه حولَ المحور وهذه الحركةُ هى

فصل

قوله يتحرك القمر الخ۔ فصلِ ھٰذا میں چاند کی حرکت کی بحث ہے۔ یعنی چاند بیک وقت دوگردشیں کر رہا ہے۔ یعنی وقتِ واحد میں دو حرکتوں سے متحرک ہے۔ اور اس کی یہ دونوں حرکتیں مغرب سے مشرق کی طرف ہیں۔ ایک محوری حرکت ہے اور ایک ماہانہ حرکت ہے۔

قوله احداهما حركته الخ۔ مِلاک کا معنی ہے مدار۔ سہارا۔ بنیاد۔ ذریعہ۔ تعاقُب کا معنی ہے یکے بعد دیگرے آنا۔ عبارتِ ہذا میں چاند کی پہلی حرکت یعنی حرکتِ

مِلاكُ تعاقُبِ الليل والنهار على القمر وثبتوا انّ النهار القمريَّ يُساوي ۱٤ يومًا من الايّام الارضيّة وكذا الليل القمريّ

والثانية حركتهُ حولَ الارض في مدارٍ اهليلجيّ

ومُدّةُ دورة هذه الحركة مِعيار الشهر القمريّ

محوری کا بیان ہے۔

ایضاح مطلب یہ ہے کہ چاند کی پہلی حرکت تو یہ ہے کہ وہ لٹّو کی طرح اپنے محور کے گرد حرکت کرتا ہے۔ چاند کی اِس حرکت کا ایک دَورہ تقریبًا ایک ماہ میں پورا ہوتا ہے۔ چاند کی یہی حرکت چاند پر شب و روز کے آنے جانے کی بنیاد و سبب ہے چونکہ اس گردش کا ایک دورہ ایک ماہ کے برابر ہے۔ اس لیے ماہرین کہتے ہیں کہ چاند کا ایک دن ہمارے تقریبًا ۱۴ دنوں کے برابر ہے۔ اسی طرح چاند کی ایک رات بھی زمین کی ۱۴ راتوں کے برابر ہے۔

قولہ والثانیۃ حرکتہ الخ۔ اہلیلجی کا معنی ہے بیضوی۔ جو مدار اور دائرہ پوری طرح گول نہ ہو۔ بلکہ اس میں معمولی سا طول ہو۔ انڈے اور ہلیلہ کی طرح۔ اُس مدار اور دائرے کو اہلیلجی و بیضوی کہتے ہیں۔ ہلیلہ معروف چیز ہے جس کو ہڑ اور ہریڑ بھی کہتے ہیں۔

چاند کی اِس دوسری حرکت کے دورے کی مدّت قمری ماہ کا معیار ہے۔ پس قمری ماہ نام ہے چاند کی حرکتِ ثانیہ کے ایک دورے کا۔ قمری ماہ کا مطلب یہ ہے کہ

شكل حركة القمر حول الأرض مع مشايعته الأرض الدائرة فى مدارها حول الشمس .

وَيُتِمُّ القمرُ كلتا دورتيه في ۲۷ يومًا و ۷ ساعاتٍ و ۴۳ دقيقةً

ولا يخفىٰ عليك انّ مدّة دورته الحقيقيّة هذه اقلُّ من مُدّة الشهر بيومين تقريبًا

اِن قلتَ الظاهرُ انّ مدّة دورة القمر حولَ الارض مِعيارٌ لمدّة الشهر القمري واصلٌ لها وهذا يقتضِي تساويهما

فما وجهُ زيادةِ مُدّةِ الشهر القمري على مدّة الدورة الحقيقيّة للقمر مدّةِ دورته حول الارض ؟

چاند نے زمین کے گرد ایک دورہ پورا کرلیا۔

قولہ ویتمّ القمرُ کلتا الخ۔ یعنی چاند کی دونوں حرکتوں کے دَورے کی مدّت ایک ہی ہے۔ دونوں حرکتوں کا ایک دورہ مکمل ہوتا ہے ۲۷ دن سات گھنٹے ۴۳ منٹ میں۔ اسی مدّت میں چاند کی محوری گردش کا دورہ بھی مکمل ہوتا ہے۔ اور زمین کے گرد حرکت کا دورہ بھی اسی مدّت میں مکمل ہوتا ہے۔

بنابریں بظاہر یہ خیال ہوتا ہے کہ ایک قمری ماہ کی مدّت ۲۷ دن سات گھنٹے ۴۳ منٹ کے برابر ہونی چاہیے۔ حالانکہ یہ بات کسی پر مخفی نہیں کہ چاند کا مذکورہ صدر دورۂ حقیقیہ قمری ماہ سے تقریباً دو دن کم ہے۔ قمری ماہ ۲۹ دن سے کم نہیں ہوتا۔

لہٰذا یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا وجہ ہے کہ قمری ماہ کی مدّت زیادہ ہے چاند کے دورۂ حقیقیہ کی مدّت سے؟ آگے اس سوال اور اس کے جواب کا بیان ہے۔

قولہ ان قلتَ الظاهر الخ۔ یہ ایک سوال کا ذکر ہے۔ سوال یہ ہے کہ کلام

قلنا وجہ ذلك دورانُ الارضِ حولَ الشمس حيث تقطع الارضُ من اوّل الشهر الى نهايته مسافةً كبيرةً فى الفضاء

فلا يمكن ان يجتمع القمرُ بالشمس ويعود الى موقعہ الاوّل الّا بعد قطع تلك المسافۃ الكبيرة الزائدة

والقمرُ يستغرق فى قطع هٰذه المسافۃ الزائدة نحو يومين تقريبًا

ولذا تزيد مدّةُ الشهرِ القمرىّ بيومين تقريبًا على مدّة الدورة الحقيقيّة للقمر

سابق سے معلوم ہوا کہ چاند کی حرکتِ ثانی یعنی اس کی حرکتِ حولَ الارض کا ایک دورہ معیار واصل ہے قمری ماہ کے لیے۔ اور اس کا تقاضا یہ ہے کہ دونوں کا وقفہ اور زمانہ برابر ہو۔ جتنا زمانہ چاند کے دورہ حول الارض کا ہے قمری ماہ کا زمانہ بھی اتنا ہی ہونا چاہیے حالانکہ مشاہدہ و واقع میں قمری ماہ کی مدت زیادہ ہوتی ہے۔

لہذا یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا وجہ ہے کہ قمری ماہ کی مدت زیادہ ہے چاند کے دورۂ حقیقیہ سے یعنی چاند کے دورہ حول الارض کی مدت سے۔

قولہ قلنا وجہ ذلك الخ۔ یہ جواب ہے سوالِ مذکور کا۔ حاصل جواب یہ ہے کہ قمری ماہ کی مدت بقدر دو یومین زیادہ ہونے کا سبب زمین کی گردش حول الشمس ہے پس زمین قمری ماہ کی ابتداء سے تا انتہائے ماہ اپنے مدارِ فضائی میں گردش کرتی ہوئی زیادہ مسافت طے کر لیتی ہے۔ چاند بھی زمین کے ساتھ اسی گردش میں شریک ہے۔

شكل - الشهر الاقتراني

فلو كانت الارض ساكنةً وثابتةً فى مكانٍ واحدٍ لكانت مُدّةُ الشهرِ القمريّ مُساويةً لمدّةِ دورةِ القمرِ حولَ الارض

ثمّ انّ قدرَ سيرِ القمرِ حولَ الارض

اور قمری ماہ ختم ہونے کا مطلب ہے کہ چاند واپس اپنے پہلے مقام پر پہنچ کر زمین اور شمس کے مابین آجائے (یہ حالت اجتماع نیرین کہلاتی ہے۔ اس حالت میں شمس و قمر ایک سیدھ پر اور ایک جہت میں ہو کر تقریباً ایک جا طلوع و غروب ہوتے ہیں)۔

اور پہلے مقام پر پہنچنے کے لیے ضروری ہے کہ چاند مذکورہ صدر زائد مسافت بھی طے کرلے۔ اور اس زائد مسافت طے کرنے میں چاند کو اپنے دورۂ حقیقیہ (۲۷ دن ½ ۷ گھنٹے) کی بہ نسبت مزید تقریباً دو دن لگتے ہیں۔ (استغراق کا معنی ہے صرف کرنا۔ لگانا۔ پورا کرنا) پس چاند کو یکم ماہ یعنی ابتداء ماہ کے مقام پر دوبارہ پہنچنے کے لیے اپنے دورۂ حقیقیہ کی مدت کے علاوہ مزید دو دن لگتے ہیں۔ اسی وجہ سے قمری ماہ کی مدت تقریباً دو دن زیادہ ہوتی ہے چاند کے دورۂ حقیقیہ کی مدت سے۔

قولہ فلو کانت الارض الخ۔ یعنی بیانِ سابق سے معلوم ہوگیا کہ زمین کی حرکت حول الشمس کی وجہ سے قمری ماہ کی مدت تقریباً دو دن زیادہ ہے چاند کے دورۂ حقیقیہ کی مدت سے۔

لہٰذا اگر زمین ایک ہی مقام میں ساکن و ثابت ہوتی اور متحرک نہ ہوتی تو قمری ماہ کی مدت برابر ہوتی مدتِ دورۂ قمر حول الارض کے ساتھ۔ یعنی قمری ماہ بھی تقریباً ۲۷ دن اور ½ ۷ گھنٹے کا ہوتا جس طرح چاند کے دورۂ حقیقیہ حول الارض کی مدت ۲۷ دن ½ ۷ گھنٹے ہے۔

قولہ ثم ان قدر سیر القمر الخ۔ عبارتِ ھذا میں چاند کی حرکت حول الارض کی مقدار کا ذکر ہے۔ ماہرین کہتے ہیں کہ چاند زمین کے گرد مغرب سے مشرق کی طرف حرکت کرتے ہوئے اپنے مدار میں سے روزانہ تقریباً ۱۳ درجے طے کرتا ہے اور

۱۳ درجۃً کلَّ یومٍ تقریباً و ۲۱۰۰ میلٍ کلَّ ساعۃٍ ۔

ہر گھنٹے میں ۲۱ سو میل قطع کرتا ہے۔ اسی وجہ سے چاند کے طلوع و غروب میں روزانہ ۵۱ منٹ کی تاخیر واقع ہوتی ہے۔

بالفاظِ دیگر نصف النہار پر پہنچنے میں چاند روزانہ ۵۱ منٹ دیر سے پہنچتا ہے۔ مثلاً اگر آج رات چاند نصف النہار پر ۷ بجے پہنچا تو دوسرے دن وہ نصف النہار پر ۷ بج کر ۵۱ منٹ پر پہنچے گا ۔

فصل

فی اشکال القمر

○ القمرُ یستفیدُ النورَ من الشمس

فصل

قولہ القمر یستفید النور الخ۔ فصلِ ھٰذا میں چاند کے مختلف مناظر واشکال (ہلال۔ بدر۔ تربیع) کی تفصیل ہے۔ ہر ناظر کے ذہن میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ہر ماہ چاند کی اشکال و مظاہر کے اختلاف کی وجہ کیا ہے۔

اس سوال کا حل اور اس مطلب کی تفصیل موقوف ہے تین امور پر۔ عبارتِ ھٰذا میں ان امور کا بیان ہے۔

امر اوّل یہ ہے کہ چاند خود روشن نہیں ہے۔ بلکہ وہ روشنی آفتاب سے حاصل کرتا ہے۔ اگر وہ خود روشن ہوتا تو آفتاب کی طرح اس کے قرص کی روشنی ایک ہی حالت پر ہوتی۔

فلايزال نصفه المواجه للشمس مُضيئاً بنور الشمس و نصفه الآخر مُظلِماً
هذا حال القمر في نفس الامر و الواقع واَمّا بالنسبة الى اَبصارنا فتختلف اشكاله اذ حين اجتماع النيّرين

قوله فلايزال نصفه الخ۔ یہ امرِ ثانی کا بیان ہے۔ جو چاند کے اَشکال سے متعلق ہے۔ حاصلِ کلام یہ ہے کہ چاند چونکہ سورج کی روشنی کے انعکاس سے چمکتا ہے۔ اس لیے کُرۂ قمر کا وہ نصف جو سورج کے مقابل ہو ہمیشہ روشن ہوتا ہے اور اس کا دوسرا نصف ہمیشہ تاریک ہوتا ہے۔
بلکہ ماہرین کہتے ہیں کہ چاند چونکہ چھوٹا ہے اور آفتاب بہت بڑا ہے۔ اس لیے چاند کا نصف سے کچھ زیادہ حصہ ہمیشہ روشن ہوتا ہے اور نصف سے کچھ کم دائماً تاریک رہتا ہے یہ چاند کا حال ہے نفس الامر و واقع میں
پس واقع میں چاند ہمیشہ بدر کی حالت میں ہوتا ہے۔ کیونکہ دائماً اس کا نصف حصہ روشن ہوتا ہے۔ البتہ ہماری آنکھوں اور رؤیت کے لحاظ سے چاند کی ہیئاتِ مرئیہ بدلتی رہتی ہیں۔ یہ امرِ ثالث ہے جس کا بیان آگے آرہا ہے۔

قوله واما بالنسبة الى ابصارنا الخ۔ عبارتِ ھٰذا میں اَشکال و مناظرِ قمر سے متعلق امرِ ثالث کا بیان ہے۔ توضیحِ مطلب یہ ہے کہ چاند واقعہ و نفس الامر میں ہمیشہ حالتِ بدر میں ہوتا ہے البتہ ہماری آنکھوں یعنی ہماری رؤیت کے لحاظ سے چاند کی ہیئات و اَشکال بدلتی رہتی ہیں۔
چاند کی ان ہیئات و احوال میں مشہور تین ہیئات ہیں۔ اوّل محاق۔ دوم ہلال۔ سوم بدر۔

قوله اذ حين اجتماع النيّرين الخ۔ یہ حالتِ محاق کا بیان ہے۔ نیّرین سے شمس و قمر مراد ہیں۔ یعنی جب شمس و قمر کا اجتماع ہو (اجتماع ہر مہینہ کے آخری دو دن میں ہوتا ہے) تو اس وقت چاند کا تاریک نصف سارا ہماری طرف ہوتا ہے۔ اور اس کا

قمر ليلة عاشرة

يكون نصفُه المظلم الينا و نصفُه المضيئُ الى خلاف جهتنا فلا نرى من القمر شيئًا

وحالةُ القمر هٰذه تُسمّٰى بالمحاق ولا يكون المحاقُ الّا فى آخر الشهر القمرى

والاجتماعُ ان يكون القمرُ بين الارض و الشمس حيث يطلع القمرُ و يغرُب و يسير مع الشمس

سارا روشن نصف ہماری خلاف دوسری جہت کی طرف ہوتا ہے۔ کیونکہ آفتاب اس دوسری سمت میں ہوتا ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہمیں جسمِ قمر میں سے کچھ نظر نہیں آتا۔ چاند کی یہ حالت محاق سے موسوم ہے۔

لغۃً محاق کا معنی ہے کم کرنا۔ مٹانا۔ چونکہ محاق کے ایام میں چاند کی روشنی ہمیں نظر نہیں آتی۔ اس لیے اسے محاق کہتے ہیں۔ گویا کہ اس کی روشنی کم کر کے مٹا دی گئی ہے یا چھپا دی گئی ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ محاق قمری ماہ کے آخری ایک دو دن میں ہوتا ہے۔ یہی اجتماعِ نیّرین کے دن ہیں۔

قولہ والاجتماع ان یکون الخ۔ عبارتِ ھذا میں اجتماعِ نیّرین کی تعریف ہے۔ ابھی آپ کو معلوم ہوا کہ محاق حالتِ اجتماعِ نیّرین میں ہوتا ہے۔

فنِ ھٰذا کی اصطلاح میں شمس و قمر کے اجتماع کا مطلب یہ ہے کہ چاند زمین اور آفتاب کے درمیان میں واقع ہے۔ حالتِ اجتماع میں ظاہری طور پر چاند اور سورج تقریبًا اکٹھے طلوع و غروب کرتے ہیں۔ اور اکٹھے حرکت کرتے ہیں۔ یہ اجتماع ہر قمری ماہ کے آخری ایک دو دن میں ہوتا ہے۔ آفتاب بہت دور ہے اور چاند بہت قریب۔ ان کے مابین حقیقۃً اجتماع ناممکن ہے۔

لہٰذا دونوں میں صرف ظاہری طور پر اجتماع ہوتا ہے۔ زمین اور آفتاب کے درمیان ہی میں چاند کا مدار واقع ہے۔ پس چاند جب اپنے مدار میں ہمارے اور سورج کے

وَاِذَا بَعُدَ الْقَمَرُ عَنِ الشَّمْسِ يَسِيْرًا وَبَقِيَ فَوْقَ الْاُفُقِ الْغَرْبِيِّ بَعْدَ غُرُوْبِ الشَّمْسِ ثَمَانِيْ دَرَجَاتٍ اَوْ عَشْرَ دَرَجَاتٍ يَنْحَرِفُ اِلَيْنَا شَيْءٌ مِنْ نِصْفِهِ الْمُضِيْءِ فَنَرٰى طَرَفًا مِنْ هٰذَا النِّصْفِ الْمُضِيْءِ الْمُنْحَرِفِ اِلَيْنَا وَهُوَ الْهِلَالُ

ثُمَّ يَتَزَايَدُ كُلَّ لَيْلَةٍ اِنْحِرَافُ نِصْفِهِ الْمُضِيْءِ اِلَيْنَا حَسَبَ بُعْدِهِ عَنِ الشَّمْسِ اِلٰى لَيْلَةِ الْاِسْتِقْبَالِ

درمیان پہنچ جاتا ہے تو ہمیں دور سے دونوں اکٹھے طلوع و غروب و گردش کرتے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔ یہ ہے شمس و قمر کا اجتماع باعتبارِ ظاہری رؤیت کے۔

قولہ واذا بعد القمر الخ۔ یہ چاند کی ہیئتِ ثانیہ کا بیان ہے۔ یسیرًا ای قلیلاً۔

ایضاحِ کلام یہ ہے کہ مہینہ کے آخری ایک دو دن میں اجتماع کی وجہ سے ہمیں چاند نظر نہیں آتا۔ لیکن جب چاند آفتاب سے کچھ دور ہو جائے بقدر ۸ درجات کے یا ۱۰ درجات کے تو اس صورت میں غروبِ شمس کے بعد چاند افقِ غربی کے اوپر ۸ درجہ یا ۱۰ درجہ بلند رہ جاتا ہے۔ اس حالت میں چاند کے روشن نصف حصے کا تھوڑا سا کنارہ ہماری طرف مڑ جاتا ہے تو وہ چمکتا کنارہ ہم دیکھ لیتے ہیں۔ یہ ہے ہلال۔

بعض ماہرین کہتے ہیں کہ پہلی کا چاند نظر آنے کے لیے ضروری ہے کہ وہ افق سے غروبِ شمس کے بعد ۱۰ درجہ بلند ہو۔ بعض نے ۱۲ درجات کا ذکر کیا ہے۔ لیکن بعض ماہرین کہتے ہیں کہ افقِ غربی سے آٹھ درجہ بلندی کافی ہے۔ بلکہ حرمین شریفین کے بعض علماء کے قول کے مطابق چار پانچ درجہ بلند از افق چاند بھی دیکھنے اور نظر آنے کے قابل ہوتا ہے۔

قولہ ثم یتزاید کل لیلۃ الخ۔ یہ چاند کے مناظر و اشکالِ ثلاثہ میں سے منظر و شکلِ ثالث یعنی بدر کا بیان ہے۔

جانب الشمس
المحاق
الارض
مدار القمر
بدر كامل

فتنعکس حالتہ الاولیٰ فی لیلۃ الاستقبال حیث یُواجھنا جمیعُ وجہِ المضیئ ویکون جمیعُ وجہ المظلمِ الی خلاف جھتنا وھو البدرُ

والاستقبالُ ان تکون الارضُ بین النیّرین

ثم بعدَ لیلۃِ الاستقبال یتناقص فی رأیِ العین

تشریح کلام یہ ہے کہ یکم ماہ کے بعد ہر رات چاند مشرق کی طرف چلتے ہوئے آفتاب سے دور ہوتا جاتا ہے۔ جُوں جُوں وہ آفتاب سے بعید ہوتا جاتا ہے اور ان میں فاصلہ بڑھتا جاتا ہے تُوں تُوں چاند کا روشن نصف حصہ ہماری طرف منحرف اور مُڑتا جاتا ہے (انحراف کا معنی ہے مائل ہونا مُڑنا) انحراف وتباعدِ قمر از شمس شبِ استقبال تک جاری رہتا ہے۔ یعنی مہینہ کی ۱۴ تاریخ تک۔

لہٰذا بشبِ استقبال (۱۳ یا ۱۴ تاریخ کو) چاند کی ہیئت حالتِ اُولیٰ (حالتِ محاق) کے برعکس ہوتی ہے، کیونکہ چاند کا روشن نصف بتمامہ ہماری طرف ہوتا ہے۔ اور اس کا تاریک نصف بکلّہ ہمارے خلاف دوسری جہت میں ہوتا ہے۔ یہ ہے چاند کی وہ حالت وہیئت جو بدر سے موسوم ہے۔

بدر کی رات زمین چاند اور آفتاب کے مابین ہوتی ہے۔ اُس دن مغرب میں سورج غروب ہوتا ہے اور اُسی وقت یا اس کے قریب قریب مشرق میں چاند بصورت بدر طلوع ہوتا ہے چنانچہ چاند کا جو نصف سورج کی طرف ہوکر چمکتا ہے بعینہ وہ نصف ہماری طرف بھی ہوتا ہے۔ اس لیے ہمیں چاند بصورتِ بدر نظر آتا ہے۔

قولہ والاستقبال الخ۔ یہ استقبال کی اصطلاحی تعریف ہے۔ یعنی بدر بشبِ استقبال ہوتا ہے اور استقبال کا مطلب یہ ہے کہ زمین شمس وقمر کے مابین ہو۔ چنانچہ بشبِ استقبال ایک طرف چاند ہوتا ہے اور دوسری طرف آفتاب ہوتا ہے اور زمین دونوں کے درمیان میں ہوتی ہے۔

قولہ ثم بعد لیلۃ الاستقبال الخ۔ یعنی استقبال کے بعد ظاہری طور پر ہماری رؤیت کے اعتبار سے چاند کے روشن نصف میں ہر رات تھوڑی کمی واقع ہوتی رہتی ہے۔

صورۃ ربع القمر فوق صورۃ الارض

شکل البدر وتری الارض بین النیّرین

نِصفُہ المضِیئ شیئاً فشیئاً کلَّ لیلۃٍ لاجل انحرافِ نصفہ المضِیئ عنّا الی خلاف جھتنا وانحرافِ نصفہ المظلِم الینا قلیلاً قلیلاً الی اَن یؤُول الامرُ الی المحاق مرّۃً اُخریٰ

وھکذا حالُ اَشکالِ القمرِ و مظاھرہ کلَّ شھرٍ ؎

روشنی کی اس کمی کا سبب یہ ہے کہ چاند کا روشن نصف ہمارے خلاف دوسری جانب کی طرف منحرف اور مائل ہوتا جاتا ہے۔ اور اس کا تاریک نصف ہماری طرف تھوڑا مڑتا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ ۲۱ ویں رات کو وہ حالتِ تربیع پیدا ہو جاتی ہے جو ساتویں شب کو ہوتی ہے۔ یہ انحراف و میلان جاری رہتا ہے تا آنکہ مہینے کے آخر میں پھر محاق والی حالت پیدا ہو جاتی ہے۔ اسی طرح ہر ماہ چاند کے اِن مناظر و مظاہر کا دورہ جاری رہتا ہے ؎

فصل

فی الخسوف والکسوف

○ مدارُ القمر یُقاطِع دائرۃَ البروج التی هی مدارُ الشمس علیٰ مقامین یُسمَّیان بالرّأس والذنب

فصل

قولہ مدار القمر الخ۔ فصلِ ھٰذا میں خسوف وکسوف کا بیان ہے۔ خسوف کا زیادہ استعمال چاند گرہن میں ہوتا ہے۔ اور کسوف کا اکثر اطلاق آفتاب گرہن پر ہوتا ہے۔

عبارتِ ھذا میں کسوف وخسوف کی اساس وبنیاد کا بطور تمہید ذکر ہے حاصلِ کلام یہ ہے کہ آفتاب کا مدار عین دائرۃ البروج ہے۔ یا وہ دائرۃ البروج کی سمت وسطح میں واقع ہے۔ لیکن مدار قمر حول الارض مدار شمسی کی سطح وسمت میں واقع نہیں ہے۔

فاذا اجتمع القمرُ والشمسُ عند الرأس او عند الذنب بحيث يمرّ الخطُّ المستقيمُ المتخيّل الخارجُ من ابصارنا بالقمر ثم بالشمس ستر القمرُ عن ابصارنا كُلَّ قرص الشمس او بعضه وهو الكسوف

بلکہ مدارِ قمر مدارِ شمسی کو دو مقاموں پر کاٹتا ہے۔ ان دو مقاموں کا نام ہے رأس و ذنب۔

پس چاند مدارِ شمسی یعنی دائرۃ البروج سے گاہے شمال میں ہوتا ہے اور گاہے جنوب میں۔ اور گاہے رأس یا ذنب میں۔ کسوف و خسوف اُس وقت ممکن ہیں جب کہ چاند رأس یا ذنب میں ہو۔ اور آفتاب بھی باعتبار رؤیت رأس یا ذنب میں ہو۔ یعنی رأس یا ذنب کی سمت میں واقع ہو۔ تفصیل آگے آرہی ہے۔

قولہ فاذا اجتمع القمر الخ۔ عبارتِ ھذا میں کسوفِ شمس کا بیان ہے۔ آفتاب گرہن اُس وقت واقع ہوتا ہے۔ جب کہ شمس و قمر کا مقامِ رأس یا مقامِ ذنب میں اجتماع ہو جائے۔

اجتماعِ نیّرین کا مطلب یہ ہے کہ شمس و قمر دونوں ایک ہی سمت میں اس طرح واقع ہو جائیں کہ ہماری آنکھ سے خیالی و وہمی نکلا ہوا مستقیم خط پہلے چاند پر گزرے اور پھر آفتاب تک پہنچے۔ اس صورت میں چاند ہمارے اور آفتاب کے درمیان حائل ہو جاتا ہے۔

حائل ہونے کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ چاند ہماری آنکھوں سے سارا قرصِ شمس (قرصِ شمس کا معنی ہے جسمِ شمس) یا قرصِ شمس کا بعض حصہ چھپا دیتا ہے۔ یہ ہے کسوفِ شمس۔ (آفتاب گرہن)

اگر سارا قرصِ شمس چھپ جائے تو یہ کسوف کلّی ہے۔ اور اگر اس کا بعض حصہ چھپ جائے تو یہ کسوفِ جزئی ہے۔ زمین کے جس حصہ میں کسوف واقع ہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ زمین کا وہ حصہ چاند کے سایہ میں داخل ہے۔ چاند چونکہ چھوٹا جسم ہے اس لیے زمین پر اس کے واقع ہونے والے سائے کا قطر (سایہ کی چوڑائی) زیادہ لمبا نہیں ہوتا۔ اس لیے

صورة الكسوف الكلى و ترى حول قرص الشمس مثل هالة منوّرة تسمّى اكليل الشمس

ويختص حدوث الكسوف بآخر الشهر القمريّ إذ الاجتماع المذكور لا يمكن إلّا في آخر الشهر القمريّ
وإذا استقبل القمر الشمس عند الرأس والذنب بأن يكون القمر في الرأس والشمس في الذنب أو بالعكس حالت الأرض بين النيّرين ووقع القمر كلّه أو بعضه في خلال ظلّ الأرض المخروطيّ وهو الخسوف

کسوفِ شمس خصوصاً کسوفِ کلّی زمین کے محدود حصے ہی میں واقع ہوتا ہے۔

قولہ ویختص حدوث کسوف الخ۔ یعنی شمس کا کسوف قمری ماہ کے آخر میں ممکن ہے۔ بالفاظِ دیگر کسوف ایّام محاق ہی میں واقع ہوسکتا ہے۔ کیونکہ ابھی آپ کو معلوم ہوا کہ کسوفِ شمس اجتماعِ نیّرین کے وقت (جب کہ چاند زمین اور آفتاب کے درمیان میں ہو) واقع ہوسکتا ہے۔ اور یہ اجتماع قمری ماہ کے آخر ہی میں ہوتا ہے۔ کسی اور تاریخ میں یہ اجتماع ناممکن ہے۔ اس لیے کسوفِ شمس قمری ماہ کے آخر ہی میں واقع ہوسکتا ہے۔

قولہ واذا استقبل القمر الخ۔ یہ چاند گرہن کا ذکر ہے۔ محصولِ کلام یہ ہے کہ خسوف (چاند گرہن) استقبالِ نیّرین کے وقت واقع ہوتا ہے۔ بشرطیکہ یہ استقبال مقامِ رأس و ذنب میں ہو۔ یعنی قمر مقامِ رأس میں ہو اور آفتاب مقامِ ذنب میں یا بالعکس۔ (استقبال کا مطلب یہ ہے کہ زمین شمس و قمر کے درمیان میں ہو۔ یعنی ایک طرف چاند ہو اور دوسری طرف آفتاب ہو۔ اور زمین عین وسط میں ہو۔ یہ استقبال قمری ماہ کی ۱۳ یا ۱۴ تاریخ کو ہوتا ہے) لہٰذا اس صورت میں زمین نیّرین یعنی شمس و قمر کے درمیان دیوار کی طرح حائل اور سُترہ بن جاتی ہے۔

نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ سارا جرمِ قمر یا جرمِ قمر کا کچھ حصہ زمین کے سایہ میں جو مخروطی شکل کا ہوتا ہے داخل ہو جاتا ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ زمین کے سایہ میں داخل ہونے والا جرمِ قمر

ولا یحدث الخسوف اِلّا فی وسط الشهر القمریّ ای لیلۃ ۱۳- اولیلۃ ۱۴ منہ

وذلك لاختصاص الاستقبال بوسط الشهر القمریّ

ثم اعلم انّ زمانَ بقاء الکسوف اقلُّ من زمان بقاء الخسوف ٭

بے نور ہوجاتا ہے۔ یہی ہے چاند گرہن۔

اگر سارا چاند ظلِّ ارضی میں داخل ہوجائے۔ تو یہ خسوفِ کلّی کہلاتا ہے۔ اور اگر اُس میں چاند کا صرف کچھ حصہ داخل ہوجائے تو یہ خسوفِ جزئی ہے۔

مخروط گاجر اور مُولی والی شکل کو کہتے ہیں جس کا ایک سِرا تو گول ہوکر موٹا ہوتا ہے۔ اور بتدریج باریک ہوکر دوسری جانب کا سرا ایک نقطہ پر ختم ہوجاتا ہے۔

قولہ ولا یحدث الخسوف الخ۔ یعنی خسوفِ قمر قمری ماہ کے وسط میں بالفاظِ دیگر قمری ماہ کی ۱۴ یا ۱۳ تاریخ کو واقع ہوسکتا ہے۔ گاہے ۱۵ تاریخ کو بھی واقع ہوتا ہے۔ اِن تاریخوں کے علاوہ کسی اور تاریخ میں چاند گرہن کا وقوع ناممکن ہے۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ خسوفِ قمر جیسا کہ آپ کو معلوم ہوگیا بوقتِ استقبالِ نیّرین واقع ہوتا ہے۔ اور نیّرین کا استقبال قمری ماہ کے وسط میں مذکورہ صدر تاریخوں کے ساتھ مختص ہے۔ کسی اور تاریخ میں استقبال ناممکن ہے۔

اسی وجہ سے خسوفِ قمر بھی قمری ماہ کی وسط کی مذکورہ صدر تاریخوں کے ساتھ مختص ہے۔

قولہ ثم اعلم انّ زمان الخ۔ یعنی کسوفِ شمس کا زمانۂ بقا خسوف کے زمانہ

بقاء کے مقابلے میں بہت کم ہوتا ہے۔ حتیٰ کہ کسوفِ کلی کا زمانہ بقاء کسی ایک مقام میں زیادہ سے زیادہ ۷ یا ۸ منٹ ہوتا ہے۔ اس کے برخلاف خسوفِ قمر کئی گھنٹوں تک باقی رہتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب ایک علاقہ میں خسوف نظر آتا ہے تو وہی خسوف زمین کے اکثر حصوں میں بھی نظر آتا ہے۔ کیونکہ وہ دیر تک قائم رہتا ہے جب کہ کسوفِ شمس کا معاملہ ایسا نہیں ہے۔

فصل

فی المذنّبات و الشُّهُب

○ تدور فی النظام الشمسی سوی السیّارات التسع

قولہ فی المذنّبات والشهب الخ. فصلِ ھٰذا میں دُمدار تاروں اور شہابوں کا بیان ہے۔ مُذنّبات جمع ہے مُذنّب یا مذنّبة کی۔ مذنّب بصیغہ اسم مفعول از باب تفعیل کا معنی ہے دُم دار تارہ۔

اوپر فضا میں گاہے گاہے لمبی دُم والے سیّارے نظر آتے ہیں۔ یہی دُمدار سیّارے ہیں۔ شُہُب جمع ہے شہاب کی۔ کبھی رات کو فضا میں آپ نے دوڑتا ہوا شعلہ دیکھا ہوگا۔ یہی شہابِ ثاقب ہے۔

قولہ تدور فی النظام الشمسی الخ۔ پہلے آپ کو معلوم ہوگیا ہے کہ نظامِ شمسی میں نو سیّارے اور چالیس سے زیادہ چاند گردش کرتے رہتے ہیں۔

والاقمار المذکورة نوعان آخران من الاجسام النوعُ الاوّلُ المذنّبات والنوعُ الثانی الشُّھُب الثاقبۃُ اَمّا المذنّبات فھی اَجرامٌ ملتمعۃٌ کبیرۃُ الاحجام جدًّا قلیلۃُ المادّۃ ولطیفتھا یکون لکلّ واحدٍ منھا رأسٌ کبیرُ الحجمِ وذنبٌ یتّصل بالرأس

عبارتِ ھٰذا میں یہ بتایا گیا ہے کہ نظامِ شمسی میں سیاراتِ تسعہ و اقمار (چاند) کے علاوہ دو قسم کے اجسام اور بھی متحرک ہیں۔ قسمِ اوّل دُم دار سیارے ہیں اور قسمِ ثانی شہبِ ثاقب ہیں۔ ثاقب کا معنی ہے روشن۔ چمکدار۔

قولہ اَمّا المذنّبات فھی الخ۔ عبارتِ ھٰذا میں دُم دار تاروں کا بیان ہے۔ حاصلِ مرام یہ ہے کہ دُم دار تاروں کی حقیقت و ماہیت یہ ہے کہ وہ نہایت بڑے حجم و جسامت والے چمکدار اجسام ہیں۔ بظاہر اگرچہ وہ بڑے حجم والے نظر آتے ہیں۔ لیکن ان کا مادہ ٹھوس نہیں ہوتا۔ بلکہ اُن کا مادہ نہایت قلیل اور لطیف ہوتا ہے۔

ماہرین کہتے ہیں کہ دُم دار تاروں کا مادہ خصوصًا ان کی دُم کا مادہ بادل سے بلکہ ہوا سے بھی لطیف تر ہوتا ہے۔ کیونکہ جب وہ کسی ستارہ کے مقابلہ میں اور سمت میں واقع ہوتے ہیں، تو اُن کے مادے کے بیچ میں سے پچھلا تارہ ہمیں چمکتا ہوا نظر آتا ہے۔ حالانکہ بادل جب کسی ستارہ کی سمت میں آجائے تو ستارہ بادل کی وجہ سے ہماری آنکھوں سے پوشیدہ ہو جاتا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ دُم دار کا مادہ بادل سے لطیف تر ہوتا ہے۔

